# نواقض وضو

## (۱)بدن سے خالص پانی نکلنے پر وضو کا حکم:

سوال: اگر بدن کے کسی حصہ سے خالص پانی نکل آئے، جوخون یا پیپ سے مخلوط نہ ہو، تو کیا اس سے وضو ٹوٹتا ہے؟

الجواب

اگر یہ نکلا ہوا مواد یقیناً خالص پانی ہو جوخون یا پیپ سے مخلوط نہ ہوتو اس کے نکلنے سے وضو پر کوئی اثر نہیں پڑتا (وضو درست رہے گا)۔

''**قال الحسن بن عمار**[۲]**:وعن الحسن أن ماء النفطة لاينقض**''. (مراقی الفلاح،فصل فی نواقض الوضوء: ص ۴۸) (۲) (فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۵۱۷و۵۱۸)

## زکام کی حالت میں ناک سے بہنے والی رطوبت ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: ایک مسئلہ کے متعلق متعدد کتب کو دیکھا مگر اطمینان نہیں ہوا، جناب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں جناب کی نظر وسیع میں اگر اس کے متعلق کہیں تصریح ہوتو تحریر فرما کر ممنون فرماویں، نیز اپنی رائے عالی سے بھی مطلع فرماویں، حضرت اقدس سے بھی اگر دریافت فرمایا جاوے تو نور علی نور، وہ یہ ہے کہ حالت زکام میں ناک سے جو دماغی رطوبات بصورت سیلان نکلتے ہیں آیا ناقض وضو ہیں یا نہیں اور نجس ہیں یا نہیں، فقہا کی عبارت سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ ناقض وضو ہے۔

**ثم الجرح والنفطة وماء الثدی والسرةوالأذن إذاكان لعلة سواء علی الأصح آه.** (فتح القدیر: ص ۳۴ ج ۱ ،البحر الرائق: ص ۳۲ ج ۱ ،فتاویٰ هندیة: ص ۱۰ ج ۱ ) **ولافرق بین الرمدوغیره من الأوجاع ولابین مامن العین أوغیرها،بل كل مایخرج من علة من أی موضع كان كالأذن**

(۱) نواقض وضو سے مراد یہ ہے کہ وضو کرنے کے بعد بدن کے حصہ سے کوئی نجس چیز نکلے یا وضو کرنے والا سو جائے یا پاگل ہو جائے یا بے ہوش ہو جائے تو وضو ختم ہو جائے گا، اس وضو سے نماز وغیرہ عبادات ادا نہیں کی جاسکتی ہے۔(طہارت کے احکام ومسائل:۱۲۲۔انیس)

(۲) قال ابن نجیم :وعن الحسن أن ماء النفطة لاینقض.(البحر الرائق،بحث الوضوء: ج ۱ ص ۳۲)

والثدی والسرۃونحوھافإنه ناقض علی الأصح لأنه صدید،آہ. (کبیری:ص ۱۳۱)وفی التبیین: والقیح الخارج من الأذن أوالصدید إن کان بدون الوجع لاینقض ومع الوجع ینقض لأنه دلیل الجرح ،روی ذلک عن الحلوانی آہ وفیه نظربل الظاهرإذاکان الخارج قیحاً أوصدیداً ینقض سواء کان مع وجع أوبدونه لأنهمالایخرجان إلامن علة،نعم هذاالتفصیل حسن فیماإذاکان الخارج ماءً لیس غیر،آہ.(البحرالرائق:ج ۱ ص ۳۲)

صاحب بحر کی اس نظیر سے بھی بظاہر ناقض ہی معلوم ہوتا ہے،علامہ شامی، فتح القدیر اور بحرالرائق کی عبارت: ’’ثم الجرح والنفطة‘‘ الخ، کے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:وفیه اشارة الی أن الوجع غیر قید بل وجود العلة کافٍ. (رد المحتار ،ص۱۰۴ج۱)لغویین اور اطبا کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ زکام کی حالت میں دماغ میں کوئی جرح یا قرحہ نہیں ہوتا ہے،جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ پانی صدید وقیح تو نہیں،الزکام بالضم والزکمة تجلب فضول رطبة من بطنی الدماغ المقدمین الی المنخرین. (قاموس)اس کے قریب قریب اطبا نے بھی یہی تعریف زکام کی، کی ہے،جس سے بصراحت معلوم ہوتا ہے کہ یہ صرف رطوبات فاضلہ ہیں،صدید وقیح نہیں۔

فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم ص ۳۷ میں ہے: ’’الجواب‘‘ آنکھ دکھنے میں جو پانی نکلتا ہے پاک ہے اگرچہ بعض علما نے ناپاک کہہ دیا ہے،لیکن تحقیق کے خلاف ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔اس کلام وجواب سے معلوم ہوتا ہے کہ زکام کا پانی بھی ناپاک نہیں ہے ورنہ مابہ الفرق کیا ہے، نیز یہ جواب بعض فقہا کی عبارات کے خلاف ہے۔وعلی هذاقالوا:من رمدت عینه وسال الماء منهاوجب علیه الوضوء،آہ.(فتح القدیر جلد ۱ ص ۳۴)

ان عبارات کو ملاحظہ فرما کر قول فیصل تحریر فرماویں؟

الجواب

قال فی الدر:ولاینقضه قیٔ من بلغم علی المعتمد أصلاً،آہ.

قال الشامی:أی سواء کان صاعداًمن الجوف أونازلاًمن الرأس ،خلافاً لأبی یوسفؒ فی الصاعد من الجوف والیه أشار بقوله علی المعتمد،آہ.(جلد ۱ ص ۱۴۳)

قلت:أطلق فی النازل من الرأس فشمل المزکوم وغیره.وفی مراقی الفلاح:و ینقضه قیٔ طعام وماء وان لم یتغیر أوعلق أومرة اذاملأ الفم لتنجسه بمافی قعرالمعدة،آہ.قال الطحطاوی: قوله وان لم یتغیرأشاربه الی أنه لافرق بین أنواع القیئی سواء قاء من ساعته أم لا وقال الحسن: اذاتناول طعاماًأوماءً ثم قاء من ساعته لاینتقض وضوئه وقال الزاهدی:ومحل الاختلاف إذا وصل الی معدته ولم یستقرأمالوقاء قبل الوصول وهوفی المرئی فانه لاینقض اتفاقاً،آہ. (ص۵۲)

قلت: وظاهر أن ماء الأنف انما ينزل من الرأس ولايصعدمن المعدة فلاينقض اتفاقا وفيه أيضاً.(ص ۵۵)وهو(أى البلغم) طاهر،آه.

قال الطحطاوى:أى عند همامطلقاًلأنه بزاق حقيقةً والبزاق طاهر لأن الرطوبةترقى أعلى الحلق فتصيربزاقاًوفى أسفله تغلظ فتصيربلغماًفلم يخرج من المعدة،آه.

قلت:ولما كان ذلك حقيقةالبلغم فله حكم البزاق سواء سال من الأنف أومن الفم وفى الخلاصة:وان قاء بلغماًان نزل من الرأس فهوكالبزاق وان صعد من الجوف فكذلك عند هماوقال أبويوسفؒ ينقض ان كان ملأالفم،آه.(ص۵۱ ج۱)

وفى مراقى الفلاح مع الطحطاوى أيضاًعن الجوهرة:الماء الصافى اذا خرج من النفطة لاينقض،وفى التبيين: ولوكان بعينه رمد أوعمش يسيل منها الدموع قالوا: يؤمر بالوضوء لوقت كل صلوٰةلاحتمال أن يكون صديداً أوقيحاً،قال العلامة الشلبى فى حاشية عليه: قال الشيخ كمال الدين فى فصل المستحاضة:أقول هذا التعليق يقتضى أنه امراستحباب فان الشك والاحتمال فى كونه ناقضاً لايوجب الحكم بالنقض اذاليقين لايزول بالشك (الى أن قال)ومما يشهد لهذا(أى لكونه أمر استحباب)مافى الشرح الزاهدى عقيب هذه المسئلة،وعن هشام فى جامعه: ان كان قيحاً فكالمستحاضة والافكالصحيحة وأما قولهم: ماء الجرح والنفطة وماء السرةوالثدى والعين والأذن ان كان لعلةسواء "ينبغى أن يحمل على ماإذا كان الخارج من العين متغيرابسبب ذلك،آه.(ص۱۵)

قلت :ومابنزل من الماء فى الزكام ليس لعلة جرح أوقرحة كمالا يخفىٰ ومع ذلك فهو ماء صاف ليس بمتغير فكان كماء العين الصافى فلا ينقض ولايكون نجساً وقال البدرالعينى فى شرح البخارى له تحت حديث وماتنخم النبى صلى اللّٰه عليه وسلم النخامة الاوقعت فى كف رجل منهم فدلك بها وجهه وجلده:مانصه بيان استنباط الأحكام، منها:الاستدلال على طهارة البصاق والمخاط قال ابن بطال:وهو أمر مجمع عليه لانعلم فيه خلافاً الامارو ى عن سلمان ؓ أنه جعله غير طاهر وأن الحسن بن حى: كرهه فى الثوب و عن الأوزاعى: أنه كره أن يدخل سواكه فى وضوءه وقال بعض الشراح: ماثبت عن الشارع من خلا فهم فهوالمتبع والحجة البالغة فلامعنى لقول من خالف،آه.(ص ۹۴۵ ج۱)

وقال قبل ذلك بصفحة: والمخاط بضم الميم مايسيل من الأنف آه قلت :أطلقوافى طهارته ولم يقيدوه بغير المزكوم فهوطاهرمطلقاًوذكرفى البحر:وألحقوابالقئ ماء فم النائم اذاصعد من الجوف(أى البطن)بأن كان أصفرأومنتناًوهومختار أبى نصر وصحح فى الخلاصة

طهارته وعندأبی یوسف :نجس، ولونزل من الرأس فطاهر اتفاقاً،آه.(ص۳۵)

وصرح قبل ذلک بطهارة المخاط النازل من الرأس ولوکان کثیراًفاحشاًوردعلی الخلاصة حیث ذکر فیه خلاف أبی یوسف وانما خلافه فی الصاعد من الجوف فلیراجع.

وقال قاضی خان: الماء اذااختلط بالمخاط أوبالبزاق جازبه التوضی ویکره،آه.(ص۱۰ ج۱)

أطلق فی المخاط ولم یقیده بغیرالمزکوم فلوکان مخاط المزکوم نجساًحدثاًلزم التقیید به والکراهةالتی ذکرهاللاستقذارعن مثل ذلک الماء طبعاً.

*بہرحال فقہا کی ان اطلاقات اور تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ رطوبات سائلہ من الانف مطلقاً طاہر ہیں،* الاأن یکون دماً. *واللہ اعلم*

تتمة الکلام :

ثم رأیت الشامی قد بحث عن المسئلة صراحةً فقال تحت قول الدر:وصاحب عذرمن به سلس البول أواستطلاق بطن( الی أن قال) وکذاکل ما یخرج بوجع ولومن أذن وثدی وسرة،آه.مانصه:ظاهره یعم الأنف إذازکم لکن صرحوا بأن ماء فم النائم طاهرولومنتناً فتأمل،آه.(ص۴۱۳ ج۱،باب المعذورین)

وفی التحریرالمختار:قوله لکن صرحوا بأن فم النائم الخ أی فمقتضی ماصرحوابه أن لایکون الزکام ناقضاًبالأولیٰ لانبعاثه من الرأس الذی لیس محل النجاسة وانبعاث الأول من الجوف الذی هومحلها لکن یفرق بینهما بأن الزکام خارج بعلة بخلاف ماء فم النائم ولومنتناً،آه.(ص۳۹ ج۱)

قلت:إن أرادبالعلةمطلق المرض فوجوده فی الزکام مسلم ونفیه عن ماء فم النائم ممنوع لأن الماء لایسیل عن فم النائم الالعلة فی جوفه کحدوث الدید ان فیه ونحوه وإن أرادبها الجرح والقرح فنفیه عن ماء فم النائم مسلم ولانسلم وجوده فی الزکام فان حقیقته تجلب الفضول الرطبة من بطنی الدماغ المقدمین الی المنخرین وتجلب الفضول من بطنی الدماغ المقدمین إلی الحلق ویسمی نزلة کذافی الکشاف للتهانوی.(ص۶۱۹ ج۲)

وسببه حرارة الدماغ أوبرودته طبعیتین کانتاأوعارضتین کما فی شرح الأسباب ولم یقل أحد:ان سببه جراحة فی الدماغ أو قرحة فیه والظاهر أن المراد بالعلة فی کلام الفقهاء الجرح لامطلق المرض والا لزم کون الدمع ناقضاً أیضاًلاسیما من ضعیف القلب فانه لایبکی الا لعلة فی قبله وکذا ریق من کان مبتلی بکثرة سیلانه کمایشاهد فی کثیر من الناس وفیه مخالفة للنصوص الدالة علی طهارته مطلقاً وعلیه الاجماع کما مروأیضاً فیه من الحرج مالایخفیٰ وهومدفوع بالنص:﴿مَاجَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ﴾.فالصحیح أن ماء فم النائم والزکام

سواء بل عدم النقض في الثاني أولىٰ كماذكره في التحرير أولًا وأيضاًفاطلاق المتقدمين بطهارة النازل من الرأس وعدم تعرضهم لبيان الخلاف فيه وذكرهم ذلك فيمايصعد من الجوف من البلغم يرد هذا البحث ويستأصله فلوكان في الزكام وسوسةمالماسكتواعنه وقد ورد في الحديث عن سلمة بن الأكوعؓ :أنه سمع النبي صلى الله عليه وسلم وعطس رجل عنده فقال له: يرحمك الله ثم عطس أخرى فقال: الرجل مزكوم،رواه مسلم وفي رواية للترمذي:أنه قال: في الثالثة انه مزكوم،آه ولم يأمره النبي صلى الله عليه وسلم بالاحتراز عما يخرج من أنفه وعن أبي هريرةؓ قال شمت أخاك ثلاثاً فإن زادفهو زكام،رواه أبوداؤد وقال: لاأعلمه إلا أنه رفع الحديث الى النبي صلى الله عليه وسلم كذافي المشكوٰة.(ص ۴۰۶)

ولم يردفي نص ماأنه أمره بالاجتناب عن ماء زكامه فالظاهرماقلناأنه طاهروليس بنجس ولاناقض وروى الشيخان عن أبي هريرةؓ مرفوعاً "إن الله يحب العطاس ويكره التثاؤب" كما فيه أيضاً.(ص مذکور)

ولايخفىٰ كثرة العطاس في الزكام فلوكان ناقضاًونجساًلم يكن محبوباًمطلقاًبل ذكرله الشارع حداً معلوماً وإذليس فالقول بنجاسة ماء الزكام وبكونه ناقضاً للوضوء خلاف النصوص والله تعالىٰ أعلم

حرره الأحقرظفرأحمدعفاالله عنه، از تھانہ بھون ۲۴ / جمادی الاُولیٰ ۱۳۴۵ھ

نعم التحقيق وبالقبول حقيق. اشرف علی عفی عنہ ۲۴ / جمادی الاولیٰ ۱۳۴۵ھ۔ (امداد الاحکام جلد اول ص ۳۵۱ تا ۳۵۶)

## نزلہ، زکام کے قطرات نجس نہیں:

سوال: نزلہ کی شکایت مجھے عموماً رہتی ہے دوران مرض نماز میں خصوصاً رکوع وسجدہ کے دوران عموماً ناک سے اور کبھی آنکھوں سے بھی کپڑوں اور مسجد میں نزلہ، زکام کا پانی گرتا رہتا ہے اس بارے میں فتویٰ دیں؟

الجواب ——————— حامداًو مصلياً

ایسی حالت میں رومال یا تولیہ سامنے رکھ لیا جائے تاکہ ناک سے جو نزلہ کے قطرات گریں وہ فرش مسجد پر نہ گرے اگرچہ نزلہ کے قطرات گرنے سے وضو یا نماز میں نقصان نہیں آتا۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۶/ ۸۸ھ

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۶/ ۸۸ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۷۳/۵)

(۱) فأماالإنسان فمايخرج منه علىٰ ثلاثة أقسام قسم منه طاهر وبخروجه لاينتقض الوضوء وإن أصاب شيئاً لاينجسه وهوعشرة أشياء :وسخ الأذن ودموع العين والمخاط والبزاق ،الخ.(النتف في الفتاوىٰ: ۲۶ ،مايخرج من الإنسان، سعيد،وكذافي حاشية الطحطاوي علىٰ مراقي الفلاح: ۱۶۳ ،قديمي،وكذافي البدائع: ۱/ ۳۶۲،مطلب نجاسة منى،دارالكتب العلميةبيروت،وكذافي البحرالرائق: ۱/ ۱۷۴ ،كتاب الطهارة،رشيديه)

## بلغم نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: شخصے از مدت چار سال بعارضۂ سرفہ مبتلا ست پس بخروج بلغم کہ ہیچ خون دراں نیست وضو شکستہ میشود یانہ؟(۱)

الجواب

ازخروج بلغم مذکور وضونمی شکند کما ہو مصرح بہ فی کتب الفقہ۔ فقط

(حاصل جواب یہ ہے کہ بلغم سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ ظفیر)(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۴۲)

## ہونٹوں سے صاف پانی نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر شفتین سے صاف پانی نکل جائے جو مختلط بالدم یا قیح نہ ہو، نہ صدید ہو، تو کیا یہ پانی ناقض وضو ہے؟ بینوا توجروا۔

**(المستفتی:** پیر محمد جندری کرک، یکم شعبان ۱۴۰۳ھ)

الجواب

اگر اس خارج کا ماء صافی ہونا متیقن ہو تو اس سے وضو نہیں جاتا رہے گا۔ **کما فی مراقی الفلاح .**(۳)**واللّٰہ أعلم**

(فتاویٰ دیوبند پاکستان، المعروف بہ فتاویٰ فریدیہ جلد دوم:۵۰)

## آنکھ کے پانی کا حکم:

سوال: بہشتی زیور حصہ اول نواقض وضو کے ذیل میں لکھا ہے کہ اگر آنکھیں اُٹھی ہوں اور کھٹکتی ہوں تو پانی بہنے اور آنسو نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اگر آنکھیں نہ آئی ہوں، اس میں کچھ کھٹک ہو تو آنسو نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، آگے چل کر بطور قاعدہ کلیہ درج ہے کہ جس چیز کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ چیز نجس ہوتی ہے، ایسی صورت میں جب بچوں کی آنکھیں دکھتی ہوں اور ان کی آنکھوں کا پانی اکثر ماں وغیرہ کے کپڑوں کو تر کر دیتا ہے، کیا اس کپڑے کو بغیر دھوئے نماز جائز ہے یا نہیں؟

(۱) ایک شخص عرصہ چار سال سے سرفہ کے مرض میں مبتلا ہے، تو بلغم نکلنے کی وجہ سے جس میں خون کچھ نہیں ہوتا، وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ انیس۔

(۲) لاینقضہ قئ من بلغم علی المعتمد أصلاً. (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار، نواقض الوضوء: ۱/۱۲۸) ظفیر)

(۳) قال العلامة الطحطاوی: إن ماء النفطة لاینقض، وفی الجوهرة عن الینابیع: الماء الصافی إذا خرج من النفطة لاینقض. (الطحطاوی علی مراقی الفلاح: ص۴۸، فصل فیما ینقض الوضوء.)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

اس مسئلہ میں ایک قول یہ ہے جو بہشتی زیور میں منقول ہے اور قاعدہ مذکورہ بھی صحیح ہے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ آنکھیں دکھنے والے کی آنکھ سے جو پانی نکلے وہ ناقض وضو نہیں ہے اور اس صورت میں وہ نجس بھی نہ ہوگا، حسب قاعدہ مذکورہ۔ شامی میں منیہ سے منقول ہے:

**وعن محمدؒ اذا كان في عينيه رمد وتسيل الد موع منها امره بالوضوء لوقت كل صلوٰة لأني أخاف أن يكون ما يسيل منها صديداً فيكون صاحب العذر، آه. قال في الفتح: وهذا التعليل يقتضى أنه أمر استحباب فان الشک والاحتمال لايوجب الحكم بالنقض إذاليقين لايزول بالشک، الخ.** (شامی)(۱)

پس اس تحقیق کی بنا پر وہ پانی جو دکھتی آنکھ سے نکلے جب تک متغیر نہ ہو مثلاً اس میں سرخی وغیرہ نہ ہو بلکہ صاف پانی ہو تو وہ ناقض وضو نہ ہوگا اور نجس بھی نہ ہوگا۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۴۳و۱۴۴)

## آنسو نکلنے سے وضو کا حکم:

وضو کے بعد کسی جذبہ کے تحت آنکھوں سے آنسوں رواں ہو گئے تو ایسی حالت میں وضو باقی رہے گا یا کہ ٹوٹ جائے گا؟

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

باقی رہے گا۔ (۲) فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند سہارنپور۔ ۲۱/۷/۱۳۸۵ھ

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، محمد جمیل الرحمان مفتی دارالعلوم دیوبند۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ جدید: ۱/۱۵۵)

## آنکھ سے پانی گرنا ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: عام کتب فقہ میں مرقوم ہے کہ آنکھ اٹھی ہو، یا اس میں کوئی ضرب لگنے سے یا مٹی وغیرہ پڑ جانے سے یا آنکھ میں درد پیدا ہو جانے سے، یعنی ہمہ صورتوں میں جب درد پیدا ہونے سے پانی آجاوے گا تو وہ نجس ہے اور ناقض وضو ہے اور حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ کا فتویٰ فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم میں صفحہ ۲۷، پر عدم ناقض وضو مرقوم ہے۔ آنکھ دکھنے میں جو پانی نکلتا ہے پاک ہے، اگرچہ بعض نے ناپاک کہہ دیا۔ لیکن خلاف تحقیق ہے۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

آنکھ دکھنے میں جو پانی نکلتا ہے اس میں تحقیقی قول وہی ہے جو حضرت مولانا رشید احمد صاحب قدس سرہ نے ارقام

---

(۱) ردالمحتار، نواقض الوضوء: ۱/۱۳۷۔ ظفیر۔

(۲) کیوں کہ ... آنکھ سے آنسو بہنے یا گندگی یا کیچڑ نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔ (طہارت کے احکام ومسائل: ۱۳۳۔ انیس)

فرمایا ہے۔(۱)اس مسئلہ کی بحث درمختار وشامی جلد اصفحہ ۱۳۷ میں اس طرح کی ہے کہ صاحب درمختار نے یہ لکھا ہے کہ وہ پانی نجس اور ناقض وضو ہے۔عبارت اس کی یہ ہے کہ!**فـدمـع من بعينيه رمدأوعمش ناقض الخ**. (۲)اس پر علامہ شامی نے امام ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق یہ نقل کی ہے کہ ایسی صورت میں وضو کا امر استحباباً ہے وجوباً نہیں ہے جیسا کہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے،پس معلوم ہوا کہ وہ پانی ناقض وضو نہیں ہے۔عبارت شامی کی یہ ہے:

**قـولـه ناقض الخ قال في المنية وعن محمدرحمه اللّٰه:إذا كان في عينه رمد وتسيل الدموع منها اٰمره بالوضوء لوقت كل صلاة لأني أخاف أن يكون ما يسيل منها صديداً فيكون صاحب العذر،آه.** (۳)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام ابن ہمام رحمۃ اللہ کی تحقیق یہ ہے کہ وہ ناقض وضو نہیں۔اور یہ موافق قواعد شرعیہ کے ہے یہی راجح ہے۔(۴) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۳۴و۱۳۵)

## آنکھ دکھنے میں جو آنسو نکلتے ہیں اس کے مطلقاً ناقض وضو ہونے میں اختلاف ہے:

**سوال:** آنکھ دکھنے میں جو آنسو نکل آتے ہیں وہ پاک ہیں یا نہیں؟

الجواب

درمختار میں لکھا ہوا ہے کہ وہ آنسو یا پانی وغیرہ جو دکھتی آنکھ سے نکلے ناقض وضو ہے تو اس سے نجس ہونا معلوم ہوتا ہے مگر صاحب فتح القدیر کی تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ جب تک پیپ ہونا اس کا ظاہر نہ ہو ناقض وضو نہیں۔

**كما قال الفقهاء:ماليس بحدث ليس بنجس واللّٰه تعالىٰ أعلم.** (عزیز الفتاویٰ:۱/۱۸۰،۱۸۱)

---

(۱) دکھتی آنکھ سے جو پانی نکلے وہ ناقض وضو نہیں:

سوال: آنکھ دکھتی ہوئی میں جو ڈھیڑ آجاتا ہے تو زید کہتا ہے کہ اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔کیوں کہ یہ خون سے بنتا ہے۔زید کا قول صحیح ہے یا نہیں؟(مرسلہ میانجی عبدالرحمٰن صاحب سہنسپور ضلع بجنور)

الجواب

آنکھ دکھنے میں جو پانی نکلتا ہے پاک ہے اگرچہ بعض نے ناپاک کہہ دیا ہے۔لیکن تحقیق کے خلاف ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ رشیدیہ کامل:ص ۲۳۷)انیس)

(۲) **الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الطهارة، نواقض الوضوء:**۱/۱۳۷،ظفیر۔

(۳) **ردالمحتار كتاب الطهارة،نواقض الوضوء:**۱/۱۳۷۔ظفیر۔

(۴) **قال في الفتح:وهذاالتعليل يقتضي أنه أمر استحباب فإن الشك والاحتمال لايوجب الحكم بالنقض إذاليقين لايزول بالشك نعم إذاعلم بإخبار الأطباء أوبعلامات تغلب ظن المبتلىٰ يجب الخ وقداستدرك في البحرعلى مافي الفتح بقوله: لكن صرح في السراج بأنه صاحب عذرفكان للإيجاب ويشهدله قول المجتبىٰ ينتقض وضوئه.** (ردالمحتار،نواقض الوضوء :۱/۱۳۷)اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ اختلاف کی بنیاد پانی پر ہے کہ وہ مرض کی وجہ سے آرہا ہے اور وہ پیپ ہے یا یوں ہی آرہا ہے۔واللہ اعلم۔محمد ظفیر الدین غفرلہ

## درد کی وجہ سے آنکھ سے پانی آنا ناقض وضو ہے:

سوال: آنکھوں سے جو پانی درد کے ساتھ برآمد ہو وہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب

درمختار میں ہے: (وإن خرج به) أی بوجع (نقض) الخ. (۱)

یعنی درد کے ساتھ آنکھوں سے پانی نکلنا ناقض وضو ہے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۴۱)

## سرمہ کی تیزی یا اس کی سلائی کی چوٹ سے جو پانی نکلے وہ ناقض وضو نہیں:

سوال: سرمہ کی تیزی یا سلائی کی چوٹ سے جو پانی آنکھ سے نکلتا ہے وہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب

ناقض وضو نہیں ہے۔ (۲) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۳۶)

## آنکھ یا کان وغیرہ سے نکلنے والی اشیا کا ناقض ہونا:

سوال: کان، ناک، ناف، آنکھ، پستان وغیرہ سے نکلنے والی اشیا سے نقض وضو ہوگا یا نہیں؟

الجواب

اگر ان جگہوں میں درد ہے تو ایسی صورت میں مرض کی وجہ سے جو کچھ نکلے گا تو وضو باقی نہ رہے گا اور اگر درد نہیں ہے تو ناقض وضو نہیں۔

شرح منیہ میں حلبیؒ بیان فرماتے ہیں:

**روی عن محمدؒ أنه قال: الشیخ إذا کان فی عینیه رمد و تسیل الدموع منهما أی من عینیه اٰمره (فعل مضارع عن مقول محمدؒ) بالوضوء لوقت کل صلوٰة أی کسائر أصحاب الأعذار لأنه أخاف أن یکون مایسیل صدیداً فیکون صاحب عذر ولا فرق فی ذلک بین الشیخ والشاب إلا أنه ذکر الشیخ باعتبار الأکثر ولا فرق بین الرمد وغیره من الأوجاع بل کل مایخرج من العلة**

(۱) الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار: نواقض الوضوء: ۱/۱۳۷. ظفیر

یہ امر استحبابی ہے، اس لیے وضو کرنا چاہیے۔ انیس

(۲) کما لاینقض لو خرج من أذنه ونحوها کعینه وثدیه قیح ونحوه کصدید وماء سرة وعین لا بوجع وإن خرج به أی بوجع نقض لأنه دلیل الجرح فدمع من بعینه رمد أو عمش ناقض فإن استمر صار ذا عذر (درمختار) قوله لا بوجع تقیید لعدم النقض بخروج ذلک الخ. (رد المحتار کتاب الطهارة نواقض الوضوء: ۱/۱۳۷۔ ظفیر)

**مع وجع سواء كان من العين أو الأذن أو السرة أو الثدى أو نحوها فإنه ناقض على الأصح لأنه صديد بخلاف ما إذا كان بدون وجع ، انتهى.** (۱) (فتاویٰ مولانا عبدالحیٔ، ص: ۱۹۵)

## کان کا میل نکالنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: باوضو آدمی کان کی کھجلی کی وجہ سے انگلی سے کھجلی کرے اور کان کا موم انگلی پر لگے اور انگلی کو اپنی قمیص سے صاف کرے تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ نیز قمیص پر موم لگنے سے وہ قمیص پاک رہے گی یا نہیں؟

الجواب

کان کے میل سے وضو نہیں ٹوٹتا، البتہ کان بہتے ہوں اور کان میں انگلی ڈالنے سے انگلی کو پانی لگ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲) اور وہ پانی بھی نجس ہے۔ (۳) (آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد سوم: ۹۳)

## کان سے نکلا ہوا گندہ پانی ناقض وضو ہے:

سوال: زید کو تقریباً دس سال کے عرصہ سے اب تک جب کہ عمر بیس سال کی ہو چکی ہے کان سے گندہ پانی نکلتا ہے اور کبھی کبھی سال میں درد بھی ایک دو روز کے لیے ہو جاتا ہے لیکن پانی ہمیشہ نکلتا رہتا ہے تو اس سے اس کا وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ اسے معذور قرار دیا جائے گا یا نہیں؟ کیوں کہ وہ پنج وقتہ امامت بھی کرتا ہے تو اس کی امامت درست ہے یا نہیں؟ تراویح پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ وضو کرتے وقت کان کو اچھی طرح سے صاف کر لیتا ہے، گھنٹہ دو گھنٹہ کے بعد روئی اگر کان میں نہیں رکھتا ہے تو کان سے گندہ پانی نکل آتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً

جو گندہ پانی کان سے نکلتا ہے اور درد بھی کان میں کبھی کبھی ہوتا ہے وہ ناقض وضو ہے اگر وہ شرعاً معذور ہے تو اس کی امامت درست نہیں ہے اور اگر غیر معذور ہے یعنی اس کو اتنا وقت ملتا ہے کہ باوضو نماز شروع کرے اور بغیر پانی نکلے نماز ادا کرے تو نماز امام اور مقتدیوں کی، سب کی درست ہوگی۔ کبیری، شامی اور عالمگیری میں تفصیل مذکور ہے۔ (۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۳/۳/۱۳۹۳ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۵-۶۶)

---

(۱) منیة المصلی بیان نواقض الوضوء، ص: ۹۱، مکتبہ قادریہ لاہور۔ انیس

(۲) (كما لا ينقض لو خرج من أذنه) ونحوها كعينه وثديه (قيح) ونحوه كصديد وماء سرة وعين (لا يرجع وإن) خرج (به) أى بوجع نقض لأنه دليل الجرح... الخ، وفى الشامية: قال فى البحر: وفيه نظر بل الظاهر إذا كان الخارج قيحاً أو صديداً نقض سواء كان مع وجع أو بدونه لأنهما لا يخرجان إلا عن علة. (الدر المختار مع ردالمحتار ج: ۱/ص: ۱۴۷، مطلب فى ندب مراعات الخلاف.... الخ۔

(۳) كل ما يخرج من بدن الانسان ما يوجب خروجه الوضوء أو الغسل فهو مغلظ. (الفتاوىٰ الهندية: ۱/۴۶، الباب السابع فى النجاسة و أحكامها. انیس)

(۴) كل ما يخرج من علة من أى موضع كان كالأذن و الثدى و السرة و نحوها فإنه ناقض على الأصح... ==

## کان یا آنکھ میں سے پانی وغیرہ نکلے تو وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں:

سوال: اگر کان یا آنکھ میں درد و تکلیف ہو اور اس وقت کان یا آنکھ سے مواد یا پانی نکلے اور نکل کر باہر آ جائے تو یہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟ ایسی حالت میں نماز پڑھ لی ہو تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

الجواب

اگر کان یا آنکھ میں کچھ درد و تکلیف ہو اور اس وقت کان یا آنکھ سے مواد یا پانی خارج ہو اور ایسی جگہ تک آ جائے کہ جس کا وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جائیگا اور وضو کئے بغیر نماز پڑھنا صحیح نہ ہوگا پڑھی ہو تو اعادہ ضروری ہے اور اگر کچھ درد و تکلیف نہ ہو اور ایسے ہی پانی نکلے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ درمختار میں ہے:

**(لا ينقض لو خرج من أذنه)ونحوها كعينه و ثديه (قيح )ونحوه كصديدوماء سرة و عين (لا بوجع و إن خرج به )أى بوجع (نقض )لأنه دليل الجرح.** (درمختارمع الشامی:۱/۱۳۷)**فقط والله أعلم بالصواب**

(فتاویٰ رحیمیہ: ۷/۱۲۸و۱۲۹)

## ناک کی ریزش سے وضو:

سوال: ناک کی ریزش میں کوئی چیز منجمد آتی ہے جو پیپ کا سارنگ رکھتی ہے تو کیا اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ریزش میں انجماد ہو گیا اور سڑ گئی۔

الجواب حامداً و مصلیاً

اگر محض ریزش منجمد ہو گئی تو وہ ناقض وضو نہیں۔(۱) اگر پیپ ہے تو وہ ناقض وضو ہے کسی طبیب حاذق سے تحقیق کر لی جائے۔(۲) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور یوپی، الجواب صحیح: سعید احمد مفتی مظاہر علوم صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم ۲۶/۲/۶۴ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۵)

---

==... لأنه صديد.(الحلبي الكبير:۱۳۳ ،فصل في نواقض الوضوء، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(لاينقض لوخرج من أذنه)ونحوها كعينه وثديه(قيح)ونحوه كصديد وماء سرةوعين(لابوجع وإن)خرج (به)أى بوجع نقض لأنه دليل الجرح،الخ.(الدر المختار كتاب الطهارة مطلب فى ندب مراعاة الخلاف،آه : ۱/۱۴۷ سعيد)

الدم والقيح والصديد وماء الجرح والنفطة والسرة والثدى والعين والأذن لعلة سواء على الأصح ،كذافى الزاهدى ،ولوصب دهناً فى أذنه مكث فى دماغه ثم سال من أذنه ومن أنفه لاينقض الوضوء.(الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱/۱۰ كتاب الطهارة،نواقض الوضوء،رشيديه)

(۱) الرجل إذاانتثرفخرج من أنفه علق قدرالعدسة لاينقض الوضوء.(كذافى الخلاصة ،الفتاوىٰ العالمكيريه: ۱/۱۱ ،نواقض الوضوء،رشيديه ،وكذافى التاتارخانيه: ۱/۱۲۷ ،نواقض الوضوء،إدارةالقرآن، کراچی)

(۲) نعم إذاعلم أنه صديدأوقيح من طريق غلبة الظن بإخبار الأطباء أوعلامة تغلب علىٰ ظن المبتلىٰ يجب.(حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح:۸۸،قدیمی)

## گرمی دانہ کے پانی کا حکم:

سوال: موسم گرما اور برسات میں اکثر گرمی دانے نکل آتے ہیں اور کچل دینے سے ان سے پانی نکلتا ہے اس سے وضو تو نہیں ٹوٹتا؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــ باسم ملهم الصواب

اگر دانہ ٹوٹنے سے پانی ازخود نہیں بہا بلکہ ہاتھ یا کپڑا لگنے سے پھیل گیا تو وضو نہیں ٹوٹا اور اگر پانی زخم سے ابھر کر اوپر آگیا اور دانہ کے سوراخ سے زائد جگہ میں پھیل گیا مگر اوپر ابھرنے کے بعد نیچے نہیں اترا تو اس کے ناقض ہونے میں اختلاف ہے۔ راجح یہ ہے کہ ناقض نہیں۔

قال في العلائية: "لومسح الدم كلماخرج ولوتركه لسال نقض وإلالا، وقال ابن عابدينؒ: (قوله عين السيلان) اختلف في تفسيره ففي المحيط: عن أبي يوسفؒ: أن يعلو وينحدر وعن محمدؒ: إذاانتفخ على رأس الجرح وصار أكثر من رأسه نقض والصحيح لاينقض، آه. قال في الفتح: بعد نقله ذلک، وفي الدراية: جعل قول محمدؒ أصح ومختار السرخسيؒ الأول وهو أولىٰ، آه، أقول: وكذا صححه قاضيخانؒ وغيره وفي البحر تحريف تبعه عليه، فاجتنبه". (ردالمحتار: ۱/۱۲۵) فقط والله تعالىٰ أعلم

۱۹/رجب ۹۸ھ (احسن الفتاویٰ: ۲/۲۸-۲۹)

## گرمی دانوں سے نکلنے والی رطوبت سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں:

سوال: موسم گرما میں جو اکثر لوگوں کے بدن پر گرمی دانے نکلتے ہیں ان کے پھٹ جانے سے جو پانی نکلتا ہے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ وبالله التوفيق

اگر یہ پانی اتنا زیادہ ہے کہ گرمی دانوں کے اوپر سے متجاوز ہو کر بدن پر بہنے لگے تو ناقض وضو ہونا چاہئے ورنہ نہیں کیونکہ اس کا حکم بھی خون اور پیپ اور زخم کے پانی جیسا ہے۔

قال في الدرالمختار: وينقضه خروج كل خارج نجس بالفتح ويكسر منه أى من المتوضى الحى معتاداً أولا من السبيلين أولا إلى مايطهر، الخ.

وفي شرح الكبير للمنية ص۱۱۷ أيضاً: رطوبات البدن وأخلاطه لا يعطىٰ لها حكم النجاسة إلا بالانتقال (إلى قوله) ولا تكون منتقلة إلا بالتجاوز والسيلان ثم قال نفطة وهى الجدرى والبثرةقشرت فسال منهاماء خالص اجتذب من خارج والتأمت عليه أودم أوصديد (إلى قوله) إن سال عن رأس الجرح نقض، الخ. (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند یعنی امداد المفتین: ۲/۲۴۴)

## کھجلی کے دانوں کے پانی کا حکم:

سوال: کھجلی کے دانوں سے بعض اوقات مسلسل پانی بہتا ہے وہ نجس ہے یا پاک اور جس کپڑے پر وہ لگے وہ ناپاک قرار پائے گا یا نہ؟ اور اس پانی کے نکلنے سے جو پتلا پتلا نکلا کرتا ہے ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــ حامداًو مصلیاً

اگر وہ پانی اپنی جگہ سے بہہ جائے تو ناقض وضو بھی ہے۔(۱) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفر لہ دار العلوم دیو بند (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۱و۶۲)

## کیا پیشاب لگنے سے وضو واجب ہے:

سوال: کسی باوضو آدمی پر بچہ پیشاب کر دے، یا جانور کے پیشاب کی چھینٹیں پڑ جائیں تو کیا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا؟ یا کپڑا اور بدن کے اس حصہ کا دھولینا کافی ہوگا جہاں پیشاب لگا ہو؟ (محمد سیف اللہ، بابا نگر)

الجواب ــــــــــــــــــ

جس جگہ پیشاب لگ جائے اس کا دھو دینا کافی ہے، وضو کرنے کی ضرورت نہیں، وضو تو اس وقت ٹوٹتا ہے جب جسم کے اندر سے پیشاب خارج ہو، یا کوئی اور نجاست نکلے۔(۲) (کتاب الفتاویٰ: ۲/۴۴)

## روئی کی وجہ سے قطرۂ پیشاب باہر نہ آئے تو وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: متوضی نے بخوف قطرہ احلیل میں پنبہ دیا، بعدہ نماز میں یا خارج صلوٰۃ قطرہ کا نزول مثانہ سے ہوا مگر بوجہ پنبہ بیرون نہیں نکلا، تو اس صورت میں وضو باطل ہے یا نہیں؟

(۱) بخلاف نحو الدم والقيح ولذا أطلقوا في الخارج من غير السبيلين كالدم والقيح والصديد أنه ينقض الوضوء ولم يشترطوا سوى التجاوز إلى موضع يلحقه حكم التطهير. (ردالمحتار: ۱/۱۴۸، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف اذا لم يرتكب مكروه مذهبه، سعيد) والمعاني الناقضة للوضوء كل ما خرج من السبيلين والدم والقيح والصديد إذا خرج من بدن فتجاوز إلى موضع يلحقه حكم التطهير. (القدوری: ص۶، نواقض الوضوء، سعيد، وكذا في البحر الرائق: ۱/۵۹، مكتبه رشيديه، وكذا في غنية المستملي (الحلبي الكبير): ۱۲۷، نواقض الوضوء، سهيل اكيڈمی، لاهور) اور جس کپڑے پر لگ جائے وہ بھی نجس ہو جائے گا۔ (كل ما يخرج من بدن الإنسان ما يوجب خروجه الوضوء أو الغسل فهو مغلظ.... فإذا أصاب الثوب الأكثر من قدر الدرهم يمنع جواز الصلوٰة كذا في المحيط. (الفتاویٰ العالمكيريه: ۱/۴۶، كتاب الطهارة، الباب السابع في النجاسة وأحكامها، رشيديه)

(۲) وضو کے بعد اگر پاؤں سے نجاست کو روندے تو بھی وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ اگر نجاست لگ جائے تو اس کو دھو ڈالے۔ (طہارت کے احکام ومسائل: ۱۳۳) والمعاني الناقضة للوضوء كل ما خرج ... الخ. (مختصر القدوری: ص۶، نواقض الوضوء۔ انیس)

الجواب

اگر مثانہ سے قطرہ خارج ہوا اور باہر نہیں نکلا اور روئی کے باہر کے حصہ پر کوئی اثر تری کا نہیں آیا تو وضو نہیں ٹوٹا اور اگر روئی کے بیرونی حصہ پر اثر تری کا آ گیا تو وضو ٹوٹ جاوے گا۔ **کذافی الدر المختار**۔(۱)(فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۳۸)

## پیشاب کے ظاہر ہونے سے وضو ٹوٹتا ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عضو مخصوص کے سر میں جو سوراخ ہے اگر انسان اس کو کھولتا ہے تو کھل جاتا ہے تو یہ سوراخ داخل میں سے ہے یا خارج میں سے، نیز اگر بول اس سوراخ کو آ جاویں اور باہر نہ نکل جائے تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(**المستفتی**: محمد ابراہیم بلامبٹ تیمر گرہ ضلع دیر۔ ۲۵/ شوال/۱۳۸۹ھ۔)

الجواب

جب تک بول ظاہر نہ ہوا ہو تو وضو نہیں ٹوٹتا ہے اور جب سوراخ میں دیکھا جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے اگرچہ سائل نہ ہوا ہو۔ (شامی ص۱۲۴، ۱۲۵ جلد۱)(۲) وھو الموفق (فتاویٰ دیوبند پاکستان، المعروف بہ فتاویٰ فریدیہ جلد دوم:۵۷)

## درمیان نماز قطرہ آ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا:

سوال: نماز پڑھنے کی نقل وحرکت میں جب کہ قطرہ آ جاتا ہے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ اور اب پھر وضو کر کے اپنی بقیہ نماز ادا کی جاوے، یا نماز کی ضرورت نہیں ہے اور کپڑے کو بدل دے یا اسی سے نماز ادا کرے، جب کبھی ایسا موقع ہوا ہے تابعدار نے نہ وضو دوبارہ کیا ہے، نہ پائجامہ بدلا ہے، یہ شبہ ابھی تک قائم ہے اور خیال ہوتا ہے کہ نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ لہذا امیدوار ہوں کہ مفصل جواب سے مطلع کیا جاؤں؟

الجواب

وضو ٹوٹ جاتا ہے، اس لئے دوبارہ کیا جاوے، پھر خواہ برعایت شرائط بنا کی جاوے یا نماز دوبارہ پڑھ لی جاوے اور روپیہ کے پھیلاؤ میں کپڑا نجس ہو گیا ہے تو اس کو بھی بدلنا ضروری ہے، اس میں نماز نہ ہوگی اور اگر روپیہ کے برابر نجاست نہ لگی ہو تو اسی کپڑے میں نماز ہو جاوے گی، مگر عمداً اتنی ناپاکی کا بھی کپڑے میں رکھنا مکروہ تحریمی

---

(۱) کما ینقض لو حشا إحلیله بقطنة وابتل الطرف الظاهر الخ وإذا ابتل الطرف الداخل لاینقض (الدر المختار علی هامش ردالمحتار: نواقض الوضوء:۱/۱۳۸) معلوم ہوا کہ پیشاب کا مثانہ سے صرف چلنا ناقض وضو نہیں ہے بلکہ عضو سے باہر آنا شرط ہے۔ ظفیر

(۲) قال العلامة الحصکفی: ثم المراد بالخروج من السبیلین مجرد الظهور وفی غیرهما عین السیلان، قال ابن عابدین: أی الظهور المجرد عن السیلان، فلو نزل البول إلی قصبة الذکر لاینقض لعدم ظهوره، بخلاف القلفة فإنه بنزوله إلیها ینقض الوضوء. (الدر المختار مع ردالمحتار: ص۹۹، ۱۰۰، جلد۱، مطلب فی نواقض الوضوء)

ہے، مگر جب کہ کثرت عذر سے کپڑے بدلنے میں حرج ہوتو مضا ئقہ نہیں، **کماهو الظاهر**.

احقر عبدالکریم گمتھلوی عفی عنہ۔۸ ربیع الثانی ۴۴ھ، الجواب صحیح: ظفر احمد عفا عنہ، ۸/ربیع الثانی ۴۴ھ۔ (امدادالاحکام: ۳۵۶/۱)

## قطرہ باہر آیا تو وضوٹوٹ گیاورنہ نہیں:

سوال: خطیب کوخطبہ پڑھتے وقت شک ہوا کہ مجھ کوقطرہ اتر آیا، بعد خطبہ اس نے آلۂ تناسل کو ہاتھ سے چھوا تو کچھ تری معلوم نہیں ہوئی تو اس نے وضونہیں کیا اور اسی شک کی حالت میں نماز جمعہ پڑھادی۔ بعد نماز جمعہ اس نے آلۂ تناسل کو دبایا اور حشفہ کی طرح سے دوہا تو ذراسی تری معلوم ہوئی تو اب لوگوں کی نماز ہوئی یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں امام کی اور مقتدیوں کی نماز ہوگئی، کیوں کہ شبہ سے نماز فاسد نہیں ہوتی، اور یہاں تو قطرہ کے باہر آنے کا شبہ بھی نہیں ہے، کیونکہ اس نے ہاتھ سے دیکھ لیا کہ تری نہ تھی، اور بعد میں جب کہ دبانے سے تری باہر نکلی تو اس سے معلوم ہوا کہ قطرہ اوپر ہی رک رہا تھا اور یہ قاعدہ ہے کہ قطرہ جب تک باہر ظاہر نہ ہو اس وقت تک وضو نہیں جاتا۔

**كمافى الدرالمختار: ثم المرادبالخروج من السبيلين مجردالظهور، الخ.** (۱)

**وفيه أيضاً (وإن ابتل) الطرف (الداخل) لاينقض الخ.** (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱۳۹/۱)

## قطرہ باہر نہ نکلے، اندر نظر آئے، تو وضوٹوٹا یا نہیں:

سوال: جس شخص کوقطرہ آتا ہے، اگر سوراخ کے اندر قطرہ نظر آتا ہوتو وضو باقی رہے گا یا نہیں؟

الجواب

وضو باقی رہے گا، جب تک باہر کی طرف یعنی منھ پر ظاہر نہ ہوگا وضو نہ ٹوٹے گا۔ (۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱۳۵/۱)

## قطرہ کا اثر احلیل کی روئی پر:

سوال: ایک شخص احلیل میں احتیاطاً کئی تہہ روئی کی رکھتا ہے اور وہ روئی پیشاب میں تر ہے اگر باہر کی جانب سیلابی معلوم ہوتو وضو رہے گا یا نہیں؟ اور اس روئی میں مقدار درہم کالحاظ ہوگا یا نہیں باعتبار طول وعرض کے؟

(۱) الدرالمختار على هامش ردالمحتار نواقض الوضوء: ۱۲۵/۱۔ظفیر

(۲) الدرالمختار على هامش ردالمحتار، كتاب الطهارة، نواقض الوضوء: ۱۳۸/۱۔ظفیر

(۳) كماينقض لوحشا إحليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر هذا لو القطنة عالية أو محاذية وإن متسفلة عنه لاينقض الخ وابتل الطرف الداخل لاينقض. (الدرالمختار علىٰ هامش ردالمحتار: كتاب الطهارة، نواقض الوضوء: ۱۳۸/۱، ظفیر)

الجواب

اگر تری باہر کی سطح پر آ جائے گی تو وضو ٹوٹے گا اور اگر تری باہر نہ آئی تو وضو باقی ہے اور نماز صحیح ہے اور اس میں مقدار درہم کا لحاظ نہیں۔ (۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱۳۹/۱و۱۴۰)

## احلیل میں مرض کی وجہ سے کرسف رکھے اور وہ تر ہو جائے تو کیا حکم ہے:

سوال: زید کو مرض سلسل بول ہے اس کی وجہ سے وہ احلیل میں کرسف رکھتا ہے اور کرسف سوراخ میں اس قدر اندر رہتا ہے کہ باہر سے نظر نہیں آتا، ایسی صورت میں زید ہر نماز کے وقت وضو کرے یا جس وقت قطرہ کرسف سے تجاوز کر کے باہر آ جائے اس وقت وضو جدید کرے اور وہ بلا وضو تلاوت کر سکتا ہے یا نہ؟

الجواب

اس صورت میں جس وقت قطرہ کرسف سے تجاوز کر کے باہر آ جاوے اس وقت وضو ٹوٹے گا۔ (۲) اور مس مصحف کیلئے وضو شرط ہے اور حفظ پڑھنے کیلئے وضو شرط نہیں ہے۔ (۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۲۹۹/۱)

## پیشاب کے مریض کے لیے کرسف کا استعمال اور وضو کا مسئلہ:

سوال: زید کو بوجہ ضعفِ مثانہ قطرہ آنے کا مرض ہے، وہ پیشاب گاہ میں کرسف رکھتا ہے اور کرسف اس قدر اندر رہتا ہے کہ نظر بالکل نہیں آتا اور حشفہ سے بھی پرے رہتا ہے، ایسی صورت میں وقت کے گذرنے پر وضو جدید کرے یا اس وقت وضو کرے کہ جب قطرہ عضو سے نفوذ کر کے سپاری میں آ جاوے اور چونکہ کرسف اندر رہتا ہے اس کا تر ہونا معلوم نہیں ہو سکتا کہ کس وقت تر ہوتا ہے؟

الجواب

قال في مراقي الفلاح: ومن به عذر كسلسل بول أو استطلاق بطن وانفلات ريح ورعاف

(۱) لو حشا إحليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر هذا لو القطنة عالية أو محاذية لرأس الإحليل وإن متسفلة عنه لا ينقض وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل وإن ابتل الطرف الداخل لا ينقض ولو سقطت فإن رطبة انتقض وإلا لا. (الدر المختار على هامش رد المحتار: نواقض الوضوء: ۱۳۸/۱، ظفیر)

(۲) لو حشا إحليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر هذا لو كان القطنة عالية أو محاذية لرس الإحليل و إن متسفلة عنه لا ينقض وكذا الحكم في الدبر و الفرج الداخل و إن ابتل الطرف الداخل لا ينقض (الدر المختار على هامش رد المحتار: كتاب الطهارة: نواقض الوضوء: ۱۳۸/۱، ظفیر)

(۳) لا تحل قراءة القرآن للجنب (در مختار) قيد بالجنب لأن قراءة المحدث تحل بدون الطهارة. (رد المحتار باب التيمم: ۲۲۹/۱)

و لا تكره قراءة القرآن للمحدث ظاهراً أي على ظهر لسانه بالإجماع. (غنية المستملي ۵۷-۵۸، ظفیر)

**دائم وجرح لایرقأ ولایمکن حبسه بحشو من غیر مشقة یتوضأ لوقت کل صلوٰة،آه.**

**قال الطحطاوی: فیتعین علیه رده متی قدر علیه بعلاج من غیر مشقة وفی المضمرات عن النصاب به سلس بول فجعل القطنة فی ذکره ومنعه من الخروج وهو یعلم أنه لولم یحش ظهر البول فأخرج القطنة وعلیها بلة فهو محدث ساعة إخراج القطنة فقط وعلیه الفتویٰ،آه.** (ص:۸۵)(۱)

اس سے معلوم ہوا کہ کرسف احلیل میں رکھنے سے اگر قطرہ کا اثر ظاہر کرسف پر ظاہر نہ ہو تو یہ شخص معذور نہیں ہے، اس کو ہر وقت وضو جدید کرنا لازم نہیں، لیکن اس کو چاہئے کہ کرسف اتنا لمبا رکھے کہ اس کا ایک سرا سوراخ ذکر کے متصل ہو جب تری اس سرے میں پہونچ جائے گی اس وقت وضو ٹوٹ جائے گا۔

۴/ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ (امداد الاحکام جلد اول ص ۱۷،۳۲۶،۳۲۷)

## شرمگاہ میں انگلی داخل کر کے نکالنے سے وضو ٹوٹ گیا:

سوال: زید نے اپنی زوجہ کی شرمگاہ میں مع کپڑے کے یا بغیر کپڑے کے انگلی داخل کی تو زوجہ کا وضو ٹوٹ گیا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــ باسم ملهم الصواب

وضو ٹوٹ گیا، خواہ انگلی پر کپڑا ہو یا نہ ہو۔ اس لیے کہ جب انگلی نکلے گی تو اس پر نجاست ضرور لگی ہوگی اور خروج نجاست ناقض وضو ہے۔ البتہ اگر انگلی فرج داخل یعنی گول سوراخ کے اندر نہیں گئی تو وضو نہیں گیا۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵/ ذی الحجہ ۸۶ھ۔ (احسن الفتاوی: ۲/۲۰)

## پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلنا ناقض وضو ہے:

سوال: اگر دوران نماز پاخانہ کے مقام سے کیڑا باہر نکل آئے تو نماز یا وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(۱) مراقی الفلاح ص: ۱۴۸، باب الحیض والنفاس والاستحاضة. انیس

(۲) فرج خارج میں انگلی لگانا ناقض وضو نہیں:

سوال: کیا یہ ہوسکتا ہے کہ کوئی سیلان کی مریضہ عورت نماز یا تلاوت کے دوران کچھ وقفے سے کھال کے اندر انگلی سے چھوکر دیکھ لیا کرے کہ آیا پانی نکلا ہے یا نہیں اور اگر اس نے اسی طریقہ سے دیکھا مگر جگہ بالکل پاک تھی تو اس صورت میں اس کے شرمگاہ دیکھنے اور چھونے سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــ باسم ملهم الصواب

اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ آگے گول سوراخ کے اندر انگلی داخل کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اس لئے کہ انگلی کے ساتھ اندرونی نجاست بھی باہر آئے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۱۰/ شوال ۹۷ھ۔ (احسن الفتاوی: ۲/۲۵-۲۶)

کیوں کہ اس صورت میں خروج من احد السبیلین پایا جارہا ہے۔ (ردالمحتار میں ہے: **لو خرجت القطنة من الاحلیل رطبة انتقض لخروج النجاسة وان قلت.** (۱/۱۴۹، دارالفکر بیروت۔ انیس)

الجواب ــــــــــــــــــ باسم ملھم الصواب

وضوٹوٹ جائے گا،(۱) لہذا نماز نہ ہوگی۔

"کمافی نواقض التنویر:(وریح أو دودةأوحصاةمن دبر)". (ردالمحتار:۱/۱۲۶)فقط واللّٰہ تعالی أعلم

(احسن الفتاویٰ:۲/۲۲)

## پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلنے پر وضوٹوٹ جاتا ہے:

سوال: کیافرماتے ہیں علماءدین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ہے وہ جب قضاءحاجت سے فارغ ہوجاتا ہے تواس کی مقعد سے سخت خارش شروع ہوجاتی ہے اور کبھی کبھی کوئی کیڑا وغیرہ سرکو باہر نکال کراور کبھی داخل کرتا ہے(۱) تو کیااس کیڑے کا سرنکالنااور پھرداخل کرنا ناقض وضو ہے؟اوراس شخص کے پیچھے امامت درست ہے؟ بینواتو جروا۔

(المستفتی: نعمت اللہ صاحب دارالعلوم اسلامیہ لکی مروت )

(۱) حدیث میں ہے:عن ابن عباسؓ: أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: الوضوء مما خرج و لیس ممادخل. (سنن البیھقی،باب الوضوء من الدم یخرج من أحد السبیلین وغیرذلک من دودةأوحصاة أوغیرذلک :۱/۱۸۸،نمبر۵۶۸/المصنف لعبد الرزاق، باب من یطأنتناً یابساً أو رطباً: ۱/۲۴،نمبر۱۰۰)قال عطاءؒ :فیمن یخرج من دبرہ الدودة، أومن ذکرہ نحوالقملة:یعیدالوضوء.(الصحیح للبخاری،باب من لم یرالوضوء إلا من المخرجین من القبل و الدبر: ۳۵،نمبر۱۷۶) مذکورہ اثراورحدیث میں ہے کہ سبیلین سے کوئی بھی چیز نکلے تواس سے وضوٹوٹ جائے گا،وہ پیشاب وپاخانہ کی شکل میں ہویا کیڑے کی شکل میں۔انیس

خیرالفتاویٰ میں ہے:

پیچھے کے راستہ سے کیڑا کے نکلنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے:

سوال: میں نے جب سے بواسیر کا آپریشن کرایاہے کبھی کبھی یوں محسوس ہوتا ہے کہ پاخانہ میں جوسفیدرنگ کے کیڑے ہوتے ہیں ان کی وجہ سے حالت نماز میں مقعد میں خارش سی محسوس ہوتی ہے مگروہ کیڑامقعد سے بالکل باہر نہیں آتا جب تک کہ میں خودنہ کھجلاؤں۔ہاں حالتِ نماز میں مجھے اتنا ضرورمحسوس ہوتا ہے کہ کیڑاخروج کرتا ہے اگرچہ بالکل باہر نہیں آتا۔ایسی حالت میں وضوٹوٹ جاتا ہے؟اورکیانماز باقی رہتی ہے یانہیں؟

۲: یوں بھی سمجھیں کہ پیٹ کے اندر سے تو نکلتا ہے مگر بالکل باہر نہیں آتا اگرچہ مجھے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ اب خروج کرتا ہے۔

(محمد سلیمان: نوال شہرملتان۔)

الجواب ـــــــــــــــــ

جب مقعد کے سوراخ سے کیڑا باہر نکل آئے تو وضوٹوٹ جائے گااورنمازنہ ہوگی اورسوراخ سے باہر نکلنے سے پہلے اندراندرپھرنے سے نماز فاسدنہ ہوگی اورنہ ہی وضوٹوٹے گا۔

وینقضہ خروج نجس منہ الخ إلیٰ قولہ(و)خروج غیرنجس مثل(ریح أو دودةأوحصاة من دبر).(تنویرالأبصار مع الدر المختارعلی الشامیة : ج۱ص۱۲۴تا۱۲۶)

محمد انورعفااللہ عنہ،نائب مفتی خیرالمدارس،ملتان۱۴/۵/۱۴۰۱ھ،الجواب صحیح۔بندہ عبدالستارعفااللہ عنہ۔(خیرالفتاویٰ:۲/۶۵)

(۲) یعنی سرکوکبھی نکالتا ہےاورکبھی اندرداخل کرلیتا ہے۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

اگر یہ حقیقت ہو اور مشاہدہ وغیرہا سے معلوم ہوا ہو کہ اس جگہ سے کیڑا سر باہر کر کے دوبارہ اندر کرتا ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اس شخص کی امامت صحیح نہیں ہے۔

**فی الدر المختار: (و)خروج غیر نجس مثل (ریح أو دودة أو حصاة من دبر). (۱)وهو الموفق**

(فتاویٰ دیوبند پاکستان، المعروف بہ فتاویٰ فریدیہ جلد دوم: ۴۰۔۴۱)

## جو رطوبت باہر نہ آئے وہ ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: بواسیر کی پھنسی بعد مواد نکلنے کے مثل داد کے ہو جائیں اور ان کے اندر رطوبت ہو مگر سائل نہ ہو البتہ اٹھتے بیٹھتے کپڑے کو لگتی ہو تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اور کپڑا ناپاک ہوتا ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

جو رطوبت زخم سے باہر نہ بہے اور سائل نہ ہو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، **کذا فی کتب الفقه.** (۲)اور کپڑا بھی ناپاک نہیں ہوتا۔ کیوں کہ قاعدہ کلیہ فقہا لکھتے ہیں: **"مالیس بحدث لیس بنجس".** (۳)پس جو صورت آپ نے تحریر فرمائی ہے اس میں نہ وضو ٹوٹتا ہے، نہ کپڑا ناپاک ہوتا ہے۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۳۶۔۱۳۷)

## خروج مذی ناقض وضو ہے:

سوال: میں شادی شدہ ہوں ملاعبت کے وقت جو مذی نکلتی ہے وہ معلوم نہیں ہوتی ہاں البتہ استنجا کے وقت معلوم ہوتا ہے اور ہمبستری کا ارادہ نہ ہو تب بھی کئی بار نکلتی ہے تو آیا وہ مذی پاک ہے یا ناپاک؟ اس سے غسل ضروری ہوتا ہے

(۱) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار: ص ۱۰۰ جلد ۱، مطلب نواقض الوضوء، کتاب الطهارة۔

(۲) وينقضه خروج كل خارج نجس منه الخ إلى مايطهر الخ ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور في غيرهما عين السيلان ولو بالقوة لماقالوا: لومسح الدم كلماخرج ولو تركه لسال نقض وإلا لا كمالو سال في باطن عين أو جرح الخ (درمختار) وفي السراج: عن الينابيع: الدم السائل على الجراحة إذالم يتجاوز وقال بعضهم هو طاهر حتى لو صلى رجل بجنبه وأصابه منه أكثر من قدر الدرهم جازت صلوته وبهذا أخذ الكرخيؒ وهو الأظهر، الخ. (ردالمحتار: مطلب نواقض الوضوء: ۱/۱۳۴، ظفیر)

## جو رطوبت بہتی نہیں وہ ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: اگر کسی کے بدن میں زخم ہو اور اُس سے رطوبت جاری نہ ہو تو ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

وہ رطوبت جب تک سائل نہ ہو گی ناقض وضو نہیں ہے۔ **(وينقضه خروج كل خارج نجس منه أی من المتوضی الحی معتادا أولا، من السبيلين أو لا الی ما يطهر، الخ.** (الدر المختار علی هامش ردالمحتار نواقض الوضوء ۱/۱۲۴)(فتاوی دارالعلوم: ۱/۳۱۷)

(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار: مطلب نواقض الوضوء: ۱/۱۳۰۔ ظفیر

یا نہیں؟ وضوٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ جسم کے کسی حصہ میں لگ جائے تو پاک کرنا چاہئے یا نہیں؟ مذی لگے ہوئے جسم یا کپڑے میں نماز جائز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

مذی ناپاک ہے کپڑے اور بدن پر لگنے سے کپڑا اور بدن ناپاک ہوجاتا ہے۔ اس کی مقدار کم ہوتو دھونا واجب نہیں بہتر ہے، مقدار زیادہ ہوتو دھونا ضروری ہوجاتا ہے۔(۱) غسل فرض نہیں ہوتا البتہ وضوٹوٹ جاتا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاویٰ رحیمیہ ۲۶۳/۴، ۲۶۴)

## پیشاب کی راہ سے جو سفید پانی نکلتا ہے وہ ناپاک اور ناقض وضو ہے:

سوال: ایک شخص کے پیشاب کی راہ سے سفید پانی نکلتا ہے اور پاجامہ کو لگ جاتا ہے تو وہ ناپاک ہوجائے گا ؟ اور اس کپڑے کو پہن کر نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

پیشاب کی راہ سے جو سفید پانی نکلتا ہے وہ ناپاک ہے اور نجاست غلیظہ اور ناقض وضو ہے۔(۲) بدن اور کپڑے پر لگ جائے تو بدن اور کپڑا ناپاک ہوجائے گا لیکن ایک درہم کی مقدار (یعنی ہاتھ کی ہتھیلی کے برابر) معاف ہے۔ اگر دھونے کا وقت نہ مل سکا اور اس کو پہن کر نماز پڑھ لی تو نماز ہوجائے گی۔ بعد میں دھولینا چاہئے۔ درمختار میں ہے:

**((و عفی )الشارع(عن قدر درهم )وإن كره تحريماً فيجب غسله و ما دونه تنزيهاًفيسن وفوقه مبطل فيفرض.....(وهو مثقال فی نجس كثف)له جرم(عرض مقعر الكف)وهو داخل مفاصل أصابع اليد (فی رقيق مغلظة)،الخ. (الدر المختار مع الشامی :۲۹۳/۱،الهداية: ۵۸/۱باب الأنجاس،مالا بد منه:ص۱۹)** فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاویٰ رحیمیہ ۲۶۷/۴)

## جو پانی ناپاک نکلے وہ ناقض وضو ہے:

سوال: ہندہ کے آگے کی راہ سے رینٹ کی طرح پانی آتا ہے تو آیا وہ پانی پاک ہے یا ناپاک، اس سے وضوٹوٹتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) (و عفی )الشارع(عن قدر درهم )وإن كره تحريماً فيجب غسله و ما دونه تنزيهاًفيسن وفوقه مبطل فيفرض.....(وهو مثقال فی نجس كثف)له جرم(عرض مقعر الكف)وهو داخل مفاصل أصابع اليد (فی رقيق مغلظة)الخ. (الدر المختار مع ردالمحتار :۲۹۳/۱،الهداية: ۵۸/۱باب الأنجاس،مالا بد منه:ص۱۹۔انیس)

(۲) ردالمحتار مطلب نواقض الوضوء:۱۳۴/۱،دار الفكر بيروت۔انیس

الجواب ــــــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

وہ پانی ناپاک ہے ناقض وضو ہے۔(۱) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۷۱-۷۲)

## عورت کی شرمگاہ سے ہوا خارج ہونے سے وضو کا حکم:

سوال: ایک عورت جب نماز شروع کرتی ہے تو عموماً آگے کی راہ سے ہوا خارج ہو جاتی ہے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا وضو ٹوٹ جائے گا نماز کس طرح پڑھے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــــــــــــــــ

صورت مسئولہ میں صحیح قول کے مطابق اس سے وضو نہیں ٹوٹتا لہذا وہ اسی حالت میں نماز پڑھ سکتی ہے۔

فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

**والريح الخارجةمن الذكروفرج المرأة لا تنقض الوضوء على الصحيح إلاأن تكون المرأة مفضاةً فإنه يستحب لهاالوضوء، كذافي الجوهرة النيرة.** (فتاویٰ عالمگیری: ۱/ ۹، نواقض الوضوء)

درمختار میں ہے:

**ولاخروج(ريح من قبل )غيرمفضاةأماهي فيندب لهاالوضوء وقيل يجب وقيل لومنتنة(قوله أما هي)أي المفضاةوهي التي اختلط سبيلاهاأي مسلك البول والغائط فيندب لهاالوضوء من الريح وعن محمدؒ:يجب احتياطاًوبه أخذأبوحفص ورجحه في الفتح بأن الغالب في الريح كونهامن الدبرالخ.** (الدرالمختاروردالمحتار ۱/ ۱۲۶، نواقض الوضوء)

بہشتی زیور میں ہے: مسئلہ: پاخانہ پیشاب اور ہوا جو پیچھے سے نکلے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے البتہ اگر آگے کی راہ سے ہوا نکلے جیسا کہ کبھی بیماری سے ایسا ہو جاتا ہے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (بہشتی زیور: ص ۷۴ حصہ اول) فقط واللہ اعلم بالصواب

(فتاویٰ رحیمیہ ۹۲/۸، ۹۳)

## ریح سے طہارت ضروری نہیں، اس کی وجہ:

سوال: ریح کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، بلا طہارت دوبارہ وضو جائز ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــــــــ

استنجا وطہارت کی ضرورت خروج ریح میں اس وجہ سے نہیں ہے کہ بدن ملوث نجاست سے نہیں ہوتا خروج ریح

(۱) "وينقضه خروج كل خارج نجس منه :أي من المتوضئ الحي معتاداًأولا،من السبيلين أولا،إلى مايطهر". (الدرالمختار: ۱/ ۱۳۴، مطلب: نواقض الوضوء، سعيد، وكذافي الفتاوىٰ العالمكيريه: ۱/ ۹، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، وكذافي فتح القدير: ۱/ ۳۷، فصل في نواقض الوضوء، مصطفى البابي الحلبي بمصر)

صرف حکمی نجاست ہے اوراس کوحدث اصغر کہتے ہیں اس میں صرف وضو کافی ہے۔(۱)(فتاویٰ دارالعلوم:۱۴۶/۱)

## خروج ریح جس میں آواز اور بدبو نہ ہو،اس سے وضوٹوٹتا ہے یانہیں:

سوال: جس ریح میں آواز اور بدبو نہ ہووہ وضوکوتوڑتی ہے یانہیں۔اگر ایسی صورت ہر رکعت میں پیش آئے تو کیا کرنا چاہئے اورایسے عذر والے کوامامت کرنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب

اگر یقین خروج ریح کا ہو،خواہ آواز ہو یا نہ ہواوروہ شخص معذور نہ ہو، تووضوپھرکرنا چاہئے اوراگرمحض شبہ ہواوراختلاج سا ہوتو وضونہیں گیا،نمازصحیح ہے۔(۲)فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱۴۸/۱)

## خروج ریح ناقض وضو کیوں:

سوال: مسئلہ یہ ہے کہ اگر وضو بوجہ ہوا خارج ہونے کے ٹوٹ جائے تو استنجاء کے سواوضو کرے اس کی کیاوجہ ہے، جہاں سے گندی ہوا خارج ہواس کوتو دھویا نہ جائے اس کے علاوہ اوروضوکرلیا جائے؟

الجواب حامداًو مصلیاً

اس کی وجہ حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے بیان نہیں فرمائی صرف وضوکاحکم دیا ہے۔(۳)کس کی جرأت ہے کہ اس کی وجہ دریافت کرے، یہ امرتعبدی ہے۔(۴)فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبدمحمود گنگوہی عفااللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہرعلوم سہارنپور۔الجواب صحیح:عبداللطیف،مفتی مدرسہ ہذا،

سعیداحمدغفرلہ،یکم ذی القعدہ ۵۷ھ(فتاویٰ محمودیہ:۶۲/۵-۶۳)

---

(۱) وقيل:سببهاالحدث في الحكمية وهووصف شرعي يحل في الأعضاء يزيل الطهارة. (الدرالمختارعلىٰ هامش ردالمحتار: كتاب الطهارة:۷۹/۱)وينقضه خروج نجس الخ وخروج غيرنجس مثل ريح (درمختار)قوله مثل ريح فإنها تنقض لأنهامنبعثة عن محل النجاسة لالأن عينها نجسة لأن الصحيح أن عينها طاهرة حتى لولبس سراويل مبتلة أوابتل من أليتيه الموضع الذى تمربه الريح فخرج الريح لايتنجس الخ(ردالمحتارنواقض الوضوء:۱۲۶/۱)

معلوم ہوا کہ خودریح نجس نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے طہارت کی ضرورت پیش آئے۔ظفیر۔

(۲) وينقضه خروج نجس الخ وخروج غيرنجس مثل ريح الخ من دبرالخ ولوخرج ريح من الدبروهويعلم أنه لم يكن من الأعلى فهواختلاج فلاينقض. (الدرالمختارعلى هامش ردالمحتار :نواقض الوضوء:۱۲۶/۱،ظفیر)

حدیث میں ہے:أبو هريرة يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:لا تقبل صلاة من أحدث حتى يتوضأ ،قال رجل من حضرموت:ما الحدث ياأبا هريرة؟ قال فساء أوضراط. (الصحيح للبخارى ،باب لا تقبل صلاة بغير طهور ،ص۲۹،نمبر۱۳۵)یعنی ریح آواز والی خارج ہویا آہستہ،بدبو ہو یا نہ ہو،بہرصورت وضوٹوٹ جائے گا۔انیس

(۳) ''عن علي بن طلق رضى الله عنه قال:قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:"إذا فساأحدكم فليتوضأ". (مشكوٰة المصابيح:ص ۴۰،باب مايوجب الوضوء،الفصل الثانى،قديمي،وسنن أبى داؤد: ۲۷/۱باب فى من يحدث فى الصلوٰة .سعید)

(۴) ''لأن غسل غيرموضع الإصابة أمرتعبدى فيقتصرعلى موردالشرع". (الهداية:۲۳/۱،نواقض الوضو،شركةعلمية)

## ریاح نکلنے کا وہم ناقض وضو نہیں ہے:

سوال: بعض وقت ایک عجیب قسم کی ریاح چلتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پیٹ کے اندر سے چلی اور پھر پاخانہ کے مقام تک آکر واپس ہوتی ہے نہ ہوا خارج ہوتی ہے نہ آواز لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ پاخانہ کے مقام تک ریاح کا دورہ ہوگیا نماز ہوئی یا پھر سے وضو کر کے نماز پڑھے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

نماز ہوجائے گی۔ وہم نہ کرنا چاہئے۔(۱)

(مکتوبات ۹۱/۳)(فتاویٰ شیخ الاسلامؒ: ص ۲۲)

## ریح خارج ہونے پر وضو کرنے کا حکم کیوں ہے:

ہمیں اس سے اتفاق ہے کہ ریح خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، لیکن ایک بہت ہی تعلیم یافتہ غیر مسلم کا سوال ہے کہ ریح خارج ہونے پر آپ وضو ہی کیوں کرتے ہیں، آبدست کیوں نہیں کرتے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ وباللّٰہ التوفیق

خروج ریح میں وضو کا حکم اس وجہ سے نہیں ہے کہ اس سے ریح نکل کر بدن کو ناپاک کر دیتی ہے اور اس نجاست کو دور کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ سوال پیدا ہو کہ پاخانہ کے مقام پر تو ضرور ہی لگی ہوگی، پھر اس کو دھونے کا حکم کیوں نہیں ہے؟ بلکہ یہ امر تعبدی ہے اور اس کی وجہ دوسری ہے اور حکم خداوندی ہے، اور یہ بات تو ظاہر ہے کہ ہر انسان کے جسم میں کچھ نہ کچھ پاخانہ پیشاب وغیرہ (غلاظت) ہر وقت ہی رہتی ہے، اور جب تک وہ غلاظت اپنے محل ومستقر میں رہتی ہے اس وقت تک اس آدمی کو نہ تو کوئی ناپاک کہتا ہے اور نہ کسی عضو کے دھونے وغیرہ کا حکم دیتا ہے، اور جب وہ غلاظت اپنی جگہ ومحل وظرف سے نکل کر جسم سے باہر آجاتی ہے تو فوراً دھونے اور پاک کرنے کا تقاضا ہوجاتا ہے اور طبیعت سلیمہ دھوتی بھی ہے، ورنہ سب کو نجس وناپاک قرار دیتی ہے اور ناپاک وگندہ تصور کرتی ہے اور اس سے طبیعت منقبض رہتی ہے، پس ریح خارج ہونے میں اگرچہ کوئی غلاظت وغیرہ مثلاً پیشاب پاخانہ خارج نہ ہو، مگر وہ ریح پاخانہ کے محل ومستقر وظرف سے نکل کر باہر آتی ہے اور کچھ نہ کچھ اثر غلاظت کا لیکر آتی ہے، جیسا کہ اس کی بدبو وغیرہ سے اندازہ ہوجاتا ہے اور اس سے طبیعت سلیمہ کچھ اثر انداز بھی ہوجاتی ہے، اور کچھ انقباض وتکدر بھی بسا اوقات طبائع

---

(۱) ولو ایقن بالطهارة وشک بالحدث اوبالعکس اخذ بالیقین ولو تیقنهما وشک فی السابق فهو متطهر. (الدر المختار) لان الغالب ان الطهارة بعد الحدث ط، لکن فی حاشیة الحموی ...من تیقن بالطهارة والحدث وشک فی السابق یؤمر بالتذکر فیما قبلهما فان کان محدثا فهو الآن متطهر لانه تیقن الطهارة بعد ذلک الحدث وشک فی انتقاضها. الخ (ومثله المتیمم)(الدر المختار). (ردالمحتار: ۱۵۰/۱، ۱۵۱۔ انیس)

سلیمہ میں پیدا ہوجاتا ہے، اس لئے عقل سلیم کا تقاضہ تو یہ تھا کہ جب ریح خارج ہو تو اسی وقت فوراً آب دست بھی لے اور ہاتھ منہ دھوکر تکدر طبعی وانقباض بھی دور کرلیا جائے، اور اپنی بشریت کو اعلیٰ ومرتفع کرلیا کرے، مگر چونکہ اس میں عام طبائع پر تنگی واقع ہوتی، اور ناپاکی کسی جگہ لگی نہیں ہوتی، اس لئے اللہ تعالیٰ نے بشری کمزوری پر نظر فرما کر اور شفقت کرتے ہوئے یہ حکم تطہیر وتنظیف کا نہیں دیا۔ بلکہ یہ حکم دیا کہ کم از کم جب میرے دربار میں حاضری دینا ہو اور نماز کے لئے آنا ہو، تو وہ بھی چونکہ میرے دربار کی حاضری ہے اس وقت کم از کم وضو یعنی ایک خاص طریقہ سے ہاتھ منھ، پیر وغیرہ دھوکر آیا کرو، اس سے ہم وہی انشراح دیں گے جو فوراً پوری تطہیر سے تم حاصل کرتے، بلکہ بہ نظر شفقت مزید یہ بھی آسانی فرمادی کہ اگر تم پہلے سے وضو کر چکے ہو تو اگر چہ اس سے نماز بھی پڑھ چکے ہو، وہ بھی کافی قرار دے لیں گے، اس کے علاوہ اور بہت سی حکمتیں ہیں جو صرف اللہ کے علم میں ہیں، اور بہت سی حکمتیں علمانے بیان بھی کی ہیں، مثلاً اس عمل سے صفت ملکوتیت بھی پیدا ہوگی اور ملائکہ سے قربت ومناسبت بھی پیدا ہوگی، جو باعث قرب خداوندی ہوگا، وغیرہ وغیرہ۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

کتبہ محمد نظام الدین اعظمی، مفتی دارالعلوم دیوبند سہارنپور۔ ۳۱/۷/۱۳۹۵ھ۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۱/۱۵۳-۱۵۴)

## ریح کا اخراج بہ ہیئت سجدہ:

سوال: ایک شخص کو ریاح کا مرض ہے اکثر سجدہ میں اس کا زور ہوتا ہے، بعض اوقات کھڑے، بیٹھے یا دوسری حالت میں ریح نہیں خارج ہوتی جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے، خصوصاً نماز میں بے چینی کہ جب سجدہ میں جاتا ہے زور ہوتا ہے۔ کیا ایسا شخص اس حالت میں خارج نماز سجدہ کی ہیئت بنا کر ریح خارج کرسکتا ہے اور اگر قریب میں دوسری جگہ نہ ہو کہ وہاں جا کر ایسا کرے تو مسجد میں کرسکتا ہے؟ اگر نہیں تو پھر کیا شکل اختیار کرے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جس ہیئت سے ریح کا اخراج ہو کر اس کو سہولت حاصل ہوسکتی ہو شرعاً اجازت ہے۔ (۱) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفر لہ، دارالعلوم دیوبند۔ ۸/۵/۹۲ھ، الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۵/۹۲ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۳)

## ریحِ قُبل ناقضِ وضو نہیں:

سوال ریح قبل میں جب اتنا وقت بھی نہ ملے کہ وضو کرکے دو فرض ہوسکیں تو اس کو سلسل بول پر قیاس کرنا کیسا ہے؟

(۱) البتہ مسجد میں ایسا کرنا کراہت سے خالی نہیں، لیکن شدید مجبوری میں معذور سمجھا جائے گا'' (ولا البول) وكذا لايخرج فيه (في المسجد) الريح من الدبر كمافي الأشباه، واختلف فيه السلف، فقيل: لابأس، وقيل: يخرج إذا احتاج إليه، وهو الأصح، حموي عن شرح الجامع الصغير للتمرتاشي". (ردالمحتار: ۱/۶۵۶، مطلب في أحكام المسجد، سعيد)

الجواب

ریح اور سلسل بول کا ایک ہی حکم ہے درمختار میں ہے۔

**"وصاحب عذر (من سلسل بول) لایمکنه إمساکه (أو استطلاق بطن أو انفلات ریح أو استحاضة"، الخ. (۱/ ۲۲۳ درمختار علی الشامیة)**

یہ حکم ریح دبر کا ہے جو کہ عام حالات میں تو ناقض وضو ہے معذور شرعی کیلئے ناقض وضو نہیں۔

ریح قبل ناقض وضو نہیں۔لیکن جس عورت کا پیشاب و پاخانہ کا راستہ ایک ہوگیا ہو اسے احتیاطاً وضو کر لینے کا حکم ہے۔

مراقی میں ہے: **(ماخرج من السبیلین إلاریح القبل فی الأصح)...... فینقض ریح المفضاة احتیاطا.** (ص: ۴۷) **فقط واللّٰہ تعالیٰ أعلم**

بندہ محمد عبداللہ عفا اللہ عنہ، نائب مفتی۔۷/۳/۱۴۰۶ھ۔ (خیر الفتاویٰ: ۲/ ۴۹)

## فرج سے نکلی ہوئی ہوا ناقض وضو نہیں:

سوال: نماز کے دوران اگر کسی عورت کی اگلی شرمگاہ سے ہوا خارج ہوجائے تو کیا وہ عورت نماز توڑ کر دوبارہ وضو کرے گی یا وہی وضو کافی ہوگا؟

الجواب

جو ہوا دبر سے نکلے وہ ناقض وضو ہوتی ہے اور جو ہوا عورت کی فرج یا مرد کے ذکر سے خارج ہو وہ ناقض وضو نہیں، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں مبتلیٰ بہ عورت کا وضو نہیں ٹوٹا اور وہ اسی وضو سے ہی نماز کو پورا کرے گی۔

**لماقال العلامة أبوبکر بن علی الحدادؒ: "والریح الخارجة من الذکر وفرج المرأة لاتنقض الوضوء علی الصحیح إلاأن تکون المرأة مفضاةً فإنه یستحب لهاالوضوء". (الجوهرة النیرة، کتاب الطهارة، ناقض الوضوء: ج ۱ ص ۸)** (۱) (فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۶۲۳)

## وضو کرتے ہوئے ریح کو دبالے تو وضو ہوجائے گا:

سوال: اگر کوئی آدمی وضو کررہا ہے یا نماز پڑھ رہا ہے اور ہوا نکلنے لگی، اس نے روک لیا، تو وضو باقی رہی اور نماز ہوئی، یا نہیں؟

(۱) **لماقال العلامة الحصکفیؒ: "ولاخروج ریح من قبل غیرمفضاةأماهی فیندب لهاالوضوء وقیل یجب وقیل لومنتنة"، الخ. (الدرالمختارعلیٰ هامش ردالمحتار، باب نواقض الوضوء: ج ۱ ص ۱۲۶) ومثله فی الفتاویٰ الهندیة، باب نواقض الوضوء، ج ۱ ص ۹)**

الجواب ــــــــــــــــــــ

اگر ریح کو روک لیا اور خارج ہونے نہ دیا تو وضو باقی ہے۔(۱) اور نماز صحیح ہے۔ درمختار (۲) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۴۵۔۱۴۶)

## استنجا کرنے کے بعد ہوا خارج ہوجانے پر استنجا کا حکم:

سوال: اگر کسی شخص سے استنجا کرنے کے بعد ہوا خارج ہوجائے تو کیا طہارت کے لئے اسے دوبارہ استنجا کرنا پڑے گا یا نہیں؟ جبکہ اس کی مقعد ابھی تک گیلی ہے؟

الجواب ــــــــــــــــــــ

ہوا خارج ہونے سے اگرچہ وضو ٹوٹ جاتا ہے اور دوبارہ کرنا پڑتا ہے لیکن استنجا کرنا لازمی نہیں ہوتا چاہے مقعد گیلی ہو یا خشک، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں بھی اس شخص پر دوبارہ استنجا کرنا لازمی نہیں صرف وضو کرنے سے طہارت حاصل ہوجائے گی۔

**لما قال العلامة عابدينؒ: (فلا يسن من ريح) لأن عنها طاهرة وإنما نقضت لانبعاثها عن مواضع النجاسة، آه. لأن بخروج الريح لايكون على السبيل شيء فلا يسن من بل هو بدعة".** (ردالمحتار، فصل في الاستنجاء: ج ۱ ص ۲۴۶) (۳) (فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۶۲۴)

## شکم میں ریاح گھومنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: ایک باوضو شخص اس کے شکم میں ریاح گھومتی ہے اس کی خواہش ہوتی ہے کہ ریاح خارج ہوجائے، اس نے لیٹ کر، ٹہل کر ریاح خارج کرنا چاہا لیکن خارج نہیں ہوئی اس حالت میں اس کا وضو باقی رہا یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ وباللّٰه التوفيق

جب تک ریاح خارج نہ ہو صرف ریاح گھومنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔(۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد عثمان غنیؒ، ۹/۷/۳۷ ۱۳ھ (فتاویٰ امارت شرعیہ:۲/۶۵)

---

(۱) اس لیے کہ ریح کا نکل جانا ناقض وضو ہے: وخروج ريح. (الدر المختار على هامش ردالمحتار نواقض الوضوء:۱/۱۲۶، ظفیر)

(۲) وكذا يكره الخ وعند مدافعة الأخبثين أو أحدهما أو الريح (الدر المختار، كتاب الصلوٰة:۱/۳۵۱، ظفیر۔

(۳) **لما قال العلامة ابن نجيمؒ: "وقد علم من تعريفه أن الاستنجاء لايسن إلا من حدث خارج من أحد السبيلين غير الريح لأن بخروج الريح لايكون على السبيل فلا يسن منه بل هو بدعة. (البحر الرائق، باب الأنجاس: ج ۱ ص ۲۴۰)**

(۴) **عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "اذا وجد أحدكم في بطنه شيئاً فأشكل عليه أخرج منه شيء أم لا فلا يخرجن من المسجد حتى يسمع صوتاً أو يجد ريحاً. (الصحيح لمسلم باب الدليل على أن من تيقن الطهارة ثم شك في الحدث فله أن يصلي بطهارته تلك:۱/۱۵۶)**

## میڈیکل ٹسٹ کی ایک خاص صورت میں وضو:

سوال: میڈیکل ٹیسٹ کی ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ معدہ تک نلکی پہونچائی جاتی ہے، اور گوشت کا کوئی ٹکڑا مزید تجزیہ کے لئے باہر نکالا جاتا ہے، تو کیا اس کی وجہ سے وضو ٹوٹ جائے گا؟ (ڈاکٹر حامد الدین، مان صاحب ٹینک)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ

اگر نلکی منہ کے راستہ سے نجاست کے حصہ تک پہونچ جائے اور نجاست سے آلودہ ہوکر واپس لوٹے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اگر نلکی پر نجاست نہ لگی ہو، یا گوشت کا چھوٹا سا ٹکڑا نکالا ہو اور وہ نجاست سے آلودہ نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ گوشت کے ٹکڑے کا جسم سے الگ ہونا ناقض وضو نہیں ہے۔

**"فصار کمالو انفصل قطعةمن اللحم فإنه لا ینقض".** (۱)

اور منہ سے نکلنے والی چیز جب تک منہ بھر نہ ہو، ناقض وضو نہیں ہوتی۔

**"لکن ماعلیهاقلیل لایملأالفم فلا یکون حدثاً".** (۲)

اور اگر نلکی پائخانہ کے راستہ سے ڈالی اور پھر نکالی جائے، تو مطلق ناقض وضو ہے، اس پر نجاست نظر آنا ضروری نہیں۔

(کتاب الفتاویٰ: ۲/۴۰-۴۱)

## نابالغ سے لواطت کرے اور انزال نہ ہو تو وضو ٹوٹے گا یا نہیں:

سوال: علم الفقہ جلد اول صفحہ ۸۸ مصنفہ مولانا عبدالشکور لکھنویؒ میں ہے: "اگر کسے با نابالغ فعل ناجائز یعنی لواطت کرد ومنی از وخارج نہ شد ازاں وضو نہ شکند، بشرطیکہ آں نابالغ بایں قدر صغیر باشد کہ وقت دخول مشترک حصہ وخاص حصہ ملصق ......گردد۔ ایں مسئلہ صحیح است یا نہ؟ (۳)

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــ

جواب مسئلہ مذکورہ ہمیں است کہ از علم الفقہ نقل کردہ شد۔ (۴)

**کما فی الدر المختار: "ولاعندوطی بهیمةأومیتةأوصغیرةغیرمشتهاة بأن تصیرمفضاةًبالوطی وإن غابت الحشفة ولاینقض الوضوء فلایلزم إلاغسل الذکر.** (۵) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۴۴)

(۱) البحرالرائق: ۱/۸۴۔
(۲) الکبیری: ۱۹۶۔
(۳) خلاصۂ سوال: مولانا عبدالشکور لکھنویؒ کی کتاب علم الفقہ میں لکھا ہے کہ "اگر کوئی شخص نابالغ کے ساتھ ناجائز کام یعنی لواطت کرے اور اس سے منی نہ نکلے تو اس کی وجہ سے وضو نہ ٹوٹے گا، بشرطیکہ وہ نابالغ اتنا چھوٹا ہو کہ دخول کے وقت مشترک حصہ اور خاص حصہ مل جائے" تو یہ مسئلہ درست ہے یا نہیں؟ انیس۔
(۴) مذکورہ مسئلہ کا جواب وہی ہے جو علم الفقہ سے نقل کیا گیا ہے۔ انیس۔
(۵) الدرالمختار علیٰ هامش ردالمحتار، أبحاث الغسل، قبیل مطلب فی رطوبة الفرج: ۱/۱۵۴۔ یعنی وضو نہیں ٹوٹے گا۔ ظفیر
مگر اس صورت میں گرچہ یہ فعل حرام اور گناہ کبیرہ ہے، لیکن وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ وضو کرنا چاہیے گرچہ ضروری نہیں ہے۔ انیس

## شبہ خروج قطرہ وریح ناقض ہے یا نہیں:

سوال: زید کو گاہ گاہ قطرہ بعد وضو خارج یا داخل نماز میں آ جاتا ہے اور گاہے خروج ریح کا شبہ ہوتا ہے، ذکر میں سے اور کبھی بعد شبہ و وہم خروج قطرہ دیکھا گیا کچھ بھی محسوس نہیں ہوا آپ مابہ الفرق والامتیاز سمجھا دیں کہ کیسے یقین کیا جائے کہ قطرہ آیا یا ریح ذکر میں سے نکلی جس کی وجہ سے نیت نہ توڑی جاوے کیونکہ قطرہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور ریح جو ذکر سے نکلے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا اور یہ وہم و شبہ بھی نہ ہوا کرے؟ فقط۔

الجواب

محض شبہ سے نیت نہ توڑی جاوے نماز پڑھ کر فوراً دیکھ لیا جاوے اور دیکھنے سے جو ثابت ہو اس کے موافق عمل کیا جائے۔(۱) فقط

۳/ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ (تتمہ اولیٰ: ص ۸) (امداد الفتاویٰ جدید: ۱/۳۴)

## دورانِ وضو بار بار شک کرنے والا کیا کرے:

سوال: گذارش ہے کہ میں تبخیر کا مریض ہوں جب وضو کرنے بیٹھتا ہوں تو ہوا نیچے کو یعنی خارج ہونے کی جگہ پر عموماً اور اکثر آ جاتی ہے جیسے اب نکلی اب نکلی۔ کئی دفعہ وضو کرتا ہوں۔ مثلاً ہاتھ دھونے کے بعد شک پڑ جاتا ہے کہ کہیں ہوا خارج نہ ہو گئی ہو۔ پھر دوبارہ ہاتھ دھونے شروع کرتا ہوں۔ کبھی منہ تک پہنچنے کے بعد شک پڑ جاتا ہے، کبھی ایک پاؤں باقی ہوتا ہے کہ پھر نئے سرے سے وضو کرتا ہوں۔

غرض تبخیر کا مرض بھی ہے اور کوئی چیز شک بھی ڈال دیتی ہے۔ یہی حالت نماز میں پیش آتی ہے کبھی اس طرف دھیان جاتا ہے کہ ہوا خارج نہ ہو گئی ہو۔ جب اکیلا نماز پڑھتا ہوں تو کوئی چیز کبھی دل میں یہ شک ڈال دیتی ہے کہ ''**سبحانک اللّٰھم**'' نہیں پڑھی گئی۔ کبھی یہ شک پڑ جاتا ہے کہ ''**الحمد للّٰہ**'' نہیں پڑھی گئی۔ غرض طرح طرح اور موڑ موڑ پر شک پڑ جاتی ہے۔ شرعاً ایسے مریض کو کیا کرنا چاہئے وضاحت سے ارشاد فرمائیں۔

الجواب

**وشک فی بعض وضوئه وهو أول ماعرض له غسل ذلک الموضع وإن کثر شکه لایلتفت إلیه وکذالو شک أنه کبر للافتتاح وهو فی الصلوٰة أو أحدث أو مسح رأسه أم لافإن کان أول ماعرض استقبل وإن کثر یمضی.** (مراقی علی هامش الطحطاوی: ۲۶۰)

مقعد کے قریب محض ریح کے جمع ہو جانے سے کچھ نہیں ہوتا۔ تاوقتیکہ اس کے نکلنے کا یقین نہ ہو محض شک کی بنا پر تجدید ہر گز نہ کریں اس سے مرض بڑھے گا۔ نماز میں بھی اگر کسی سورۃ وغیرہ کے چھوٹنے کا خیال آوے تو اس کی

(۱) **الیقین لایزول بالشک.** (الاشباہ والنظائر، القاعدة الثالثة، الفن الاول فی القواعد الکلیة. انیس)

طرف التفات نہ کریں جو سورۃ پہلے سے پڑھ رہے ہوں اسی کو پڑھ کر نماز پوری کرلیں ایسے خیالات کو شیطانی وسوسہ سمجھئے۔اسی طرح خروج ریح کا جب تک یقین نہ ہو محض شک کی بنا پر نماز نہ توڑیں۔ایسے شک اور وسوسہ کا علاج یہی ہے کہ اس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔دفع کرنے کا بھی ارادہ نہ کریں کیونکہ اس سے یہ زیادہ چمٹے گا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ، نائب مفتی خیر المدارس، ملتان۔(خیر الفتاویٰ:۵۴/۲۔۵۵)

## شک سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: ایک شخص کو بعد وضو کے شک ہوتا ہے کہ ریح نکلی یا نہیں اور کبھی اس کو خروج ریح کا احساس نہیں ہوتا تو اس کو کیا کرنا چاہئے۔کیا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا؟

الجواب

شک سے وضو نہیں ٹوٹتا۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱۴۳/۱)

## وضو کے بعد شک غیر معتبر ہے:

سوال: وضو کرنے کے بعد شبہ ہوا کہ وضو صحیح ہوا یا نہیں، اب اس کا کیا حکم ہے وضو کا اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اعادہ ضروری نہیں۔

**قال العلائی:شک في بعض وضوئه أعادماشک فیه لوفی خلاله ولم یکن الشک عادةً له وإلاّلا،وقال ابن عابدین (قوله إلالا)أی وإن لم یکن فی خلاله بل کان بعدالفراغ منه وإن کان أول ماعرض له الشک أوکان الشک عادةً له وإن کان فی خلاله فلایعید شیئاًقطعاًللوسوسة عنه کمافی التاترخانیة وغیرها .(۲)فقط واللّٰه تعالیٰ أعلم**

۲۱/ جمادی الاخریٰ ۹۹ھ۔(احسن الفتاویٰ:۲۹/۲)

(۱) وشک بالحدث أوبالعکس أخذبالیقین.(الدرالمختار علیٰ هامش ردالمحتار،نواقض الوضوء:۱۴۰/۱)
ومن شک فی الحدث فهوعلی وضوئه.(عالمگیری کشوری:۱۲/۱،ظفیر)

(۲) ا۔شریعت میں یقین پر عمل کرنے کا حکم ہے، البتہ بعض عبادات میں شک کے پہلو کا بھی اعتبار کیا گیا ہے، چنانچہ وضو جیسی عبادت میں بھی اس کا اعتبار کیا گیا ہے، لیکن یقین کو ترجیح بہر حال ہوگی۔۲۔مثلاً وضو کیا اور اس کا یقین ہے کہ وہ باوضو ہے اور اس بارے میں شک ہو جائے کہ کوئی حدث (وضو توڑنے والا معاملہ) پیش آیا ہے یا نہیں تو اس شک سے وضو باطل نہ ہوگا۔(ردالمحتار) البتہ اگر ظن غالب حدث لاحق ہونے کا ہو تو اس صورت میں افضل یہ ہے کہ دوبارہ وضو کرلے۔(الفتاویٰ التاتارخانیة:۱۴۵/۱) ۳۔باوضو ہو کر لیٹا اور اسے شک ہو گیا کہ اسے نیند آئی تھی یا نہیں تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔(ردالمحتار) ۴۔باوضو تھا اور اس سے اس نے کئی رکعت نماز ادا کی اور اسے یاد نہیں کہ کوئی حدث لاحق ہوا یا نہیں، مگر دو عادل شخص کہتے ہیں کہ تم نے وضو کے بعد استنجاء کیا تھا تو پھر وضو کرکے نمازوں کی قضا کرے گا، ==

## باوضو ہونے میں شک کا حکم:

سوال: صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص کو طہارت کا یقین ہے بعد میں حدث کا شک ہو گیا یا اس کے برعکس کسی کو حدث کا یقین ہے لیکن وضو کرنے میں شک ہے یعنی یہ یقین نہیں کہ اس نے وضو کیا ہے یا نہیں دونوں صورتوں کا حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب ــــــــــــ باسم ملهم الصواب

پہلی صورت میں اس کا وضو باقی ہے، دوسری صورت میں بے وضو شمار ہوگا۔

**قال شارح التنویرؒ: لو أیقن بالطهارة وشک بالحدث أو بالعکس أخذ بالیقین.** (رد المحتار: ۱/۱۴۰) **فقط واللّٰه تعالیٰ أعلم**

۲۶؍ جمادی الآخرۃ ۹۹ھ۔ (احسن الفتاویٰ: ۲/۲۹)

## اثنائے وضو میں حدث ہو جائے تو از سر نو وضو کرے:

سوال: **ماقولکم رحمکم اللّٰه فی أنه رجل یتوضأ وقد أحدث فی أثناء الوضوء مثلاً أحدث بعد غسل الیدین وقبل المسح وغسل الرجلین فهل یجب علیه استیناف الوضوء أم لا؟**

درمیان وضو میں حدث ہو جائے تو وضو پھر از سر نو کرے گا یا اس کی ضرورت نہیں ہے؟

الجواب ــــــــــــ

**یجب علیه استیناف الوضوء لأن الحدث منافٍ للطهارة وخروج الریح ناقض للطهارة الحاصلة فإن النواقض کما تنقض الطهارة الکاملة تنقض الطهارة الناقصة أیضاً. أو نقول: إن المتوضی لما غسل الیدین فقد حصل طهارة الیدین وهکذا إلیٰ آخره فلما عرض الناقض أبطل ماسبقه من الطهارة فلذا یجب علیه الاستیناف (وسببها الحدث فی الحکمیة وهو وصف شرعی یحل فی الأعضاء یزیل الطهارة.** (۱) فقط (حاصل جواب یہ ہے کہ وضو از سر نو کرے گا۔ ظفیر) (فتاویٰ دار العلوم: ۱۴۱)

---

== البتہ اگر ایک شخص کہے اور اسے یقین نہ آئے بلکہ شک ہو تو وضو کا اعادہ نہ کرے گا اور نہ قضا کرے گا۔ (الفتاویٰ التا تارخانیۃ: ۱/۱۴۵) ۵۔ اگر حدث لاحق ہونے کا یقین ہو اور اس بارے میں شک ہو کہ وضو کیا یا نہیں اور کسی عادل شخص نے اسے یہ بتایا کہ تم نے وضو کیا تھا تو اس کی بات کا اعتبار کر کے نماز ادا کر سکتا ہے۔ (الفتاویٰ التا تارخانیۃ: ۱/۱۴۵) ۶۔ الف۔ باوضو شخص کو اس بارے میں شک ہو گیا کہ وضو کے بعد وہ قضاء حاجت کے لیے بیت الخلا میں داخل ہوا تھا یا نہیں تو ایسا شخص تحری کرے گا اور ظن غالب پر عمل کرے گا۔ ب۔ لیکن اگر اسے بیت الخلا میں جانا تو یاد ہے مگر اس بارے میں شک ہے کہ وہ قضاء حاجت سے پہلے ہی واپس ہو گیا تھا یا نہیں تو ایسے شخص کو محدث سمجھا جائے گا اور وہ نماز کے لیے دوبارہ وضو کرے گا۔ (الفتاویٰ التا تارخانیۃ: ۱/۱۴۵) (طہارت کے احکام ومسائل: ۱۳۶، ۱۳۷۔ انیس)

(۱) **الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار کتاب الطهارة: ۱/۷۹۔** ظفیر

## اثنائے وضو میں حدث ہو جائے تو پھر شروع سے وضو کرے:

سوال: جس کا وضو نصف یا ثلث تک ہو چکا یا فقط پاؤں دھونا باقی ہے۔ پس اس کو حدث ہوا۔ کیا از سر نو وضو کرنا پڑے گا یا باقی عضو کو دھونا کافی ہوگا؟

الجواب ــــــــــــــــــــــ

از سر نو وضو کرنا لازم ہے۔ **لأن الطهارة فرض بعدالحدث إذا قام إلى الصلوٰة كما قال تعالىٰ: "يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلوٰةِ فَاغْسِلُوْا" الآية أى وأنتم محدثون. (اِذَاقُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ الخ وتقديره وأنتم محدثون كذاعن ابن عباسؓ، الخ.** (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱۴۲/۱)

## درمیان وضو ناقض وضو کا تحقق ہونے سے وضو کا حکم:

سوال: ایک شخص وضو کے دوران مثلاً چہرہ اور ہاتھ دھو چکا تھا اس کے بعد خروج ریح یا خروج دم پیش آ گیا ایسی صورت میں وہ شخص از سر نو وضو کرے یا بغیر اعادہ کے وضو مکمل کرے؟ ایک فریق کہتا ہے کہ وضو مکمل نہیں ہوا تو ٹوٹنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لہٰذا بغیر اعادہ کے وضو مکمل کر کے نماز پڑھ لے، نماز درست ہو جائے گی۔ دوسرا فریق کہتا ہے کہ جب نواقض وضو کامل وضو کو توڑ سکتا ہے تو دو تین رکن کو بطریق اولیٰ توڑ سکتا ہے، نیز اگر عمل مکمل ہونے کے بعد ہی باطل و فاسد ہونے کا حکم صادر کیا جائے تو پھر درمیان صلوٰۃ وضو میں کوئی فساد کی صورت پیش آئے تو فاسد و باطل نہیں ہونا چاہیے، نیز تیمّم میں صرف چہرہ کا تیمّم کیا ہے اور نواقض تیمّم میں سے کوئی چیز پیش آ گئی تو اس کا حکم کیا ہوگا؟ ہر دو فریق قیاس سے کام لے رہے ہیں جواب بحوالہ عنایت فرمائیں تو احسان ہوگا۔

الجواب ــــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

وضو مکمل کرنے سے پہلے اگر ناقض وضو پیش آ جائے تو جن اجزائے وضو کو پہلے ادا کر چکا ہے ان کا بھی نقض ہو گیا، از سر نو وضو کرنا ضروری ہے یہ مسئلہ صریحہ جزئیہ طحطاوی علیٰ مراقی الفلاح، شامی، الأشباہ والنظائر وغیرہ میں موجود ہے۔ (۲)

---

(۱) غنیۃ المستملی: ۱۴، ظفیر۔

(۲) **سئلت عمن أحدث أثناء وضوئه هل يكفيه إتمامه لذلک الوضوء أويلزمه الاستيناف؟ فالجواب أنه يلزمه الاستيناف كماأفتى به شيخ الاسلام على آفندى. والله أعلم. (الفتاوىٰ الكامليه: ۱۰، الطهارة، مكتبه حقانيه، لوضرب يديه فقبل أن يمسح أحدث لايجوز المسح بتلک الضربة كمالو أحدث فى الوضوء بعدغسل بعض أعضاء وبه قال السيد أبوشجاع. (الفتاوىٰ العالمكيريه: ۲۶/۱، الفصل الأول، رشيديه، وكذافى فتاوىٰ دار العلوم ديوبند: ۱۳۰/۱، إمداديه، ملتان، وكذافى غنية المستملى (الحلبى الكبير): ۱۵، سهيل اكيڈمى، لاهور، وكذافى الأشباه والنظائر: ۲/۲، ۶، إدارة القرآن، كراچى، وكذافى مراقى الفلاح: ۱۲۱، كتاب الطهارة، قديمى.)**

قیاس کرنے کی ضرورت ہی نہیں تتبع کی ضرورت ہے، ماشاء اللہ کتابیں آپ کے پاس موجود ہیں، تلاش کرلیں۔ یہی حکم تیمّم کا ہے، تیمّم کی ’’الشرط السادس‘‘ کے ذیل میں مراقی الفلاح میں جزئیہ دیکھیں۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱/۵/۱۴۰۶ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۰و۶۱)

## وضو کا یقین ہو تو شبہ کی وجہ سے وضو ضروری نہیں:

سوال: کسی شخص کا وضو ہے وہ کھیلنے گیا، بعد کھیل کے اسے اچھی طرح معلوم نہیں ہے اور خیال نہیں ہے کہ میرا وضو ہے، کیا اس کو دوسرا وضو کرنا چاہئے؟

الجواب

اگر یہ اچھی طرح یاد ہے کہ وضو ہے تو نماز پڑھ لے وضو جدید کی کچھ ضرورت نہیں اور اگر کرلیوے تو اچھا ہے اور ثواب زیادہ ہے۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۴۹۔۱۵۰)

## محض سوزش ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: احمد نامی ایک شخص کے تمام اعضا کمزور ہیں اور مرض احتلام وجریان کا عرصہ سے شکار ہے، اکثر خیالات فاسدہ آتے رہتے ہیں اور کسی بھی چیز کے دیکھنے پر شہوانی خیالات ابھر جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے عضو مخصوص میں تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے، بغیر پیشاب کے حاجت معلوم ہوتی ہے یا عضو میں سوزش ہوتی ہے کیا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا؟

الجواب　حامداً و مصلیاً

محض سوزش یا پیشاب کی حاجت محسوس ہونے سے وضو ساقط نہیں ہوگا جب تک کسی چیز کا خروج نہ ہو۔(۳) فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۹)

## بواسیر کے مسوں پر تیل لگاتے ہوئے تر انگلی کا اندر داخل کرلینا ناقض وضو ہے:

سوال: ایسی دوا بواسیر جو از قسم تیل ہو اور مسہ بھیتر (اندر) ہو......وہ دوا انگلی میں لگا کر بھیتر پہونچانا چاہے

(۱) حاشیۃالطحطاوی علی مراقی الفلاح: ۱۲۱، کتاب الطهارة.

(۲) ولو أیقن بالطهارة وشک بالحدث أو بالعکس أخذ بالیقین ولو تیقنهما وشک فی السابق فهو متطهر. (الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، قبیل أبحاث الغسل: ۱/۱۳۹، ظفیر)

(۳) وفی الخلاصة: "ولو نزل البول إلیٰ قصبة الذکر لاینقض، لأنه من الباطن. (التاتار خانیة: ۱/۱۲۳، إدارة القرآن، کراچی وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۱/۹، الفصل الخامس، نواقض الوضوء، رشیدیه، وکذا فی النهر الفائق: ۱/۵۱، نواقض الوضوء، مکتبه إمدادیه، ملتان، وکذافی خلاصة الفتاویٰ: ۱/۱۶، الفصل الثالث فی الوضوء، امجد اکیڈمی، لاهور.)

اور انگلی ......دوا پہونچاتے وقت ایک گرہ سے کم بھیتر جاتی ہے، پھر انگلی نکال لی گئی، تو باوضو ہونے کی حالت میں وضو قائم رہا یا نہیں اور جو تیل پاخانہ کے مقام پر اس عمل سے لگا رہا نجس ہے یا نہیں اور پاجامہ کی رومالی میں وہ تیل لگ جانے سے رومالی نجس ہوئی یا نہیں، اور وقتاً فوقتاً دو تین بار ایسا عمل کرنے سے کیا حکم ہے؟

الجواب

**قال في الدر: "وكذا لو أدخل أصبعه في دبره ولم يغيبها فإن غيبها أو أدخلها عند الاستنجاء بطل وضوءه وصومه، آه.**

**وفي الشامية: "قوله: ولم يغيبها، لكن الصحيح أنه تعتبر البلة أو الرائحة ذكره في المنتقى آه وفيه أيضا: وكذا لو خرج الدهن من الدبر بعد ما احتقن به ينقض بلا خلاف، آه.** (ص ۱۵۴ و ۱۵۵ ج ۱)

**وفيه أيضا: قلت: ولكن لو أدخلها عند الاستنجاء ينتقض وضوءه أيضاً لأنها لا تخلو عن البلة إذا خرجت كما في شرح الشيخ اسمٰعيل عن الواقعات وكذا في التاتارخانية لكن نقل فيها أيضاً عن الذخيرة: عدم النقض والذي يظهر هو النقض لخروج البلة، آه.**

خلاصہ یہ کہ جب انگلی کو تر کرکے دبر میں داخل کیا جاویگا تو وضو ہر حال میں ٹوٹ جائے گا، خواہ غائب ہو یا نہ ہو، اسی طرح جو تیل دبر میں لگایا گیا ہے جب وہ باہر نکل آوے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ وہ تیل نجس ہے، پس رومالی میں جو تیل لگا ہوا ہے اگر وہ اندر سے آنے والا ہے تب تو رومالی ناپاک ہے اور اگر وہ تیل ہے جو اندر سے نہیں آتا بلکہ باہر ہی سے لگ جاتا ہے تو ناپاک نہیں، ہر حال میں احتیاط ضروری ہے، مریض کو چاہئے کہ جب وہ تیل لگا چکے تو فوراً کسی دوسرے کپڑے سے دبر اور اس کے حوالی کو اچھی طرح تیل سے صاف کردیا کرے اس کے بعد بھی اگر تیل کا اثر باہر ظاہر ہو تو وہ اندر سے آنے والا ہے جس سے یقیناً کپڑا ناپاک ہوجائے گا۔ (امداد الاحکام جلد اول ص ۳۴۸ و ۳۴۹)

## خروجِ مَسَّہ بواسیر ناقضِ وضو ہے:

سوال: ایک آدمی خونی بواسیر کا مریض ہے۔ نماز میں مسہ جائے مقعد سے باہر نکلا مگر اس کے ساتھ خون وغیرہ کچھ نہیں نکلا پھر مسہ خود بخود گم ہوگیا۔ کیا وضو ٹوٹ گیا یا نہیں؟

الجواب

اگر یہ معذورین کے حکم میں نہیں ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ **لعموم وينقض الوضوء كل ما خرج من السبيلين، اهـ.**

عالمگیری میں ہے: **وذكر الشيخ شمس الأئمة الحلوانيؒ أن بنفس الخروج من الدبر ينتقض وضوءه، اهـ.** (ج ۱ ص ۵) **فقط والله أعلم**

محمد انور عفا اللہ عنہ، ۱۳۹۶/۴/۸، الجواب صحیح: بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ (خیر الفتاویٰ: ۲/ ۷۵)

## سبیلین سے بول و براز کے علاوہ خون یا پیپ نکلے تو ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: عاجز بہت ضعیف ہونے کے علاوہ اور مختلف امراض میں بھی مبتلا رہتا ہے بواسیر کا بھی خون اور کبھی کچھ اور مادہ کبھی کم کبھی زیادہ نکلتا ہے اور کپڑا ملوث ہوجاتا ہے، فتاویٰ شامی :۱۲/۱ میں ایسے عذر کی حالت میں کپڑے کو ناپاک نہ ہونے کو مفتیٰ بہ بتایا ہے مگر سبیلین سے خارج ہونے کو شرح منیۃ المصلی کے ص: ۱۱۸ میں اس قاعدہ سے مستثنیٰ کیا ہے کہ سبیلین سے خارج ہونے میں جو سیلان خون و پیپ ہو یا سیلان نہ ہو مجرد ظہور سے ناقض وضو قرار دیا ہے، غالباً نجس ہی ہوگا، میری نظر بہت ضعیف ہوگئی، فتاویٰ پڑھا نہیں جاتا۔ میرا خیال ہوتا ہے کہ سبیلین سے بول و براز کا اگر ظہور ہو تو یقیناً ناقض وضو اور نجس ہے اور اگر علاوہ بول و براز کے خون یا پیپ نکلے تو موافق پہلے قاعدہ مرقومہ کے شاید نجس اور ناقض وضو نہ ہو، جواب تحریر فرمائیں؟ آپ کی تحریر مجھے اطمینان دہ ہے۔

(المستفتی نمبر۱۳۲۴، مولوی محمد مشتاق احمد صاحب، ضلع کرنال، ۱۹/ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ، مطابق ۲/فروری ۱۹۳۷ء)

الجواب

مخدوم و مکرم حضرت مولانا دامت برکاتہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مکرمت نامہ نے ممنون و مشکور فرمایا حق تعالیٰ آپ کے سایہ مکرمت و فیوض کو تا دیر مبسوط رکھے۔ (آمین)

آپ کا وجود باعث برکات و خیرات ہے۔

سبیلین سے ہر خارج نجس و ناقض وضو ہے کم ہو یا زیادہ، سائل ہو یا نہ ہو اور رطوبتِ دبر بہرصورت نجس ہے۔

**"وکذاالدودۃ والحصاۃ إذاخرج من أحد ھذین الموضعین لاستتباع الرطوبۃ وھی حدث فی السبیلین وإن قلت".** (غنیۃالمستملی)

اور کسی زخم سے خون یا پیپ کا تھوڑا تھوڑا نکلتا رہنا اور کپڑے کو لگتا رہنا بیشک بقول مفتیٰ بہ نہ ناقض وضو ہے اور نہ اس سے کپڑا ناپاک ہوتا ہے مگر یہ حکم سبیلین کا نہیں ہے۔ ہاں بواسیر میں مخرج سے باہر مسے اور مسوں کی جڑ میں قروح ہوجاتے ہیں ان میں سے جو خون یا رطوبت نکلتی ہے اور کپڑے پر لگتی رہتی ہے اس کا حکم دوسرے زخموں کا ہے کیوں کہ اس سے نکلنے والی رطوبت خارج من السبیلین میں داخل نہیں ہے خارج من السبیلین میں وہی رطوبت داخل ہے جو مقعد کے اندر سے باہر آئے اور جو حوالی مقعد کے بیرونی مسوں یا زخموں سے نکلے اس کا حکم مثل دیگر اجزائے جسم سے نکلنے والی رطوبت یا خون وریم کے ہوگا۔

امید کہ دعائے خیر میں خادم کو یاد فرماتے رہیں گے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی ۱۹/ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ۔ (کفایت المفتی:۲/۲۶۶-۲۶۷)

## خون نکل کر بہہ جائے تو وضوٹوٹ جاتا ہے:

سوال: کہتے ہیں کہ خون نکلنے اور بہنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، یہ حدیث سے ثابت ہے اور امام اعظمؒ کے مذہب میں وضوٹوٹ جاتا ہے۔اس کا استدلال کہاں سے ثابت ہے؟

الجواب

اس کا استدلال آیت ''اَوْ دَماً مَّسْفُوْحاً'' سے ہے۔(۱) (فتاویٰ دار العلوم: ۱۳۸/۱)

## خون پھیل جانے سے وضو کا حکم:

سوال: اگر خون یا پیپ نکل کر بہنے کی صورت اختیار نہ کرے اور یوں ہی بدن پر پھیل جائے تو کیا اس سے وضوٹوٹ جائے گا؟

الجواب

جب خون یا پیپ زخم کے منہ سے خارج ہو کر پھیل جائے تو اس سے وضو کا ٹوٹنا بہنے پر موقوف نہیں۔

---

(۱) المعانی الناقضة للوضوء: كل مايخرج من السبيلين الخ والدم والقيح إذخرجا الخ ولناقوله عليه السلام: الوضوء من دم سائل،الخ.(الهداية)أخرجه الدارقطنى،ووجه الاستدلال: أن مثل هذاالتركيب يفهم منه الوجوب كمافى قوله صلى اللّٰه عليه وسلم: ''فى خمس من الإبل شاة'' فلاخلاف فى فرضيته وقوله عليه الصلوٰةوالسلام:'' إنما الماء من الماء'' ولاخلاف فى وجوب الغسل بسبب خروج المنى فكان معناه توضؤوامن كل دم سال من البدن وإنماعبرعنه بلفظ الخبرلكونه آكد فى الدلالةعلى الوجوب كأنه أمرفامتثل أمره فأخبرعن ذلك وهو آية كونه واجباًفإن الأمرإذاكان ممن لايكذب فى كلامه يعبرعن مطلوبه بلفظ الخبرتاكيداًللطلب لأن فى تركه تكذيباًله وهوممن لايكذب على ماعرف فى موضعه ،فإن قيل: سلمنا،لكن يجوزأن يكون المراد به الوضوء اللغوى قلنا:ذاك مجازشرعى ولاتترك الحقيقةالشرعية فى كلام الشارع بلادليل (عناية علىٰ هامش فتح القدير:۳۵/۱،ظفیر )

ہدایہ کی شروح اربعہ مصری بھی مختلف مطابع میں چھپی ہیں، خاکسار نے عنایہ، کفایہ اور فتح القدیر کا اگر کہیں حوالہ دیا ہے تو اس میں صفحات ''مطبعہ میمنہ'' مصر کی چھپی ہوئی ہیں۔ظفیر الدین غفرلہ )فقط

۱۔قال تميم الداريؓ : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: الوضوء من كل دم سائل. (الدار قطنى،باب فى الوضوء من الخارج من البدن ص۱۶۳نمبر۵۷۱ )اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بہنے والا خون ناقض وضو ہے۔

۲۔عن أبى هريرةؓعن النبى صلى الله عليه وسلم قال:ليس فى القطرة و القطرتين من الدم وضوء إلا أن يكون دماً سائلاً۔(الدار قطنى ،باب فى الوضوء من الخارج من البدن،ج اول،ص۱۶۳نمبر۵۷۲ )

۳۔عن عطاءؒ ،الشجة يكون بالرجل قال:إن سال الدم فليتوضأ،و إن ظهرولم يسل فلا وضوء عليه. (المصنف لعبد الرزاق ،باب الوضوء من الدم،ج اول،ص۱۱۰،نمبر۵۴۵ )

۴۔قال لى عطاءؒ: توضأ من كل دم خرج فسال،قيح أودم أو نفطة يسيرة إذا خرج فسال فيه الوضوء قال: وإن نزعت سنا فسال منها دم فتوضأ.(المصنف لعبدالرزاق،باب الوضوء من الدم ،ج اول ،ص۱۱۱،نمبر۵۴۶،انیس )

**"قال الحصكفيؒ: وينقضه خروج كل خارج نجس منه إلىٰ مايطهر أى يلحقه حكم التطهير.** (الدر المختار علىٰ صدر رد المحتار، نواقض الوضوء: ج ۱ ص ۱۳۴ و ۱۳۵) (۱) (فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۵۱۸)

## انجکشن لگوانا ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے متعلق کہ انجکشن لگوانا یا بدن میں دوا، خون، گلوکوز چڑھوانا ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــ و باللّٰہ التوفیق

اگر ان چیزوں کے استعمال سے خون یا پیپ وغیرہ کچھ بدن سے نہ نکلے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اس لئے کہ ناقض وضو خروج نجاست ہے۔ (۲) لیکن اگر انجکشن کے ذریعہ خون بدن سے نکالنا مقصد ہو تو یہ ناقض وضو ہے اس کی نظیر یہ جزیہ ہے۔

**القراد إذا مص إنساناً فامتلأ دماً إن كان صغيراً لاينقض وضوءه كمالو مصت الذباب أوالبعوض وإن كان كبيراً ينقض وكذاالعلقة إذامص عضوإنسان حتى امتلأت من دمه انتقض الوضوء.** (۳) **فقط واللّٰه أعلم بالصواب**

کتبہ العبد نظام الدین عفی عنہ مفتی دار العلوم دیوبند (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۱/۴۴)

## وریدی انجکشن ناقض وضو ہے:

سوال: حضرت والا نے بیان فرمایا تھا کہ وریدی انجکشن میں خون نکلنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے تو کیا ہر انجکشن میں خون نکلنا ضروری ہے۔ نیز اگر خون نکلا تو وہ پچکاری میں دوا کے ساتھ مل کر دوبارہ بدن میں داخل ہو جائے گا اگر اس خون کو خارج مان لیا جائے تو کیا اس صورت میں تداوی بالمحرم نہ ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب ـــــــــــــــ باسم ملهم الصواب

وریدی انجکشن میں سوئی کے ورید میں پہونچنے کا یقین حاصل کرنے کا صرف یہی ذریعہ ہے کہ پچکاری میں خون آجائے جب تک پچکاری میں خون نظر نہیں آتا اس وقت تک دوا بدن میں داخل نہیں کی جاتی، عضلاتی اور جلدی انجکشن

---

(۱) قال إبراهيم الحلبيؒ: إذا خرج وتجاوزمكان خروجه إلىٰ موضع يلحقه أى يلحق ذلك الموضع حكم التطهير أى يجب تطهيره فى الجملة. (كبيرى، نواقض الوضوء، ص۱۳۱، ومثله فى الهندية: ج۱ص۱۰، الفصل الخامس فى نواقض الوضوء)

(۲) الدر المختار علىٰ هامش الشامي: ۱/۹۰، نواقض الوضوء)

عن ابن عباسؓ: أن رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم قال: الوضوء مما خرج و ليس ممادخل. (سنن البيهقى، باب الوضوء من الدم يخرج من أحد السبيلين وغيرذلك من دودةأوحصاة أوغيرذلك: ۱/۱۸۸، نمبر ۵۶۸/المصنف لعبد الرزاق، باب من يطأنتناً يابساً أو رطباً: ۱/۲۴، نمبر ۱۰۰ـ انیس)

(۳) فتاویٰ عالمگیری ۱/۶ کتاب الطہارۃ۔

میں خون نہیں نکلتا، اس لیے صرف وریدی انجکشن ناقض وضو ہے، عضلاتی اور جلدی نہیں، باقی رہا تداوی بالمحرم کا مسئلہ تو اگرچہ پچکاری میں خون نکل کر دوا کے ساتھ شامل ہوجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے دوا نجس ہوجاتی ہے لیکن انجکشن خارجی استعمال میں داخل ہے یہی وجہ ہے کہ انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور خارجی طور پر تداوی بالمحرم جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ / جمادی الاولیٰ ۹۶ھ۔ (۱) (احسن الفتاویٰ: ۲/ ۲۳۔۲۴)

## انجکشن سے خون لینا کیا ناقض وضو ہے:

سوال: ناچیز نماز عصر کے بعد با وضو تھا اسی دوران ہسپتال میں ایک جاں بلب بیمار کو خون کی ضرورت پڑی ناچیز نے اسے اپنا خون دیا، ہسپتال سے سیدھا واپس آ کر نماز مغرب تیار تھی باوضو ہونے کے خیال سے نماز میں امامت کے بعد میں نے ایک مولوی صاحب سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ نماز نہیں ہوئی جبکہ دوسرے مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ خون ایک رگ سے بذریعہ سوئی اور نالی بوتل میں بھرا اور اسی صورت میں دوسرے بیمار کی رگ کے ذریعہ اس کے جسم میں منتقل کیا گیا، ایک قطرہ بھی گرا نہیں اس لیے خون بہنے کا مسئلہ نہیں رہا، لہذا نماز ہوگئی۔

الجواب ـــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

خون اگرچہ زمین پر نہیں گرا لیکن اگر نالی اور بوتل نہ ہوتی جس میں خون لیا گیا ہے بلکہ بذریعہ سوئی ایسے ہی نکالا جاتا تو ضرور بہہ کر زمین پر گر جاتا جیسے جونک لگادی جائے اور وہ خون چوس لے جو اس کے پیٹ میں چلا جائے زمین پر ایک قطرہ بھی نہ گرے تو وہ فقہا کے نزدیک ناقض وضو ہے اسی طرح صورت مسئولہ میں بھی ناقض وضو ہے، اس نماز کا اعادہ لازم ہے، مراقی الفلاح ص: ۵۲ میں ہے:

**"وينقض الوضوء نجاسة سائلة من غيرهما: أی السبيلين لقوله عليه الصلوٰة والسلام: الوضوء من كل دم سائل".**

علامہ طحطاوی نے لکھا ہے:

**"والمراد أن تتجاوز ولو بالعصر، وما شأنه أن يتجاوز لولا المانع، كما لو مصت علقة فامتلئت بحيث لو شقت لسال من الدم كذافی حلبی". (۲) فقط والله أعلم**

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/ ۶۹، ۷۰)

(۱) وكذا ينقضه علقة مصت عضواً وامتلأت من الدم (الدر المختار) وقال لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل. (ردالمحتار: ۱/ ۱۳۹، نواقض الوضوء. انيس)

(۲) حاشية الطحطاوی علیٰ مراقی الفلاح: ۸۷، فصل نواقض الوضوء، قديمی، وكذا ينقضه علقة مصت عضواً وامتلأت من الدم (الدر المختار) وقال لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل. (ردالمحتار: ۱/ ۱۳۹، نواقض الوضوء، سعيد، وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية: ۱/ ۱۱، الفصل الخامس فی نواقض الوضوء، رشيديه)

## انجکشن کے ذریعہ خون نکلنے سے وضو:

سوال: ڈاکٹر ٹیسٹ کے لئے انجکشن کے ذریعہ خون لیا کرتے ہیں، کیا اس سے وضو جاتا رہے گا؟
(ظفیر الدین، عنبر پیٹ)

الجواب

خون اگر اتنی مقدار میں باہر آئے کہ وہ بہنے کے درجہ میں نہ ہو، تو وضو نہیں ٹوٹتا، جیسے زخم سے باہر یا چمڑا چھیل دینے سے خون ظاہر ہو، لیکن اپنی جگہ سے آگے بڑھ نہ جائے اور اگر خون اتنی مقدار میں ہو کہ اپنی جگہ سے بہہ پڑے، تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، چنانچہ دارقطنیؒ نے تمیم داری رضی اللہ عنہ سے اور ابن عدیؒ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے، کہ بہتا ہوا خون نکلنے سے وضو واجب ہے:

**"الوضوء من كل دم سائل".** (۱)

فقہاء رحمہم اللہ نے انجکشن سے قریب تر ایک صورت ذکر کی ہے کہ چیچڑی اگر کسی آدمی کو چوسے، اور خون سے بھر جائے، تو چیچڑی چھوٹی ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا، یہی حکم مچھر اور مکھی کے خون چوسنے کا ہے اور اگر بڑی چیچڑی ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

**"القراد إذا مص عضو إنسان فامتلأ دماً، إن كان صغيراً لا ينقض وضوئه... وإن كان كبيراً ينقض".** (۲)

لہذا اگر انجکشن کے ذریعہ ٹیسٹ کے لئے یا کسی اور مقصد کے تحت خون نکالا جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اگر دواء پہونچانے کی غرض سے انجکشن دیا جائے اور تھوڑا سا خون، ہی انجکشن کے ساتھ واپس آئے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔
(کتاب الفتاویٰ: ۲/۵۰۔۵۱)

## انجکشن اور جونک کے ذریعہ خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں:

سوال: انجکشن کے ذریعہ خون نکالتے ہیں اس سے وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب

اگر نکلا ہوا خون بہہ پڑنے کی مقدار ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ کبیریؔ میں ہے:

**إذا فصد وخرج منه دم كثير ولم يتلطخ رأس الجرح فإنه ينقض.** (صفحہ: ۱۲۹)

یعنی فصد لگایا اور بہت سارا خون زخم سے نکلا اور زخم کے ظاہری حصے پر ذرہ برابر بھی خون نہیں لگا اس سے وضو ٹوٹ

---

(۱) نصب الراية في تخريج أحاديث الهداية: ۱/۳۷۔
(۲) الفتاویٰ الهندية: ۱/۱۱، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، كتاب الطهارة.

جائے گا۔ پہلے زمانہ میں آلہ فصد سینگی تھی آج کے جدید دور میں انجکشن اسی آلہ فصد کی بدلی ہوئی صورت ہے، جونک کے ذریعہ خون نکالا جاتا ہے اس کا بھی یہی حکم ہے۔

(و كذاينقضه علقة مصت عضواً و امتلأت من الدم ...الخ. (درمختار ۱/۱۲۹)

اور کبیری میں ہے:

أماالعلق إذامصت العضو حتى امتلأت قليلاً بحيث لو سقطت و شقت لم يسل منها الدم انتقض الوضوء و إن مصت قليلاً بحيث لو شقت لم يسل لا ينتقض. (صفحہ:۱۳۴)فقط واللّٰه أعلم بالصواب

(فتاویٰ رحیمیہ:۴/۲۶۷،۲۶۸)

## جونکیں لگوانے سے وضوٹوٹے گا یا نہیں:

سوال بعض اوقات ورم کی جگہ پر اطبا جونک لگوانے کا مشورہ دیتے ہیں تو اگر وضو کی حالت میں جونکیں لگوائی جائیں تو وضو باقی رہے گا یا نہیں؟

الجواب

اگر جونک بڑی ہو اور اتنا خون چوس لے کہ وہ دم سائل کے حکم میں ہو تو وضوٹوٹ جائے گا۔

و كذا ينقضه علقة مصت عضوا و امتلأت من الدم اهـ (درمختار) ( قوله و امتلأت) كذا في الخانية وقال لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل اهـ والظاهر أن الامتلاء غير قيد لأن العبرةللسيلان كما أفاده اهـ (شامية: ج ١ ص ١٢٩ ) فقط و اللّٰه أعلم

احقر محمد انور عفا اللہ عنہ، مفتی جامعہ خیر المدارس، ملتان۔ (خیرالفتاویٰ:۲/۴۷)

## رسنے والے خون کے ناقض وضو ہونے کی تفصیل:

سوال: ایک زخم سے خون رستا رہتا ہے اور کپڑے کو لگتا رہتا ہے مگر بہتا نہیں کیا یہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا؟

الجواب باسم ملهم الصواب

ایک مجلس میں مختلف دفعات میں کپڑے پر لگنے والے خون کا اندازہ کیا جائے اگر یہ مجموعہ اس قدر نظر آئے کہ اگر کپڑا اس کو جذب نہ کرتا تو خون بہہ پڑتا تو وضوٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں، اگر ایک مجلس میں تو اتنا خون کپڑے پر نہیں لگا مگر مختلف مجالس کا مجموعہ اتنا ہو گیا تو وہ ناقض نہیں۔

"قال ابن عابدينؒ: (قوله لومسح الدم كلماخرج الخ)وكذا إذاوضع عليه قطناً أوشيئاًآخرحتى ينشف ثم وضعه ثانياً وثالثاً فإنه يجمع جميع مانشف فإن كان بحيث لوتركه

سـال نـقـض وإنـمايعرف هذابالاجتهادوغالب الظن،وكذالوألقى عليه رماداً أوتراباً ثم ظهرثانياً فتربه ثم وثم فإنه يجمع قالوا:وإنمايجمع إذاكان في مجلس واحدمرةً بعدأخرى فلوفي مجالس فلا.(تاتـرخانية،ومثله في البحر)أقول: وعليه فمايخرج من الجرح الذى ينزدائماً وليس فيه قوةالسيلان ولكنه إذاترك يتقوى باجتماعه ويسيل عن محله فإذا نشفه أوربطه بخرقة وصاركلماخرج منه شيء تشربته الخرقة ينظرإن كان ماتشربته الخرقة في ذلك المجلس شيئاً فشيئاً بحيث لوترك واجتمع لسال بنفسه نقض وإلاولايجمع مافي المجلس إلى مافي مجلس آخروفي ذلك توسعة عظيمة لأصحاب القروح ولصاحب كي الحمصة،فاغتنم هذه الفائدة وكأنهم قاسوهاعلى القيء ولمالم يكن هنااختلاف سبب تعين اعتبارالمجلس، فتنبه". (ردالمحتار:۱/۱۲۵)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۹/رجب ۹۸ھ (احسن الفتاویٰ:۲/۲۸)

## پنڈلی،سینہ وغیرہ سے خون نکلنا:

سوال: اعضائے وضو کے علاوہ بدن کے دیگر اعضا مثلاً پنڈلی،سینہ وغیرہ سے اگر خون یا پیپ نکل کر بہہ پڑے تو وضوٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداًو مصلیاً

اعضائے وضو کے علاوہ سینہ،پنڈلی وغیرہ سے خون یا پیپ نکل کر بہہ جائے تب بھی وضوٹوٹ جائے گا۔(۱)فقط واللہ اعلم

حررہ العبدمحمودغفرلہ دارالعلوم دیوبند،۲/۳/۹۳ھ،الجواب صحیح:بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیوبند،۲/۳/۹۳ھ

(فتاویٰ محمودیہ:۵/۷۰)

## خون بغیر سیلان ناقض وضو نہیں:

سوال: داد ہو یا ناسور،یا آبلہ،یا زخم جو کچھ اس میں سے خارج ہوگا اس کی دوحالت ہے،یا دبا دیا جاوے یا خود نکلے ہر دو حالت میں اگر قوت سیلان نہیں ہے تو ناقض وضو ہے یا نہیں اور خاص امر استفسار طلب یہ ہے کہ جب قوت

(۱) بخلاف نحوالدم والقيح ولذاأطلقوافي الخارج من غيرالسبيلين كالدم والقيح والصديدأنه ينقض الوضوء ولـم يشترطواسوى التجاوز إلى موضع يلحقه حكم التطهير. (ردالمحتار: ۱/۱۴۸،كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذالم يرتكب مكروه مذهبه،سعيد)

والمعاني الناقضة للوضوء: كل ماخرج من السبيلين والدم والقيح والصديدإذاخرج من بدن فتجاوزإلى موضع يلحقه حكم التطهير. (القدورى:٦،نواقض الوضوء،سعيد،وكذافي البحرالرائق: ۱/۵۹،رشيديه،وكذافي غنيةالمستملي(الحلبي الكبير):۱۲۷،نواقض الوضوء،سهيل اكيڈمی، لاهور)

سیلان نہیں ہے اور جگہ نہیں چھوڑی جیسے بعض اقسام داد میں رطوبت اوپر رہتی ہے یا گاہے گاہے نکل کر وہیں رہتی ہے، یہ رطوبت اگر خود نکلی ہو تو ناقض وضو ہے یا نہیں۔ اور اگر کسی ہاتھ یا کپڑے کو لگ جاوے تو وضو رہے گا یا نہیں اور وہ کپڑا یا ہاتھ نجس ہوگا یا نہ۔

الجواب

مدار نقض وضو سیلان پر ہے اگرچہ بالقوہ ہو۔ **كما قالوا: لو مسح الدم كلماخرج ولوتركه لسال نقض وإلا لا الخ. درمختار.** (۱) اور خارج اور مخرج برابر ہیں یعنی خود نکلنے والا اور دبا کر نکلنے والا برابر ہیں" **والمخرج والخارج سيان الخ درمختار.** (۲) پس جب کہ سیلان نہ پایا گیا نہ بالفعل نہ بالقوہ تو وضو نہ ٹوٹے گا اور وہ رطوبت جو غیر سائل زخم کے منھ پر ہے نجس بھی نہیں ہے۔ **لأنه ماليس بحدث ليس بنجس كما صرح به الفقهاء.** (۳) یعنی جس رطوبت سے وضو نہیں ٹوٹتا وہ ناپاک نہیں ہے، پس زخم کے اوپر کپڑا لگنے سے جو رطوبت کپڑے کو لگ جائے اس سے کپڑا ابھی ناپاک نہ ہوگا۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۴۹)

## بستہ خون ناک سے آنے والا ناقض وضو نہیں:

سوال: اکثر زکام میں، بلغم میں یا فضلۂ ناک میں بستہ خون کا ریشہ آجاتا ہے، یہ بستہ خون ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب

بستہ خون جو ناک وغیرہ سے آوے ناقض وضو نہیں ہے۔ (۴) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۵۰)

## خون تھوک پر غالب ہو تو ناقض وضو ہے:

سوال: ایک شخص اگر وضو کرتے وقت مسواک کرتا ہے تو منھ وغیرہ دھونے کے بعد تک اس کے دانتوں سے خون آتا رہتا ہے، آیا وہ وضو دوبارہ کرے یا نہ؟

الجواب

ایسی حالت میں وضو دوبارہ کرنا چاہئے۔ (۵) فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱/۱۳۶)

(۱) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، نواقض الوضوء: ۱/۱۲۵۔ ظفیر۔
(۲) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، نواقض الوضوء: ۱/۱۲۷۔ ظفیر۔
(۳) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، نواقض الوضوء: ۱/۱۳۰۔ ظفیر۔
(۴) وأما العلق النازل من الرأس فغير ناقض (الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، مطلب نواقض الوضوء: ۱/۱۲۷) الرجل إذا استنثر فخرج من أنفه على قدر العدسة لاينقض الوضوء كذافي الخلاصة. (عالمگیری مصری نواقض الوضوء: ۱/۱۱، ظفیر)
(۵) وينقضه دم مائع من جوف أوفم غلب على بزاق حكماً للغالب أوساواه احتياطاً .الخ. (الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، باب الوضوء: ۱/۱۲۸، ظفیر)

## خون زخم کی جگہ پر ہی رہے تو ناقض وضو نہیں:

سوال ایک زخم گول سا ہے درمیان میں معمولی سا سوراخ ہے جس سے خون وغیرہ نکل کر اس گول دائرہ میں جمع ہو جاتا ہے لیکن اس گول دائرے سے باہر نہیں بہتا۔ یعنی اگر چہ سوراخ سے تو بہہ پڑا ہے لیکن زخم والی جگہ سے آگے نہیں نکلتا۔ کیا اس سے وضوٹوٹ جائے گا؟ عبدالمجید: مدرسہ عربی رائیونڈ

الجواب

**الدم السائل على الجراحة إذا لم يتجاوز قال بعضهم هو طاهر الخ وهو الأظهر الخ ومقتضاه أنه غير ناقض، الخ.** (شامی: ج ۱ ص ۹۵)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ۔ (خیر الفتاویٰ:۲/۷۵)

## دانتوں سے خون نکل آئے:

سوال: کیا وضو کرنے کے بعد دانتوں سے خون نکلنے کی وجہ سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟ (محمد شمس الدین التمش، مشیرآباد)

الجواب

خون کے نکلنے سے اس وقت وضوٹوٹتا ہے، جب کہ وہ بہنے کے درجہ میں آجائے، اگر بہنے کے درجہ میں نہ ہو، خون کا تھوڑا سا اثر ہو، تو وضو نہیں ٹوٹے گا، (۱) چنانچہ فقہا نے لکھا ہے:

''اگر کسی چیز کو چبایا جائے یا مسواک کی جائے اور اس میں خون کا اثر پایا جائے تو جب تک سیلان یعنی خون کے بہنے کی کیفیت نہیں پائی جائے، وضو نہیں ٹوٹے گا''۔ (۲)

''اگر تھوک میں خون آرہا ہو تو دیکھا جائیگا کہ غلبہ خون کا ہے یا تھوک کا، اگر تھوک غالب ہو اور خون کم ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور خون غالب یا برابر ہو تو وضوٹوٹ جائے گا''۔ (۳) (کتاب الفتاویٰ:۲/۴۸)

## کتھہ یا کسی اور دوا سے بہنے والا خون اگر مستور ہو جاوے تو اس کا اعتبار نہیں:

سوال: اگر کسی دانہ یا چوٹ پر چونا لگا دیا جاوے یا کتھا لگا دیا جاوے کہ خون نظر نہ پڑے اور پھر وضو کر کے

---

(۱) عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم أنہ قال: الوضوء من کل دم سائل ''عن تمیم الداریؓ. (سنن الدارقطنی: ۱/۱۵۷، محشی)

(۲) ''المتوضیء إذاعض شیئاً فوجدفیه أثر الدم أو استاک بسواک فوجدفیه أثر الدم لاینتقض مالم یعرف السیلان''. (الفتاوی الهندیة: ۱/۱۱، الفصل الخامس فی نواقض الوضوء، کتاب الطهارة. محشی)

(۳) ''وینقضه دم من جرح بفمه غلب علیه البزاق أی الریق أو ساواه احتیاطاً''. (مراقی الفلاح مع الطحطاوی: ۴۹، محشی)

نماز پڑھ لی جاوے تو درست ہے یا نہیں؟

الجواب

**فی الدر المختار: لو مسح الدم کلما خرج ولو ترکه لسال نقض وإلا لا ،فی رد المحتار: وکذا إذا وضع علیه قطنة أو شیئاً آخر حتی ینشف ثم وضعه ثانیاً وثالثاً فانه یجمع جمیع مانشف،الخ. (ج ۱/ ۱۴۰)**

اس سے معلوم ہوا کہ نظر نہ پڑنا کافی نہیں اگر وہ بند نہیں ہوا نکلتا رہا مگر کتھہ چونہ وغیرہ کے سبب نظر نہیں پڑا تو اس کا حکم بہنے کے مثل ہے۔

۴/ ربیع الاول ۱۳۳۳ھ (تتمہ ثالث ص: ۲۳) (امداد الفتاویٰ جدید: ۱/ ۳۶)

## زخم کے دبنے سے جو مواد نکلے وہ ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: زخم ایسے موقع پر ہے کہ نشست و برخاست سے دبتا ہے جو رطوبت دبنے کی وجہ سے نکلے وہ ناقض وضو ہوگی یا نہ؟ قصداً دبانے یا بلا قصد دبنے میں کچھ فرق ہے یا نہ؟

الجواب

دبنے یا دبانے سے اگر رطوبت سائلہ نکلے جو کہ موقع زخم سے باہر بہہ جاوے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اگر نکل کر زخم میں ہی رہے تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ الغرض بلا قصد دب جانا، یا قصداً دبانا برابر ہے۔ اگر خود دب کر بہنے والی رطوبت باہر نکل آئے جو دبا کر نکالی جاوے اور بہے زخم سے باہر تک تو وضو ٹوٹ جاوے گا۔ (۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/ ۱۳۷)

## زخم دبانے سے ریم نکلے تو اس سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں:

سوال: اگر زخم کے دبانے کی وجہ سے سیلان ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

الجواب

سیلان کسی وجہ سے بھی ہو خواہ خود دبنے سے یا دبانے سے ہر حال میں وضو نہ رہے گا۔ (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاویٰ دار العلوم: ۱/ ۳۱۹)

---

(۱) وینقضه خروج نجس منه إلی مایطهر الخ ثم المراد بالخروج من السبیلین مجرد الظهور أوفی غیرهما عین السیلان ولو بالقوة لماقالوا لومسح الدم کلماخرج ولوترکه سال نقض وإلالا .(درمختار)عین السیلان اختلف فی تفسیره ففی المحیط عن أبی یوسفؒ: أن یعلو أوینحدر وعن محمدؒ: إذاانتفخ علی رأس الجرح وصار أکثرمن رأسه نقض والصحیح لاینقض آه قال فی الفتح بعدنقله ذلک وفی الدرایةجعل قول محمدأصح ومختار السرخسی الأول وهوأولی أقول:وکذاصححه قاضیخان وغیره. (ردالمحتارمطلب نواقض الوضوء،ظفیر)

(۲) المخرج بعصر والخارج بنفسه مساویان فی حکم النقض علی المختار کما فی البزازیة الخ. (الدر المختار علی هامش ردالمحتار نواقض الوضوء :۱/ ۱۲۷)

## زخم کے منہ سے پیپ وغیرہ کا نکلنا:

سوال: زید کو ایک پھنسی ہے جو ہر وقت بہتی ہے اور اس کے اوپر پھایہ لگا ہوا ہے وہ پیپ اس پھاہے میں رہتی ہے باہر نہیں نکلتی، اس صورت میں وضو رہے گا یا نہیں؟

الجواب

اگر زخم کے منہ سے پیپ باہر آجاتی ہو اگرچہ پھایہ کے اندر رہتی ہو وضو ٹوٹ جاتا ہے لیکن جس کا زخم ہر وقت بہتا ہو بوجہ معذور ہونے کے اس کا وضو نہ ٹوٹے گا۔(۱)

۲۹/ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۱ھ۔ تتمہ ثانیہ: ۲۲۔ (امداد الفتاویٰ جدید: ۱/۳۶)

## زخم کی پھایہ کے اندر جو پیپ ہو وہ ناقض وضو ہے یا نہیں، تعارض کا جواب:

سوال: تتمہ ثانیہ امداد الفتاویٰ ص: ۳۲ میں ارقام ہے۔

سوال: زید کو ایک پھنسی ہے جو ہر وقت بہتی ہے اور اس کے اوپر پھایہ لگا ہوا ہے وہ پیپ اس پھایہ میں رہتی ہے باہر نہیں نکلتی اب اس صورت میں وضو رہے گا یا نہیں؟

جواب: اگر زخم کے منہ سے پیپ باہر آجاتی ہو اگرچہ پھائے کے اندر رہتی ہو وضو ٹوٹ جاتا ہے، الخ۔

حضرت؛ ذیل کی عبارات سے تو اس صورت میں وضو کا ٹوٹنا نہیں ثابت ہوتا ہے۔ عین الہدایہ ترجمہ ہدایہ میں ہے: ''اگر جراحت ہو اس کو باندھا پس بندھن تر ہوا اگر تری باہر رخ کو پھوٹ آئے تو وضو ٹوٹا ورنہ نہیں''۔ (تاتارخانیہ)

دوسری جگہ عین الہدایہ باب نواقض الوضوء میں ہے کہ ''زخم کو باندھا پس بندش کے اوپر تری پھوٹے تو وضو ٹوٹ گیا'' الخ۔ اور فتاویٰ ہندیہ ترجمہ عالمگیریہ باب المسح علی الخفین میں ہے: ''اگر کسی نے زخم کو باندھا اور وہ بندھن تر ہو گیا اور وہ تری باہر تک آ گئی تو وضو ٹوٹ گیا ورنہ نہیں ٹوٹا''، غرض معروض یہ ہے کہ اگر کوئی فصد کھلوائے اور اس پر پٹی باندھے پس اگر اس زخم سے خون نکلا لیکن پٹی سے باہر نہ نکلا تو وضو ٹوٹا یا نہیں اور حضور والا کے فتوے اور مذکورہ عبارات کا آپس میں تعارض ہے یا نہ۔ اصلاح فرماویں اور کیا حق ہے؟

الجواب

یہ عبارات پٹی باندھنے کے باب میں ہیں جن میں یہ احتمال ہی نہیں کہ زخم سے رطوبت نکلے اور باہر ظاہر نہ ہو اور تتمہ کا جواب پھایہ کے باب میں ہے جس میں یہ احتمال ہے کہ زخم سے رطوبت نکلے اور باہر ظاہر نہ ہو۔

جمادی الاخریٰ ۱۳۳۶ھ (تتمہ خامسہ ص: ۵۷) (امداد الفتاویٰ جدید: ۱/۳۷-۳۸)

(۱) اس جواب پر ایک شبہ اور اس کا حل آگے سوال پر آرہا ہے۔ سعید

## زخم کو پٹی باندھ دی جائے اور اندر اندر خون نکل کر پٹی میں پیوست ہوتا رہے تو وضو ٹوٹے گا یا نہیں:

سوال: ایک پھوڑا نکل آیا ہے اور اس سے خون پیپ نکلتا ہے اس وجہ سے اس پر روئی رکھ کر پٹی باندھ دی ہے اندر اندر خون نکلتا رہتا ہے، پٹی کی وجہ سے باہر نہیں نکلتا ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ جواب تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا

الجواب ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

اگر اتنا خون نکلے کہ اس کو روکا نہ جاتا تو زخم کے مقام سے آگے بڑھ جاتا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ کبیری میں ہے:

**"وإن مسح الدم عن رأس الجرح بقطنة أوغيرها ثم خرج أيضاً فمسح ثم وثم أوألقى التراب أووضع القطن ونحوه عليه فخرج وسرى فيه ينظرفيه إن كان بحال لوتركه ولم يمسحه ولم يضع عليه شيئاً لسال نقض وإلافلا.** (ص:۱۳۰)

**(ولوشدالخ)قال في البدائع:ولوألقى على الجرح الرمادأوالتراب فتشرب فيه أوربط عليه رباط فاغتل الرباط".**

**ونفذقالوايكون حدثالانه سائل وكذاقالوالوكان الرباط طاقين فنفذالى احدهمالماقلنا،الخ.** (شامی: ج ۱، ص ۱۲۹.) (فتاویٰ رحیمیہ:۲۶۹/۴)

## زخم سے گوشت کا ٹکڑا از خود گر گیا کیا حکم ہے:

سوال: ایک شخص ایسے مرض میں مبتلا ہوا کہ گوشت کا اتصال ختم ہو چکا ہے اسکی ران سے گوشت کا ایک ٹکڑا از خود گر گیا اور اس سے خون نہیں بہا تو یہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداًو مصلیاً

ناقض وضو نہیں۔

**"والشيء تنشأ في الجرح إذا خرجت منه أولحم سقطت منه لم ينقض". (كمافي فتح القدير:۵۴/۱)** فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی (حبیب الفتاویٰ:۴۷/۴)

## کس کس سہارے سونے سے وضو ٹوٹتا ہے:

سوال(۱): دوزانو بیٹھا ہوا ہے اور کہنیوں کا سہارا زانو پر دے کر سو رہا ہے وضو کا کیا حکم ہے؟

(۲) دوزانو بیٹھ کر دونوں پیر ایک طرف نکال دیئے ہیں ایک ہاتھ زمین پر رکھ کر سہارا لیکر سو گیا ہے کیا حکم ہے وضو کا؟

(۳) چہار زانو بیٹھ کر دونوں کہنیوں کو زانو پر رکھ کر ان کے سہارے سو رہا ہے وضو رہا یا نہیں؟

(۴) چہار زانو بیٹھ کر دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھ کر ان سے سہارا لے کر سو گیا ہے وضو کا کیا حکم ہے؟

(۵) دونوں گھٹنے کھڑے کر کے دونوں بازو سے گھٹنوں کو حلقہ میں لے کر سو گیا ہے وضو ٹوٹا یا نہیں؟

(۶) سہارے سے کیا مراد ہے بدن، عضو، ہاتھوں یا کہنیوں کا سہارا یا کسی دوسری چیز کا سہارا؟

(۷) کس سہارے سے وضو ٹوٹے گا کس سہارے سے نہیں ٹوٹے گا؟ فقط

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

**"وينقضه حكماً نوم يزيل مسكة: أى قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض وهو النوم على أحد جنبيه أو وركيه أو قفاه أو وجهه وإلا يزول مسكة لاينقض وإن تعمده فى الصلوٰة أو غيرها على المختار، كالنوم قاعداً ولو مستنداً إلى مالو أزيل لسقط على المذهب وساجداً، أو متوركاً، أو محتبياً ورأسه على ركبتيه، أو شبه المنكب، الخ".** (درمختار: ۱.۹۵)(۱)

(۱) یہ صورت ناقضِ وضو نہیں۔

(۲) یہ صورت بھی ناقضِ وضو نہیں۔

(۳) اس سے وضو نہیں ٹوٹا۔

(۴) اس سے بھی وضو نہیں ٹوٹا۔

(۵) اس سے بھی وضو نہیں ٹوٹا۔

(۶) سہارا کس عبارت میں ہے جس کا مطلب دریافت کرنا ہے وہ عبارت لکھئے۔

(۷) پانچ صورتوں کا حکم معلوم ہو گیا، ان کے علاوہ جو کچھ دریافت کرنا ہو اس کی صورت تحریر کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ: ۶۳/۵ تا ۶۵)

## سجدہ میں کون سی ہیئت نوم ناقضِ وضو ہے:

سوال: سجدہ کی حالت میں کہنی زمین پر ہو یا گھٹنے پر ہو اور نیند آ جائے تو وضو رہے گا یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

کہنی زمین پر ٹیک کر اور پیٹ کو رانوں سے لگا کر سونے سے وضو باقی نہیں رہے گا۔ (۲) فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند ۲۸/۱/۹۲ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۷۱/۵)

(۱) الدر المختار: ۱/۱۴۱، مطلب فى نواقض الوضوء، سعيد، وكذا فى تبيين الحقائق: ۱/۵۲، نواقض الوضوء، دار الكتب العلمية، بيروت، وكذا فى مجمع الأنهر: ۱/۳۵، نواقض الوضوء، دار احياء التراث العربى، بيروت.

(۲) "والهيئة المسنونة بأن يكون رافعاً بطنه عن فخذيه مجافياً عضديه عن جنبيه كمافى البحر... ==

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند کا ناقض وضو نہ ہونا:

سوال: مشہور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند ناقض وضو نہ تھی کیا یہ حکم آپ ہی کے لیے مخصوص تھا یا دوسرے انبیاء کی نیند کا بھی یہی حکم ہے اور امت محمدیہ میں سے کسی عارف باللہ اور ولی اللہ کی نیند کا بھی یہی حکم ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نیند کے ناقض نہ ہونے کی خصوصیت محض امت محمدیہ کے اعتبار سے ہے ورنہ دیگر انبیاء کی نیند کا بھی یہی حکم ہے کہ ناقض نہیں، مگر امت محمدیہ میں سے کوئی اس حکم میں شریک نہیں ہوسکتا۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ "أنموذج اللبيب في فصل الحبيب" کے باب ثانی کی فصل ثالث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات کی بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں: **وأنه لاينتقض وضوءه بالنوم انتهى.**

اور علامہ قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں: **ومما يختص أيضاً أنه لاينتقض وضوئه بالنوم مضطجعاً انتهى** ۔ علامہ زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں: **والأنبياء مثله في ذلك لأن قلوبهم لاتنام فهو خصوصية له على الأمم لاالأنبياء انتهى.** اور درمختار میں ہے: **والعته لاينقض كنوم الأنبياء عليهم الصلوٰة والسلام انتهى.** (۱) فقط (فتاویٰ عبدالحئی اردو:۱۹۴۔۱۹۵)

## کون سی نیند وضو توڑنے والی ہے:

سوال: مطلق نوم ناقض وضو ہے یا کسی خاص حالت میں؟

الجواب

نوم جو ناقض وضو ہے وہ ہے جو لیٹ کر ہو، بیٹھے ہوئے اگر سو جائے یا سجدہ میں تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۳۵)

== ...قال ط: والهيئة المسنونة في حق الرجل لاالمرأة النقض في مسئلة الذخيرة لارتفاع المقعدة وزوال التمكن وإذا نقض في التربع مع أنه أشد تمكناً فالوجه الصحيح النقض ههنا ثم أيده بمافي الكفاية عن المبسوطين من أنه لونام قاعداً ووضع أليته على عقبيه وصار شبه المنكب على وجهه قال أبويوسفؒ: عليه الوضوء" (ردالمحتار: ۱/۱۴۱، ۱۴۲، نواقض الوضوء، سعید، فإنه يشترط أن يكون على الهيئة المسنونة له بأن يكون رافعاً بطنه عن فخذيه مجافياً عضديه عن جنبيه ...وإن سجد على غير هذه الهيئة انتقض وضوءه. (الفتاویٰ العالمكيريه: ۱/۱۲، الفصل الخامس ومنها النوم، رشيديه)

(۱) الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار، مطلب نوم الأنبياء غير ناقض.

(۲) وينقضه حكماً نوم يزيل مسكة أي قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض وهو نوم على أحد جنبيه أو وركيه أو قفاه أو وجهه (درمختار) أن النوم في الصلوٰة قائماً أو قاعداً أو ساجداً لايكون حدثاً سواء غلبه النوم أو تعمده، الخ. (ردالمحتار تحت مطلب نوم من به انفلات: ۱/۱۳۱، ظفير) ==

## چت لیٹنے سے وضوٹوٹتا ہے یا نہیں:

سوال: کیا چت لیٹنے سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب

وضونہیں ٹوٹتا۔(۱) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱۴۴/۱)

## بحالت مراقبہ چارزانوسونا ناقض وضونہیں:

سوال: بحالت مراقبہ یا وردا وراد، اگر استغراق ہوجائے یا غلبۂ نوم ہواور کسی چیز سے سہارا دے کر نہ بیٹھے تو اس صورت میں تجدید وضو کی ضرورت ہوگی یا نہیں؟

الجواب

اس صورت میں تجدید وضو کی ضرورت نہیں۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱۴۶/۱)

## چارزانوسونے سے وضونہیں جاتا:

سوال: چارزانوسوجانے سے وضوٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

الجواب

نہیں ٹوٹتا۔(۳) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱۴۳/۱)

== ۱۔عن ابن عباس أن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم کان یسجدوینام وینفخ ثم یقوم فیصلی ولایتوضأ،فقلت له صلیت و لم تتوضأوقدنمت؟ فقال:إنماالوضوء علی من نام مضطجعاً .زاد عثمان و هناد.فإنه إذا اضطجع استرخت مفاصله. (ابوداؤد نمبر۲۰۲)۲۔عن علی ابن أبی طالب رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم وکاء السَّه العینان فمن نام فلیتوضأ. (أبوداؤدباب فی الوضوء من النوم ،ص۳۹،نمبر۲۰۳)۳۔قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:إن الوضوء لا یجب إلا علی من نام مضطجعاً فإنه إذا اضطجع استرخت مفاصله. (الترمذی ،باب الوضوء من النوم،ص۲۰،نمبر۷۷)

نیند کے ناقض وضو ہونے کی وجہ استرخاء مفاصل ہے اور یہ وجہ گہری نیند کی صورت میں ہوگا اس لیے گہری نیند سونے سے وضوٹوٹے گا۔ہلکی نیند ہوتو وضونہیں ٹوٹے گا۔انیس

(۱) أن لایزیل مسکته لاینقض إن تعمده فی الصلوٰة أوغیرهاالخ أومتورکاًالخ بأن یبسط قدمیه من جانب ویلصق ألیتیه بالأرض.(الدرالمختارعلیٰ هامش ردالمحتارنواقض الوضوء:۱۳۱/۱)

إن نام متربعاًلاینقض الوضوء وکذا لونام متورکاً بأن یبسط قدمیه من جانب ویلصق ألیتیه بالأرض کذافی الخلاصة.(عالمگیری کشوری نواقض الوضوء:۱۱/۱،ظفیر)

(۲) ولونام قاعداً یتمایل فسقط فلانقض به یفتیٰ کناعس یفهم أکثرماقیل عنده والعته لاینقض کنوم الأنبیاء (درمختار)قوله کناعس أی إذاکان غیرمتمکن الخ وفی الخانیة:النعاس لاینقض الوضوء. (ردالمحتارنواقض الوضوء مطلب نوم الأنبیاء غیرناقض:۱۳۲/۱)وإن نام متربعاًلاینقض الوضوء.(عالمگیری مصری نواقض الوضوء:۱۲/۱،ظفیر۔)

(۳) إن نام متربعاًلاینقض الوضوء وکذالونام متورکاًبأن یبسط قدمیه من جانب ویلصق ألیتیه بالأرض،کذافی الخلاصة.(عالمگیری کشوری نواقض الوضوء:۱۱/۱،ظفیر۔) ==

## چوکڑی مار کر بیٹھنے کی حالت میں اگر سو جائے تو وضو نہیں ٹوٹے گا:

سوال: چارزانو بیٹھنے میں نیند اگر آجائے تو وضو تو نہ جائے گا اور اس وضو سے ذکر یا نماز پڑھنی جائز ہوگی؟

الجواب

**فی العالمگیریة نواقض الوضوء: وإن نام متربعاًلا ينقض الوضوء.** (۱)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ اس صورت میں وضو نہ ٹوٹے گا۔

۶ رشوال ۱۳۳۶ھ، تتمہ خامسہ: ص ۶۶۔ (امداد الفتاویٰ جدید: ۳۸/۱)

## بیٹھنے والے کی نیند کے ناقض وضو ہونے کی صورتیں:

سوال: بیٹھ کر سونے کی کونسی صورتیں ناقض وضو نہیں ان کی تفصیل مطلوب ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

**قال فی الدر: (نوم يزيل مسكته) أی قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض وهو النوم على أحد جنبيه أو وركيه أو قفاه أو وجهه و(إلا) يزل مسكته (لا) ينقض وإن تعمده فی الصلوٰة أو غيرها على المختار كالنوم قاعداً ولو مستنداً إلى ما لو أزيل لسقط على المذهب وساجداً على الهيئة المسنونة ولو فی غير الصلوٰة على المعتمد وذكره الحلبی أو متوركاً أو محتبياً ورأسه على ركبتيه أو شبه المنكب (إلى قوله) ولو نام قاعداً يتمايل فسقط إن انتبه حين سقط فلا نقض، به يفتی. وقال ابن عابدين (قوله على المذهب) أی على ظاهر المذهب عن أبی حنيفة وبه أخذ عامة المشايخ وهو الأصح كما فی البدائع واختار الطحاوی والقدوری وصاحب الهداية: النقض ومشى عليه بعض أصحاب المتون وهذا إذا لم تكن مقعدته زائلةً عن الأرض وإلا نقض اتفاقاً كما فی البحر وغيره... (قوله أو شبه المنكب) أی على وجهه وهو كما فی شروح الهداية: أن ينام واضعاً إليتيه على عقبيه وبطنه على فخذيه ونقل عدم النقض به فی الفتح عن الذخيرة أيضاً ثم نقل عن غيرها:**

---

== چارزانو بیٹھ کر سونے سے وضو کا حکم:

سوال: چارزانو بیٹھے بیٹھے اگر چند منٹ کو نیند آجاوے تو وضو باقی رہتا ہے یا نہیں؟

الجواب

باقی رہتا ہے۔ فی العالمگیریة عن الخلاصة: وإن نام متربعاًلا ينقض الوضوء وكذا لو نام متوركاً بأن يبسط قدميه من جانب ويلصق أليتيه بالأرض آه. (فتاویٰ ہندیہ: ۱۱/۱)

۵ ررجب ۱۳۴۲ھ۔ تتمہ خامسہ: ۲۶۹۔ (امداد الفتاویٰ جدید: ۳۸/۱)

(۱) الفتاویٰ الهندية: ۱۱/۱۔ انیس

**لونام متربعاًورأسه علی فخذیه نقض وقال: هذایخالف مافی الذخیرة واختارفی شرح المنیة: النقض فی مسئلةالذخیرةلارتفاع المقعدةوزوال التمکن وإذانقض فی التربع مع أنه أشدتمکناً فالوجه الصحیح النقض هناثم أیده بمافی الکفایةعن المبسوطین من أنه لونام قاعداً ووضع إلیتیه علی عقبیه وصارشبه المنکب علی وجهه قال أبویوسفؒ: علیه الوضوء.** (ردالمحتار:۱/۱۳۲)

تفصیل بالا سے امور ذیل ثابت ہوئے:

(۱) اگر کسی چیز کے ساتھ ٹیک لگائے بغیر سویا اور گرا نہیں یا گرتے ہی فوراً بیدار ہو گیا تو وضو نہیں ٹوٹا۔

(۲) سجدہ کی ہیئت مسنونہ پر سونا ناقض وضو نہیں اگر چہ غیر نماز میں ہو۔

(۳) اگر پوری مقعد زمین پر قائم نہیں اور ٹیک لگا کر سویا، خواہ اپنی ران وغیرہ ہی پر ہو تو وضو ٹوٹ گیا، لہٰذا دو زانو بیٹھ کر ران وغیرہ پر ٹیک لگا کر سونے سے وضو جاتا رہے گا۔ اسی طرح چار زانو بیٹھ کر ران پر ٹیک لگائی اور اتنا جھک گیا کہ پوری مقعد زمین پر قائم نہیں تو بھی وضو جاتا رہا البتہ اگر پوری مقعد زمین پر قائم رہے مثلاً گھٹنے کھڑے کر کے ہاتھوں سے پکڑ لیے یا کپڑے وغیرہ سے کمر کے ساتھ باندھ لیے اور گھٹنوں پر سر رکھ کر سو گیا یا چار زانو بیٹھ کر کہنیوں سے رانوں پر ٹیک لگا کر صرف اتنا جھکا کہ پوری مقعد زمین پر قائم رہی تو وضو نہیں ٹوٹا۔

(۴) اگر پوری مقعد زمین پر قائم ہے اور ٹیک لگا کر اتنی گہری نیند سویا کہ اس چیز کو ہٹا دیا جائے تو گر جائے تو اس صورت میں اختلاف ہے عدم نقض مفتی بہ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰/ذی الحجہ ۹۶ھ (احسن الفتاویٰ:۲/۲۲۔۲۳)

## سونے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں:

سوال: وضو بنا کر سو گیا لوگوں نے اٹھایا نماز پڑھنے کے لئے اور اسی صورت میں نماز پڑھ لی۔ نماز ہوئی یا نہیں؟

الجواب ـــــــــــــ و باللّٰہ التوفیق

اس صورت میں نماز نہیں ہوئی۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد عثمان غنی (فتاویٰ امارت شرعیہ:۲/۶۳)

## تنور میں پاؤں لٹکا کر سونے کا حکم:

سوال: ایک آدمی تنور پر بیٹھا اس حال میں اس نے اپنے دونوں پاؤں تنور میں لٹکا لئے پھر سو گیا، اس کا وضو ٹوٹا یا نہیں؟

(۱) اس لئے کہ نماز کی ہیئت مسنونہ کے علاوہ کسی بھی ہیئت پر سونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں جبکہ سونے سے وضو ٹوٹ گیا اور بغیر دوبارہ وضو کئے ہوئے نماز پڑھی تو نماز بھی نہیں ہوئی۔ (مجاہد) (و) **ینقضه حکماً (نوم یزیل مسکته) أی قوته الماسکة .بحیث تزول مقعدته من الأرض وهو النوم علی أحد جنبیه أو ورکیه أو قفاه أو وجهه. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار: ۱/۲۷۰،۲۷۱)**

الجواب ــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

وضوٹوٹ گیا۔

**''وإن قام علی رأس التنور وهو جالس قد أدنی رجليه كان حدثاً لأن ذلك سبب لاسترخاء المفاصل''.** (كما في الخانية:۴۳/۱) **فقط و الله تعالیٰ أعلم**

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی (حبیب الفتاویٰ:۴۹/۴)

## عورت کو چھونا ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: میاں بیوی بحالت وضو ایک دوسرے کے جسم پر مس کریں تو وضو قائم رہتا ہے یا نہیں؟ جب کہ کپڑا بھی حائل نہ ہو۔

الجواب ــــــــــــــــــ

مباشرت فاحشہ جو بتماس الفرجین بلا حائل کے ہو ناقض وضو ہے۔(۱)(یعنی عضو خاص سے عضو خاص کا چھونا اس طرح کے درمیان میں کپڑا وغیرہ نہ ہو ناقض وضو ہے، باقی ہاتھ وغیرہ سے ننگے جسم یا جسم کا کوئی حصہ چھونا ناقض وضو نہیں ظفیر )(۲) فقط

(فتاویٰ دار العلوم:۱۳۹/۱)

## اگر چہ مرد وعورت کے ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: مرد عورت اگر ایک دوسرے کو ہاتھ لگاویں، قصداً یا بلا قصد ہاتھ یا بدن لگ جاوے اور وہ محرم ہوں یا غیر محرم، تو وضو اور نماز رہتی ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــــ

ہاتھ لگانے سے امام صاحب کے نزدیک وضو نہیں جاتی، احتیاط اولیٰ ہے،(۳) امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک (۴) (وضو) جاتی رہتی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(بدست خاص، ص:۶۶)(باقیات فتاویٰ رشیدیہ:۱۴۰)

---

(۱) وينقضه خروج نجس الخ ومباشرة فاحشة بتماس الفرجين ولو بين المرأتين والرجلين مع الانتشار للجانبين المباشر والمباشر ولو بلا بلل على المعتمد. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار نواقض الوضوء:۱۳۶/۱، ظفیر)

(۲) لا ينقضه مس ذكر الخ وامرأة وأمرد. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار نواقض الوضوء:۱۳۶/۱۔ ظفیر)

(۳) مرد کا عورت کے بدن کو چھونا یا عورت کا مرد کے بدن کو چھونا چاہے بغرض شہوت ہو یا نہ ہو وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ اس صورت میں دوبارہ وضو کرنا مستحب ہے۔(رد المحتار:۱۴۶/۱، ۱۴۷)(مرد وعورت کے معانقہ کرنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے چاہے لباس پہنے ہوں یا بے ستر ہوں۔ بوس وکنار سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے چاہے مرد وعورت ایک دوسرے کا بوسہ لیں یا بچوں کا لیں۔(طہارت کے احکام ومسائل:۱۳۴۔۱۳۵۔ انیس)

(۴) امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نامحرم کے مباشرہ یعنی جسم سے جسم لگ جانے پر وضو ٹوٹتا ہے، نامحرم غیر مشتہاۃ کو ہاتھ لگانے سے نہیں ٹوٹتا ہے، جب کہ امام مالک کے نزدیک بالشہوۃ ہاتھ لگانے سے ٹوٹتا ہے۔(ملاحظہ ہو: المغنی لابن قدامۃ، ص:۱۹۳، ج۱، مکتبۃ الریاض الحدیثۃ، ریاض ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء، نیز تحفۃ الاحوذی مولانا عبد الرحمٰن مبارکپوری ص:۲۳۸، ج۱، دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۱۸ھ، نور)

## مرد عورت کی شرمگاہوں کے ملنے سے، بغیر پانی نکلے وضو کا حکم:

سوال: ایک کتاب میں لکھا ہے کہ، اگر فرج برفرج باش......وضوشکستہ شود، آیا پانی نکلنے سے وضو جاوے گی، یا بدون نکلنے پانی کے، فقط ایستادگی ذکر وفرج برفرج ہونے سے وضو جاتی رہتی ہے؟

الجواب

مساس سے بغیر نکلے پانی کے، وضو جاتی رہتی ہے(۱)۔ فقط

(بدست خاص، ص:٦٦)(باقیات فتاویٰ رشیدیہ:۱۴۰)

## حالت وضو میں عورت پر شہوت سے نظر ڈالنا ناقض وضو نہیں:

سوال: جو شخص باوضو ہو اور اس کی نظر شہوت سے کسی عورت پر پڑ جاوے اس کا وضو رہے گا یا نہیں؟

الجواب

نظر بالشہوت سے اگر خروج مذی وغیرہ نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۴۰)

## عورت پر نظر پڑ جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: آج کل ہندوستان اور غیر ہندوستان میں نصاریٰ کا بہت زور ہے اور انہی کی اکثر جگہ حکومت ہے، اور نصاریٰ کے علاوہ ہندوؤں میں بھی رواج ہے کہ ان کی عورتیں خوب عمدہ لباس پہن کر نکلتی ہیں، اور ان کے علاوہ اور قومیں بھی جو بازاروں میں اور راستوں میں برابر آتی جاتی ہیں، اور خصوصاً نصرانی عورتیں جن کا لباس اس قسم کا ہے کہ ان کے ہاتھ کندھوں تک اور پاؤں گھٹنوں تک برہنہ ہوتے ہیں آگے گلا وغیرہ کھلا رکھتے ہیں، اور ان کے لباس اس قسم کے ہوتے ہیں جس میں بدن وغیرہ نظر آتا ہے، اب اس کے بعد یہ عرض ہے کہ مسلمان آج کل جتنے ہیں وہ اپنے نفس پر قادر نہیں ہیں، اور نہ ان کی ایسی حالتیں ہیں جو غیر محرم پر نظر ڈالیں تو وہ بہ نظر شہوت نہ ہو، اور بہت کم ایسے ......مسلمان بزرگ ہیں جو ایسے مجامع کو دیکھ کر اپنے نفس پر قادر رہتے ہیں، ان تمام موجودہ حالات کو دیکھ کر عرض ہے کہ اگر کوئی شخص باوضو ہووے تو اس کا وضو رہے گا یا جاوے گا، حالانکہ فقہاء کرام کا مطلب یہی ہے کہ وضو نہیں جاویگا مگر زید کیا اجازت دیتا ہے، کہ نظر شہوت پڑنے کے بعد وضو رہتا ہے یا نہیں اور ایک یہ ہے کہ لوگوں کی حالت ان حسین عورتوں کو دیکھ کر متغیر ہو جاتی ہے، اور نظر تو یقیناً شہوت کے ساتھ ہوتی ہے تو پھر اس صورت میں کیا حکم ہے اور سائل خود بھی یہ جانتا ہے کہ وضو احناف کے مسلک پر نہیں جاتا ہے، مگر زید لوگوں کو اس زمانہ کے حالات کو دیکھتے ہوئے

(۱) وینقضه خروج نجس الخ ومباشرة فاحشة بتماس الفرجین ولو بین المرأتین والرجلین مع الانتشار للجانبین المباشر والمباشرة ولو بلابلل علی المعتمد. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار نواقض الوضوء:۱/۱۳۶، انیس۔)

(۲) لاینقضه مس ذکر الخ وامرأة وأمرد الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار نواقض الوضوء:۱/۱۳۶، ظفیر۔)

وضو کرنا اچھا بتلاتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ اگر ایسا زمانہ ٔ نازک جیسا کہ موجود ہے اگر فقہا کرام کے سامنے ہوتا تو ضرور دوبارہ وضو کرنے کی اجازت دیتے اور بہت سارے اشخاص ایسے ہیں کہ جب حسین عورت پر نظر پڑتی ہے تو وہ شہوت کے ساتھ ہوتی ہے، آج کل بہت کم ایسے لوگ ہیں جو اس سے محفوظ ہوں، تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــ

نگاہ کا اٹھانا اور کسی کو دیکھنا امر اختیاری ہے، آنکھیں اور نگاہیں خود بخود کسی پر نہیں پڑ جاتیں۔ لہٰذا ایسے وقت میں مردوں کو نگاہ نیچی رکھنی چاہئیں، لیکن اگر شہوت سے کسی عورت پر نظر پڑ جائے تو اس سے وضو نہ ٹوٹے گا، نہ حنفیہ کے مسلک پر نہ کسی اور کے مسلک پر، ہاں اگر عمداً عورت کو دیکھا ہو تو یہ گناہ ہے اور ہر گناہ کے بعد وضو کر کے توبہ کرنا مستحب ہے اور مطلق توبہ تو واجب ہے۔ **قال فی مراقی الفلاح: وبعد کل خطیئةو إنشاء شعر ،الخ.** (ص۴۴)

۱۰ شعبان ۴۷ھ۔ (امداد الاحکام جلد اول ص ۳۵۷ تا ۳۵۸)

## غیر محرم پر نظر پڑنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: اگر نامحرم پر نظر پڑ جائے تو کیا خاتون کے وضو پر کوئی اثر پڑے گا کیا وضو قائم رہے گا؟ آپ کی اصلاح کا منتظر؟

الجواب ـــــــــــــــــــ حامداًو مصلیاً

غیر محرم پر نظر پڑنے سے وضو پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

**وفی الهداية: المعانی الناقضة للوضوء كل مایخرج من السبيلين.... والدم والقيح إذا خرجامن البدن فتجاوزا إلى موضع يلحقه حكم التطهير... آه.** (۳۳/۱) **والله أعلم بالصواب**

(فتاویٰ دار الافتاء والقضاء جامعہ بنوریہ پاکستان سیریل نمبر: ۹۴۳۶)

## بچے کو دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، نماز میں دودھ پیا تو نماز فاسد ہو جائے گی:

سوال: ایک عورت نے نماز کے واسطے وضو کی، پھر نماز کے اندر اس کے بچہ نے اپنی ماں کا دودھ پیا تو اس عورت کا وضو باقی رہا یا ٹوٹ گیا؟

الجواب ـــــــــــــــــــ

اگر پستان سے دودھ نکلا بھی ہو تو عورت کی نماز تو فاسد ہو جائے گی۔(۱) وضو میں نقصان نہیں آیا۔(۲) (شامی ص ۴۲۲ ج ۴)

۲۳ ر رمضان ۴۵ھ۔ (امداد الاحکام جلد اول ص ۳۵۷)

(۱) فی الدر المختار فی مفسدات الصلوٰۃ: أو مصّ ثديها ثلاثاً الخ وقال فی ردالمحتار: وفی المحيط: إن خرج اللبن فسدت لأنه يكون إرضاعاً وإلا فلا ولم يقيده بعدد وصححه فی المعراج( حليه وبحر). (ردالمحتار باب مايفسدالصلوٰۃ ومايكره فيها: ۵۸۷/۱. انیس)

(۲) وينقضه خروج كل خارج نجس منه الخ لاينقض لو خرج من أذنه ونحوها كعينه وثديه قيح أونحوه كصديد وماء سرةوعين. (الدر المختار علیٰ هامش ردالمحتار نواقض الوضوء :۱۳۷/۱)

شئ نجس کا نکلنا ناقض وضو ہے اور دودھ نجس نہیں۔ اسلئے دودھ کا پستان سے نکلنا ناقض وضو نہیں ہے۔ انیس)

## عورت کی چھاتی سے دودھ نکلنا ناقض وضونہیں:

سوال: عورت کا دودھ پستان سے نکلنا ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب

ناقض وضونہیں۔ "وينقضه خروج كل خارج نجس منه". (۱)

پس جو چیز نجس نہیں، خروج اس کا ناقض وضونہیں۔ فقط (فتاویٰ دارالعلوم: ۱۳۶/۱)

## بچہ کا حالت نماز میں دودھ پینا:

سوال (۱) زنے نمازخواندوپسرش آمده درتشهدشیرنوشید۔ضرورت تجدیدنمازوتجدیدوضوواجب گرددیانه؟

(یعنی: عورت حالتِ نماز میں تھی کہ بچہ نے آکر تشہد میں اس کا دودھ پی لیا کیا حکم ہے؟)

(۲) زنے وضو نمود فرزندش راشیرنوشانید تجدید وضو واجب گردد یا نه؟

(یعنی: وضو کرنے کے بعد عورت نے بچہ کو دودھ پلایا تو وضو رہا یا ٹوٹ گیا؟)

الجواب

دریں صورت وضو منقوض نه شودلعدم خروج النجس۔ونماز فاسد شودلحصول الارضاع۔ كذا فى الدر المختارفى مفسدات الصلوٰة: أو مصّ ثديهاثلاثاً الخ وقال فى ردالمحتار: وفى المحيط: إن خرج اللبن فسدت لأنه يكون إرضاعاً وإلا فلا ولم يقيده بعدد وصححه فى المعراج( حليه وبحر). (۲)

(جواب کا حاصل یہ ہے کہ اس صورت میں وضونہیں ٹوٹا مگر نماز فاسد ہوگئی۔ ظفیر)

جواب سوال دوم: ہم ازیں ظاہر شد کہ وضوآن زن منقوض نہ شود۔

لعدم خروج النجس. كذا فى كتب الفقه. (۳)

(اس صورت میں بھی وضونہیں ٹوٹا۔ ظفیر) (فتاویٰ دارالعلوم: ۱۴۰/۱)

---

(۱) الدرالمختارعلىٰ هامش ردالمحتار مطلب نواقض الوضوء: ۱۲۴/۱۔ ظفیر۔

(۲) ردالمحتارباب مايفسدالصلوٰةومايكره فيها: ۵۸۷/۱، ظفیر۔

(۳) وينقضه خروج كل خارج نجس منه الخ لاينقض لوخرج من أذنه ونحوها كعينه وثديه قيح أونحوه كصديد وماء سروعين. (الدرالمختارعلىٰ هامش ردالمحتارنواقض الوضوء: ۱۳۷/۱)
دودھ نجس نہیں ہے لہذا اس کا نکلنا ناقض وضونہیں ہوا۔ واللہ اعلم، ظفیر

## بچہ کو دودھ پلانا ناقض وضو نہیں لیکن نماز فاسد ہو جاوے گی:

سوال: عورت دودھ والی وضو سے ہو اور وہ اپنے لڑکے کو دودھ پلا دے یا دودھ اس کا آپ سے جاری ہوا یا وہ نماز میں ہووے اور لڑکا دودھ پیوے دودھ نکلے یا نہ نکلے اس کی نماز کے واسطے اور وضو کے واسطے کیا حکم ہے؟

الجواب

دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹتا،(۱) لیکن اگر نماز میں ہو اور بچہ دودھ پی لے اور دودھ نکل بھی آوے تو نماز جاتی رہے گی (۲) اور اگر دودھ نہ نکلے تو نماز نہ جاوے گی-**فی رد المحتار عن التاتارخانية: مص صبی ثديها وخرج اللبن تفسد صلوتها.** (ج ۱ ص ۶۵۳) **فقط واللّٰہ تعالیٰ أعلم**

۲۵ / محرم ۱۳۲۴ھ (امداد الفتاویٰ: ۶۹/۱) (امداد الفتاویٰ جدید: ۴۱/۱)

## گھٹنا کھلنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں:

سوال: وضو کے بعد گھٹنا کھل جانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــ و باللّٰہ التوفیق

وضو کے بعد گھٹنا یا کوئی عضو کھل جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔(۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد عثمان غنی ۱۱/۱۱/ ۱۳۷۰ھ (فتاویٰ امارت شرعیہ۔ ۶۳/۲ ۔ ۶۴)

## گھٹنا اور دوسرے ستر کے کھلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: (۱) مشہور ہے کہ گھٹنا کھلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور کون کون عورت کے کھلنے سے وضو ٹوٹتا ہے؟

(۲) ستر کو دیکھنے یا ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہ؟

الجواب

(۱) یہ مشہور غلط ہے۔ کسی عورت (ستر) کے کھلنے سے وضو نہیں جاتا۔(۴)

---

(۱) کیوں کہ وضو جسم سے کسی ناپاک چیز کے نکلنے سے ٹوٹتا ہے۔**وینقضه خروج کل خارج نجس منه،آه.** (درمختار ۱/۱۲۴)
اور دودھ پاک ہے لہذا دودھ پلانے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ سعید۔ **والشيء الطاهر إذاخرج من السبيلين انتقض الوضوء کالريح بخلاف غير السبيلين کالدمع والعرق.** (السعایۃ: ۱/۱۵۱۔کذا فی محمود الفتاویٰ: ۱/۳۸۲)

(۲) اس لئے کہ دودھ پلانا عمل کثیر ہے جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ سعید۔

(۳) جو امور ناقض وضو ہیں، ان میں کسی عضو کا کھل جانا داخل نہیں۔ ستر عورت کی شرط نماز میں ہے، وضو میں نہیں۔ مجاہد۔

(۴) ستر کھلنا نواقض وضو میں نہیں ہے اس لیے کسی نے اس جزئیہ کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ ظفیر۔

**ستر کے کھلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:** سوال: ستر کے کھلنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

الجواب

نہیں ٹوٹتا۔ (ستر کا کھلنا نواقض وضو میں داخل نہیں ہے کیوں کہ ستر کا چھپانا وضو کے لیے شرط نہیں ہے۔ ظفیر) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۴۳)

(۲) وضو نہیں ٹوٹتا۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۳۵)

## زانو کھولنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے:

سوال: کیا پوری جانگھ (ران) کھول دینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ و باللّٰہ التوفیق

نہیں۔(۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد عثمان غنی، ۱۹/۳/۱۳۵۲ھ (فتاویٰ امارت شرعیہ: ۲/۶۴)

## گھٹنا دوران وضو کھل جائے تو وضو ہوگا یا نہیں:

سوال: اگر وضو میں بلا عذر زانو کھول دے اور ران تک کپڑا رکھے تو وضو ہوگا یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ

**فی الشامی: فالرکبة من العورة الخ.** (۳) پس معلوم ہوا کہ رکبہ عورت ہے ستر اس کا نماز میں ضروری ہے اور وضو میں کھلنا اس کا موجب فساد وضو نہیں ہے۔ **کماھو ظاھر** (۴) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۳۷)

## ستر دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: اکثر آدمی گرمی میں صرف تہہ بند باندھ کر باقی جسم ننگا رکھتے ہیں اور حرکت کرنے میں بے شرمی ہوجاتی ہے آیا جو لوگ پاس بیٹھتے ہیں ان کا وضو قائم رہ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــــ و باللّٰہ التوفیق

خلوت میں ایسی حالت میں رہنا بلا کراہت درست ہے اور جلوت میں مروت و وقار کے خلاف ہونے کی وجہ سے خلاف اولیٰ اور اگر واقع میں کشف عورت بھی ہوجاتا ہے تو گناہ ہے لیکن بہرحال پاس بیٹھنے والوں کے وضو میں اس سے کچھ خلل نہیں آتا۔ **بعدم الناقص وھذا کله ظاھر.** (امداد المفتین: ۲۴۲)

---

(۱) **لاینقضه مس ذکر لکن یغسل یده ندباً و امرأة و أمرد، الخ. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، کتاب الطهارة نواقض الوضوء: ۱/۱۳۶، ظفیر)**

(۲) جو امور ناقض وضو ہیں، ان میں ران کا کھلنا نہیں ہے۔(مجاہد) مگر نماز کے اندر بے ستری سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔(ھــــی) **ستة ....(و) الرابع (ستر عورته)....(وھی للرجل ما تحت سرته الی ما تحت رکبته). (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار، باب شروط الصلاة: ۲/۷۳، ۷۶)**

(۳) **ردالمحتار، باب شروط الصلوٰة. مطلب فی ستر العورة: ج ۱ ص ۳۷۷، ظفیر۔**

(۴) اگر وضو کرتے وقت عذر سے یا بلا عذر کوئی زانو کھول دے اور ران تک کپڑا رکھے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ لوگوں کے سامنے بلا عذر کھولنا سخت گناہ ہے۔ وضو کے بعد کوئی بے ستر ہوجائے تو بھی وضو نہیں ٹوٹے گا۔(طہارت کے احکام و مسائل: ۱۳۵۔ انیس)

## برہنہ غسل کرنے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں چھپے ہوئے غسل خانہ میں برہنہ غسل کرنے سے غسل کا وضو رہ سکتا ہے اور بلا چھپے غسل خانہ میں وضو نہیں رہتا، یہ صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب

وضو دونوں حالت میں باقی رہے گا(۱)۔فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۴۴)

## ستر غلیظ کے چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: عورت غلیظہ کو مس کرنے سے تجدید وضو کی ضرورت ہے یا اسی وضو سے نماز صحیح ہے؟

الجواب

اس صورت میں تجدید وضو کی ضرورت نہیں ہے اور اسی وضو سے نماز صحیح ہے۔(۲) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۴۶)

## برہنہ غسل کرنے کے بعد اسی وضو سے نماز پڑھی جاسکتی ہے:

سوال: اگر وضو کر کے برہنہ غسل کرے، غسل خانہ یا صحن میں تو اس وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

اگر برہنہ غسل کیا تو اس سے نماز پڑھ سکتا ہے ستر عورت الگ فرض ہے، جب غیر تنہائی میں غسل کرے۔(۳) فقط

(فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۵۰)

## شرم گاہ کا دیکھنا ناقض وضو نہیں:

سوال: باوضو شخص نے ایک برہنہ شخص کی شرم گاہ کو دیکھ لیا دیکھتے ہی نظر نیچی کر لی تو اس کا وضو ٹوٹا یا نہیں۔اسی طرح اگر باوضو شخص نے اپنی شرم گاہ کو دیکھ لیا تو اس کا وضو ٹوٹا یا نہیں؟

الجواب

دونوں صورتوں میں وضو اس کا نہیں ٹوٹا۔(۴) فقط (فتاویٰ دارالعلوم:۱/۱۵۰)

---

(۱) برہنہ ہونا ناقض وضو نہیں اس لئے وضو باقی رہے گا۔انیس

(۲) لاینقضه مس ذکرلکن یغسل یده ندباً.(الدر المختارعلی هامش ردالمحتار نواقض الوضوء:۱/۱۳۶،ظفیر)

(۳) برہنہ ہونا ناقض وضو نہیں ہے۔ظفیر

(۴) لاینقضه مس ذکرلکن یغسل یده ندباً.(الدر المختارعلی هامش ردالمحتارمطلب نواقض الوضوء:۱/۱۳۶)
من مس ذکره أوذکرغیره لیس بحدث عندناکذافی الزاد.(عالمگیری کشوری نواقض وضوء:۱/۱۱،ظفیر)

## پاجامہ اگر ٹخنوں سے نیچے ہوتو وضوٹوٹتا ہے یانہیں:

سوال: پاجامہ اگر ٹخنوں سے نیچے ہوتو وضوٹوٹتا ہے یانہیں؟ بعض آدمی کہتے ہیں کہ مسلم شریف ومشکوٰۃ شریف میں یہ حدیث شریف موجود ہے کہ پاجامہ ٹخنوں سے نیچے پہننے سے وضو باطل ہوجاتا ہے لہذا یہ حدیث شریف ہوتو اس سے مطلع فرمائیں؟

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

اس امر کی کوئی معتبر دلیل نہیں کہ ٹخنہ سے نیچا پاجامہ پہننے سے وضوٹوٹ جاتا ہے، اس میں شک نہیں کہ ٹخنہ سے نیچے پاجامہ رکھنا سخت گناہ ہے لیکن ایسا کرنے سے وضونہیں ٹوٹتا اور جو حدیث کہ ابوداؤدشریف میں ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو جو ٹخنہ سے نیچے کپڑا پہنے ہوا تھا وضو کرنے کا حکم دیا، اول تو اس میں ایک راوی ابوجعفر ہے جو مجہول ہے دوسرے اس سے یہ بھی ثابت نہیں کہ وضوٹوٹ جانے کی وجہ سے حکم دیا تھا، ممکن ہے کہ اس کے گناہ کے کفارہ کے لحاظ سے یہ حکم دیا ہو کیوں کہ وضو سے اعضاء کے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۲۶۲/۲)

## عورت کی ننگی ٹانگ دیکھنے سے وضونہیں ٹوٹتا:

سوال: اگر کوئی بغیر قصد کے کسی عورت کی ننگی ٹانگیں دیکھ لے تو کیا اس کا وضوٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

کسی عورت کی ننگی ٹانگیں دیکھنے سے وضونہیں ٹوٹتا۔ (۱) واللہ اعلم بالصواب

(فتاویٰ دارالافتاء والقضاء جامعہ بنوریہ پاکستان سیریل نمبر: ۷۰۱۳)

## بیمار کے ستر کا حصہ دیکھنا یا ہاتھ لگانا ناقض وضو ہے یانہیں:

سوال: مسلمان ڈاکٹر اگر بیمار کے بدن کے ستر کا حصہ دیکھے اور اس کو ہاتھ لگاوے اور وہ پہلے سے باوضو ہوتو اسی وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے یانہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

صورت مسئولہ میں ستر والا حصہ دیکھنے اور اسے ہاتھ لگانے سے پیشاب کی راہ سے اگر منی، مذی، ودی وغیرہ کوئی ناپاک چیز خارج ہوتو وضوٹوٹ جائے گا محض شرم گاہ وغیرہ دیکھنے اور ہاتھ لگانے سے وضونہیں ٹوٹتا، ہاں دوبارہ وضو

(۱) لاینقضه مس ذکر لکن یغسل یده ندباً (وامرأة) وأمرد لکن یندب للخروج من الخلاف لاسیما للامام. (الدر المختار مع رد المحتار: ۱۴۶/۱ انیس)

کر لینا بہتر ہے۔(**لاینقضه مس ذکر لکن یغسل یده ندباً(وامرأة)وأمرد لکن یندب للخروج من الخلاف لاسیما للامام**. (درمختار مع الشامی:۱/۱۳۶)فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاویٰ رحیمیہ:۴/۲۶۸)

## کیا شراب پینا ناقض وضو ہے:

سوال:(۱) ایک شخص کا وضو ہے وضو کی حالت میں اس نے شراب پی لی تو کیا شراب پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۲) اگر ایک شخص نے اتنی شراب پی کہ نشہ نہ ہوا اور وہ بے ہوش نہ ہوا تو کیا وہ ایسی حالت میں نماز پڑھ سکتا ہے؟(خواجہ عامر حسین عفی عنہ،محلّہ شاہ ولایت،سہارنپور)

الجواب ــــــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

(۱) محض شراب پینے سے وضو نہیں ٹوٹتا جب تک نشہ نہ ہو۔(۱)

(۲) اگر ایسی حالت میں نماز پڑھے گا تو نماز ہو جائے گی۔

تنبیہ: حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص شراب پئے اس کی چالیس روز کی نماز قبول نہیں ہوگی پھر اگر توبہ کرلے تو اس کی توبہ قبول ہو جائے گی پھر شراب پئے تو پھر چالیس روز کی نماز قبول نہیں ہوگی حتی کہ اگر چوتھی مرتبہ پئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو اہل دوزخ کی پیپ پلائیں گے۔(۲)

نیز شراب پینے والے پر حدیث شریف میں لعنت آئی ہے۔(۳)اور بھی مختلف وعیدیں آئیں ہیں۔اس لیے شراب سے حد درجہ دور رہنا لازم ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور،۳۰/رجمادی الاولیٰ ۱۳۶۹ھ

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ۔(فتاویٰ محمودیہ:۵/۶۷۔۶۸)

---

(۱) وینقضه إغماء،الخ )(وسکر)هو حالة تعرض للإنسان من امتلأدماغه من الأبخرة المتصاعدة من الخمر ونحوه فیتعطل معه العقل الممیز بین الأمور الحسنة و القبیحة،الخ.(ردالمحتار: ۱/۱۴۴ نواقض الوضوء، سعید،و کذافی الفتاویٰ العالمکیریة: ۱/۱۲ ،نواقض الوضوء،رشیدیه،و کذافی البحر الرائق: ۱/۶۷،نواقض الوضوء، رشیدیه،و کذافی الحلبی الکبیر :ص ۱۴۰ ،نواقض الوضوء،سهیل اکیڈمی،لاهور)

البتہ منہ ناپاک ہو جاتا ہے کہ شراب نجس ہے اور اس کا پینا حرام ہے۔(قال اللّٰه تعالی:یٰاَیُّهَاالَّذِیْنَ آمَنُوْااِنَّمَاالْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُوَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْس مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطَان فَاجْتَنِبُوْهُ .الآیة.(المائدة: ۹۰)

(۲) عن عبداللّٰه بن عمرؓ قال:قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:من شربِ الخمر لم یقبل اللّٰه له صلوٰة أربعین صباحاً، فان تاب، تاب اللّٰه علیه، فإن عاد لم یقبل اللّٰه له صلوٰة أربعین صباحاً،فان تاب، تاب اللّٰه علیه فانٍ عاد فی الرابعة لم یقبل اللّٰهِ له صلوٰة أربعین صباحاًفإن تاب لم یتب اللّٰه علیه وسقاه من نهر الخبال".(رواه الترمذی ورواه النسائی وابن ماجة والدارمی عن عبد اللّٰه بن عمرؓ، مشکوٰةالمصابیح: ۲/۳۱۷،کتاب الحدود،باب بیان الخمر ووعید شاربها،قدیمی)

(۳) عن عبد اللّٰه بن عبداللّٰه بن عمرؓ عن أبیه أن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال: لعن اللّٰه الخمر، ولعن شاربها وساقیها، وعاصرها ومعتصرها، وبائعها ومبتاعها،وحاملها والمحمولة الیه وآکل ثمنها".(مسندامام احمدبن حنبل: ۲/۲۲۹ ،مسندعبداللّٰه بن عمربن خطاب رضی اللّٰه عنهما،دارإحیاء التراث العربی)

## شراب پینے کے بعد نشہ آجائے تو وضوٹوٹ جاتا ہے:

سوال: السلام علیکم! کیا شراب پینے سے وضوٹوٹ جاتا ہے یا باقی رہتا ہے؟ برائے مہربانی اس کے بارے میں بتائیں۔

الجواب ــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

جی ہاں، اگر شراب پینے سے نشہ آجائے تو وضوٹوٹ جاتا ہے۔

**كمافي الدرالمختار في نواقض الوضوء: و(جنون وسكر) بأن يدخل في مشيه تمايل ولو بأكل الحشيشة. الخ. وفي الردتحت قوله وسكرهو حالة تعرض للإنسان من امتلاء دماغه من الأبخرة المتصاعدة من الخمرونحوه فيتعطل منه العقل المميزبين الأمور الحسنة و القبيحة. إسماعيل عن البرجندي. (۱/۱۷۷) والله تعالىٰ أعلم بالصواب**

(فتاویٰ دارالافتاء والقضاء جامعہ بنوریہ پاکستان سیریل نمبر: ۱۳۰۵۰)

## شراب کی قئے ناقض وضو ہے یا نہیں:

سوال: ایک شخص نے شراب پی اور فوراً اس شراب کی الٹی ہوگئی اور شراب کے علاوہ کوئی دوسری شئی نہیں تو یہ قے ناقض وضو ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

ناقض وضو ہے۔

**"ناقض للوضوء وقيء خمر إن كان قليلاً لأنه نجس بالإصالة دون قيء الطعام والماء". (كمافي الشامي: ۱/۹۳) فقط والله تعالىٰ أعلم**

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی (حبیب الفتاویٰ: ۴/۶۳)

## تمباکو نوشی اور نسوار کشی سے وضوٹوٹتا ہے یا نہیں:

سوال: تمباکو نوشی اور نسوار کشی سے وضوٹوٹتا ہے یا نہیں؟

الجواب ــــــــــــــ

تمباکو نوشی اور نسوار کشی سے وضونہیں ٹوٹتا۔ (۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ (کفایت المفتی: ۲/۲۷)

---

(۲) عن ابن عباسؓ: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: الوضوء مما خرج و ليس مما دخل. (سنن البيهقي، باب الوضوء من الدم يخرج من أحد السبيلين وغيرذلك من دودة أو حصاة أو غيرذلك: ۱/۱۸۸، نمبر ۵۶۸۔ انیس)

إن الطهارة ترتفع بضدها وهي النجاسة والقائمة بالخارج لأن الضد هو المؤثر في رفع ضده، اهـ. (ردالمحتار: ۱/۱۲۴۔ انیس)

## منہ میں نسوار ہوتے ہوئے وضواور ذکر لسانی کا مسئلہ:

سوال: کیا نسوار سے وضوٹوٹتا ہے؟ اگر وضونہیں ٹوٹتا تو کیا نماز کے لیے پانی سے منہ صاف کرنا چاہیے؟ نیز جب منہ میں نسوار ہوتو ذکر کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا۔ (المستفتی: محمد حسین نیسوات قاری ایجنسی۔۹/۵/۱۹۸۸ء)

الجواب

چونکہ تمباکو نہ مسکر ہے اور نہ مفتر ہے، لہٰذا اس کا استعمال ناقض وضونہیں ہے۔(۱) اور چونکہ اس میں بدبو موجود ہے لہٰذا اس کے استعمال کے وقت ذکر لسانی سے پرہیز کرنا چاہیے۔(۲) وھوالموفق (فتاویٰ دیوبند پاکستان، المعروف بہ فتاویٰ فریدیہ جلد دوم:۵۱)

## نشہ آور دوائیوں کے استعمال کی صورت میں وضو کا حکم:

سوال: آج کل بعض دوائیاں ایسی ہیں جن میں نشہ ہوتا ہے، کیا ان کے استعمال سے وضومتاثر ہوگا یانہیں؟

الجواب

دوائی اگر چہ بذاتِ خود ناقضِ وضونہیں مگر جب اس کے نشہ کی وجہ سے انسان پر غشی طاری ہوجائے تو وضو باقی نہیں رہے گا ورنہ بغیر نشہ کے وضومتاثر نہ ہوگا۔

**"قال العلامة الحصكفيؒ: وينقضه إغماء ومنه الغشي وجنون وسكر بأن يدخل في مشيه تمايل ولو بأكل الحشيشة، وقال ابن عابدينؒ: (قوله سكراً) هو حالة تعرض للإنسان من امتلاء دماغه من الأبخرة المتصاعدة من الخمر ونحوه فيتعطل معه العقل المميز بين الأمور الحسنة والقبيحة.** (ردالمحتار، باب نواقض الوضوء: ج ۱ ص ۱۴۴)(۳) (فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۵۱۳)

## حقہ پینے سے وضونہیں ٹوٹتا:

سوال: حقہ پینے سے وضوٹوٹ جاتا ہے یانہیں؟

---

(۱) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: فإنه لم يثبت إسكاره ولا تفتيره ولا إضراره بل ثبت له منافع، الخ. (ردالمحتار على الدر المختار، كتاب الأشربة: ص ۴۵۹ جلد ۵)

(۲) قال الشيخ محمد بن عبدالله النقشبندي: و آداب الذكر... الثاني الغسل للذكر أو الوضوء وكان أبويزيد قدس سره يتوضأ ويغسل فمه بماء ورد كلما أراد الذكر. (البهجة السنية في آداب النقشبندية: ص ۵۰، آداب الذكر)

(۳) وفي الهندية: والغشي والسكر قال: وحد السكر في هذا الباب أن لا يعرف الرجل من المرأة وهو اختيار بعض المشائخ، والصحيح ما نقل عن شمس الأئمة الحلواني: أنه إذا دخل في بعض مشيه تحرك. (الفتاوى الهندية: ج ۱ ص ۱۲، الفصل الخامس في نواقض الوضوء)

الجواب

حقہ پینے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۴۳)

## حقہ یا سگریٹ پینے سے وضو کا حکم:

سوال حقہ وسگریٹ پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بدبو کی وجہ سے اگر کراہت ہو تو کلی کرنے سے یہ نقصان ختم ہوسکتا ہے یا نہیں؟ (سائل محمد نواز حال مقیم شادمان لاہور)

الجواب

وضو کرنے کے بعد جب تک کوئی نجاست وغیرہ خارج نہ ہو وضو نہیں ٹوٹتا۔ لہٰذا حقہ وسگریٹ پینے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ البتہ ان کا بلاضرورت پینا مکروہ ہے اور نماز سے پہلے منہ سے بدبو کو زائل کرنا ضروری ہے۔

**إن الطهارة ترتفع بضدها وهي النجاسة والقائمة بالخارج لأن الضد هو المؤثر في رفع ضده،اهـ.** (شامی: ج ۱ ص ۱۲۴) **فقط والله أعلم**

محمد انور عفا اللہ عنہ، مفتی خیر المدارس ملتان۔ (خیر الفتاویٰ: ۲/۴۷)

## گالی اور فحش گوئی سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: وضو کے بعد زبان سے گالی یا اور کوئی فحش کلمہ نکالنے سے وضو میں کیا نقص آتا ہے، کیا وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب

وضو کے بعد گالی دینے سے وضو تو نہیں ٹوٹتا، (۲) لیکن اس کا نور کم ہوجاتا ہے اس لئے دوبارہ کرلینا بہتر ہے۔

**قال في نور الإيضاح وشرحه: وندب الوضوء (إلى أن قال) وبعد كلام غيبة وكذب ونميمة وبعد كل خطيئة (منها الشتيمة وهي السب في الوجه. ظ) وإنشاد شعر قبيح لأن الوضوء يكفر الذنوب الصغائر وقهقهة خارج الصلوٰة لأنها حدث صورةً،آه.** (ص: ۲۹)

**قلت: والتعليل يفيد الندب ولو كان الرجل على وضوء لأجل تكفير هذه الذنوب وأيضاً فذكر ندبه بعد القهقهة يفيد ندبه ولو كان على وضوء حتماً فكذا قرائنها.** (۳) **والله أعلم**

۲۵/ رجب ۴۵ھ (امداد الاحکام جلد اول ص ۳۵۶ تا ۳۵۷)

(۱-۲) إن الطهارة ترتفع بضدها وهي النجاسة والقائمة بالخارج لأن الضد هو المؤثر في رفع ضده،اهـ. (ردالمحتار: ۱/۱۲۴: انیس)

(۳) گالی دینا ناقضِ وضو نہیں:

سوال: وضو کرنے کے بعد اگر کوئی شخص گالیاں وغیرہ دیدے تو پھر اس کے لیے وضو کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ یعنی اس کا سابقہ وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

گالیاں دینے کا گناہ ہوگا مگر یہ ناقضِ وضو نہیں۔ البتہ وضو کرلینا مستحب ہے۔ (والقسم الثالث: وضوء مندوب...... بعد كلام غيبة وكذب ونميمة بعد كل خطيئة وإنشاد شعر، الخ". (حاشية الطحطاوي علىٰ مراقي الفلاح: ج ۱ ص ۸۴، الوضوء على ثلاثة أقسام،قديمي،وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱/۹،مستحبات الوضوء،رشيديه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۸۹/۸/۱۴ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۶۸)

## غیبت کے بعد وضو کا حکم:

سوال: بہت سے لوگ یہ کہتے ہیں کہ غیبت کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور اسکے بعد وضو کرنا ضروری ہے، کیا ان لوگوں کی بات درست ہے؟ اگر درست ہے تو غیبت کی وجہ سے وضو واجب ہے یا سنت یا مستحب؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

وضو مستحب ہے۔

''ویستحب الوضوء بعد کلام غیبة''. (کما فی نور الإیضاح:۴۶/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی (حبیب الفتاویٰ:۴۲/۴)

## موسیقی سننے اور دیکھنے پر وضو:

سوال: کیا ریڈیو پر موسیقی سننے یا موسیقی کے آلات بجانے، یا ٹی وی وغیرہ دیکھنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

(سمیع الدین خاں، احمد نگر)

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

ان باتوں سے وضو تو نہیں ٹوٹتا، (۲) البتہ فقہاء نے لکھا ہے کہ گانا گائے تو تازہ وضو کر لینا مستحب ہے، کیونکہ زبان ایک گناہ سے آلودہ ہوتی ہے، لہٰذا موسیقی بجانے کے بعد وضو کرنا مستحب ہوگا، اور چونکہ موسیقی سننے یا دیکھنے میں بھی کان اور آنکھ گنہگار ہوتے ہیں اور وضو گناہوں کے لئے کفارہ ہوتا ہے، اس لئے ان صورتوں میں بھی وضو کر لینا مستحب ہے، واجب نہیں۔ (۳) (کتاب الفتاویٰ:۲/۴۴۔۴۵)

## کیا ٹی وی دیکھنا ناقض وضو ہے:

سوال: کیا ٹی وی دیکھنا ناقض وضو ہے؟ (نوید عزیز، نالندہ)

الجواب ــــــــــــــــــــــــ

جسم کے کسی حصہ سے کسی نجاست کا نکلنا، یا پیشاب و پاخانہ کے مقام سے کسی بھی چیز کا نکلنا ناقض وضو ہے، محض کسی خراب چیز کو دیکھنے کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا، جب تک کہ ایسی کوئی چیز جسم سے خارج نہ ہو، اس لئے ٹی وی، اور تصویریں خواہ فحش ہوں، کے دیکھنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ ہاں! وضو کے اندر گناہوں کے کفارہ ہونے کی صلاحیت ہے اس

(۲) إن الطهارة ترتفع بضدها وهي النجاسة والقائمة بالخارج لأن الضد هو المؤثر في رفع ضده، اهـ.(ردالمحتار: ۱/۱۴۴ : انیس)

(۳) والقسم الثالث: وضوء مندوب......بعد كلام غيبة وكذب ونميمة بعد كل خطيئة وإنشاد شعر، الخ". (حاشية الطحطاوي علىٰ مراقي الفلاح : ج ۱ ص ۸۴، الوضوء على ثلاثة أقسام انیس)

نیت سے وضو کر لینا مناسب ہوگا۔(۱)(کتاب الفتاویٰ:۴۶/۲)

## فلم بینی سے وضو متاثر نہیں ہوتا:

سوال: ٹی وی، وی سی آر اور فلم بینی وغیرہ سے وضو پر کیا اثر پڑتا ہے؟

الجواب

ٹی وی، وی سی آر یا فلم وغیرہ دیکھنا امورِ فسقیہ ہیں، اس عمل سے انسان گناہ کا مرتکب ہو جاتا ہے لیکن اس سے وضو پر کوئی اثر نہیں پڑتا، البتہ مستحب یہ ہے کہ گناہ کے ان کاموں کے ارتکاب کے بعد وضو کر لیا جائے۔

**"لما قال حسن بن عمار الشرنبلالیؒ: ومندوب للنوم علیٰ طهارة وإذا استيقظ منه...... وبعد غيبة وكذب ونميمة وكل خطيئة، الخ.** (نور الایضاح: ص ۳۴ فصل الوضوء علیٰ ثلاثة أقسام)(۲)

(فتاویٰ حقانیہ جلد دوم صفحہ ۵۱۴)

## کیا جمعہ کی نماز کے بعد جنازہ کی نماز پڑھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے:

سوال: ہمارے یہاں ایک امام صاحب فرماتے ہیں کہ جمعہ کی فرض نماز کے بعد جنازہ کی نماز پڑھانے سے وضو ٹوٹ جائے گا اور قصداً نماز پڑھائے گا تو کافر ہو جائے گا، کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب وباللّٰہ التوفیق

آپ کے امام سخت قسم کے جاہل ہیں جو نماز جمعہ کے بعد نماز جنازہ پڑھانے کو کفر کہتے ہیں، اگر جنازہ آیا ہو تو نماز جمعہ کے بعد نماز جنازہ پڑھنا، پڑھانا فرض ہے، اس سے نہ وضو ٹوٹے گا(۳) نہ کوئی کافر ہوگا، اپنے جاہل امام سے توبہ کرائیے اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس کو امامت سے علیحدہ کر دیجئے، مسلمانوں کو کافر بنانے والا مسلمانوں کا امام نہیں ہو سکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

محمد عثمان غنی، ۵/۹/۱۳۷۳ھ (فتاویٰ امارت شرعیہ: ۶۶/۲-۶۷)

---

(۱) ومندوب للنوم علیٰ طهارة وإذا استيقظ منه...... وبعد غيبة وكذب ونميمة وكل خطيئة، الخ. (نور الايضاح: ص ۳۴، فصل الوضوء علیٰ ثلاثة أقسام) قال قاضی خانؒ: ومندوب...... ومنها الوضوء بعد الغيبة وبعد إنشاد الشعر. (فتاویٰ قاضی خان علیٰ هامش الهندية: ج ۱ ص ۳۲ باب الوضوء والغسل فيه سبعة فصول، ومثله فی الهندية: ج ۱ ص ۹، الفصل الثالث فی المستحبات. انیس)

(۲) (قال قاضی خانؒ: ومندوب...... ومنها الوضوء بعد الغيبة وبعد إنشاد الشعر. (فتاویٰ قاضی خان علیٰ هامش الهندية: ج ۱ ص ۳۲ باب الوضوء والغسل فيه سبعة فصول، ومثله فی الهندية: ج ۱ ص ۹، الفصل الثالث فی المستحبات)

(۳) إن الطهارة ترتفع بضدها وهی النجاسة... اهـ. (ردالمحتار: ۱۲۴/۱: انیس)

## بعد وضو، پانی سے استنجا پاک کرنے سے، وضو کا لوٹا لینا اچھا ہے:

سوال: بعد وضو اگر یاد آوے کہ چھوٹا یا بڑا استنجاء پاک کرنا ہے تو پاک کرنے کے بعد وضو سابقہ باقی رہ سکتا ہے یا جدید وضو کی ضرورت ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ

بہتر یہ ہے کہ پھر وضو کرے تا کہ اختلاف سے نکل جاوے۔(١) فقط (فتاویٰ دار العلوم:١/١٤٢)

## بچہ کا پاخانہ صاف کرنا ناقض وضو نہیں:

سوال: ایک عورت وضو کر کے نماز کے لیے کھڑی ہونے والی تھی کہ اس کے بچہ نے پاخانہ کر دیا اس کو صاف کرنے کے بعد اس نے چاہا کہ نماز پڑھ لوں مگر ایک مولوی جی نے کہا کہ تمہارا وضو ختم ہو گیا ہے، تو کیا اس صورت میں وضو ختم ہو گیا یا باقی ہے؟

الجواب ــــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

بچہ کا پاخانہ صاف کرنا ناقض وضو نہیں ہے(٢) اسی وضو سے بلا تکلف نماز درست ہے۔(٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفر لہ دار العلوم دیوبند (فتاویٰ محمودیہ:٥/٧٤)

## اثنائے وضو میں اعضا کا خشک کرتے جانا کیسا ہے:

سوال (١) جو شخص بلا عذر یا بعذر مرض فالج اپنے ہر ایک عضو کو مکمل طور پر دھو کر قبل اختتام وضوُ دھلے ہوئے اعضا کو کسی کپڑے سے پونچھ لیتا ہے اور قبل اختتام وضو اس کے بعض اعضا خشک ہو جاتے ہیں آیا ایسے شخص کا وضو کامل متصور ہو گا یا ناقص اور ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں، ایسے وضو سے نماز ہو گی یا نہیں؟

## اعضائے وضو کا کوئی حصہ خشک رہ جائے تو وضو ہوا یا نہیں:

(٢) دوران وضو میں اگر کوئی حصہ کسی عضو کا خشک رہ جاوے اور اس پر پانی نہ پہنچے تو وضو یہ درست ہے یا نہیں

---

(١) لاینقضه مس ذكر لكن يغسل يده ندباً وامرأة وأمرد لكن يندب للخروج من الخلاف لاسيما للإمام. (الدر المختار علیٰ هامش رد المحتار نواقض الوضوء مطلب فی ندب مراعاة الخلاف:١/١٣٦،ظفیر)

(٢) إن الطهارة ترتفع بضدها وهی النجاسة والقائمة بالخارج لأن الضد هو المؤثر فی رفع ضده اهـ.(رد المحتار : ١/١٢٤) اپنے ہاتھ سے کسی نجس چیز پاخانہ، پیشاب، خنزیر، شراب یا کتا، بلی کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، البتہ نجاست اگر لگ جائے تو ہاتھ دھو لینا واجب ہے۔(طہارت کے احکام و مسائل:١٣٤۔انیس)

(٣) گندگی کا اٹھا کر گرانا وغیرہ ناقض وضو نہیں ہے بلکہ خروج ناقض وضو ہے۔

اور اگر دھلنے اور تر ہوجانے کے بعد خود بخود خشک ہوجائے تو کیا اس پر دوبارہ پانی پہونچانا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب

۱-عذر کی وجہ سے ایسا کرنا جائز بلا کراہت ہے اور وضو اس کا کامل ہے اور نماز اس سے درست ہے اور بلا عذر ایسا کرنا البتہ خلاف سنت ہے نماز پھر بھی اس وضو سے صحیح ہے۔ **کذا فی الدر المختار**.(۱)

۲-اس صورت میں وضو درست نہیں ہے، ضروری ہے کہ جس حصہ عضو پر پانی نہیں پہنچا اور وہ خشک رہ گیا اس پر پانی بہاوے پھر وضو صحیح ہوجاوے گا۔(۲) اور اگر کوئی عضو یا حصہ دُھلنے اور تر ہونے کے بعد خشک ہوگیا تو اس سے وضو میں کچھ خلل نہیں آیا وضو صحیح ہے۔(۳) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۴۷)

## فضلات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور نواقض وضو:

سوال: زید کہتا ہے کہ فضلات (یعنی بول وبراز وریم وخون) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طاہر تھے۔ آپ کے حق میں ناقض وضو وغسل کچھ نہ تھے، آپؐ کا وضو وغسل **تعلیماً للأمة** تھا۔ عمر اس کے مخالف ہے؟

الجواب

شامی میں منقول ہے: **صحح بعض أئمة الشافعية طهارة بوله صلى الله عليه وسلم وسائر فضلاته وبه قال أبوحنيفةؒ كما نقله فى مواهب اللدنية عن شرح البخارى للعينىؒ الخ.**(۴) **وأيضاً فيه من نواقض الوضوء: عن القهستانى لانقض من الأنبياء عليهم الصلوة والسلام ومقتضاه التعميم فى كل النواقض لكن نقل عن شرح الشفاء لملا على القارىؒ: الإجماع على أنه صلى الله عليه وسلم فى نواقض الوضوء كالأمة إلا ما صح من استثناء النوم.**(۵)

---

(۱) والولاء غسل المتاخر أو مسحه قبل جفاف الأول بلا عذر حتى لوفنى مائه فمضى بطلبه لابأس به. (الدر المختار علىٰ هامش ردالمحتار سنن الوضوء:۱/۱۱۴، ظفیر)

(۲) وإن بقى من موضع الوضوء قدر رأس إبرة أو لزق بأصل ظفره طين يابس أو ربط لم يجز. (عالمگيری مصری:۱/۴، ظفیر)

(۳) ومنها الموالاة وهى التتابع وحده أن لايجف الماء على العضو قبل أن يغسل مابعده فى زمان معتدل ولااعتبار بشدة الحر والرياح ولاشدة البرد ويعتبر أيضاً استواء حالة المتوضى كذافى الجوهرة النيرة. (عالمگيری فصل ثانى سنن الوضوء:۱/۸، ظفیر)

(۴) ردالمحتار باب الأنجاس مطلب فى طهارة بوله صلى الله عليه وسلم:۱/۲۹۳۔ ظفیر

(۵) ردالمحتار، نواقض الوضوء، مطلب: نوم الأنبياء غير ناقض:۱/۱۳۳۔ ظفیر

ان روایات سے معلوم ہوا کہ راجح قول بول وبراز ودیگر فضلات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں طہارت کا ہے اور نواقض وضو وموجبات غسل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مثل تمام امت کے ہیں اور اس پر اجماع ہے مگر نوم میں کہ نوم سے آپ کا وضو نہ ٹوٹتا تھا اور یہ جملہ انبیاء علیہم السلام کے لئے ہے کہ نوم انبیاء کرام علیہم السلام ناقض وضو نہیں ہے۔ **كذا في الدر المختار**.(۱) فقط (فتاویٰ دار العلوم:۱/۱۴۵)

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت اور آپ کے حق میں ان کے ناقض وضو ہونے کی تحقیق:

سوال: بعد ہدیہ سنیہ وتحفۂ بہیہ مرضیہ آنکہ واعظے در اثناء وعظ گفتہ کہ فضلات یعنی بول وبراز وریم وخون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طیب وطاہر بودند، وشفاء ودوا بودند، درحق شاں ناقض وضو وغسل ہم نبودند، آنچہ وضو وغسل آزاں حضرت منقول است آں تعلیماً لامتہ فرمودہ بودند، ایں مسئلہ گرفتہ مابین جہال بلکہ بعض خواص بسیار قیل وقال می شود، رائے اکثر بلکہ کل برایں ست کہ آنچہ حضرت فیض درجت تحریر فرمایند عمل واعتقاد کردہ شود لہذا حضور موفور السرور را تصدیعہ دادہ می شود کہ ایں مسئلہ را از کتب صحاح وتفسیر وفقہ حنفیہ مفصل ومدلل ارقام فرمودہ تسلی فرمایند ونیز تفصیل فرمایند کہ طہارت شان لذاتہ ولغیرہ عام بود یا خاص وباز طہارت شان موقوف بوقت خاص شدہ یا علی الاطلاق؟

**والأجر على الله الأكبر.**

الجواب

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات تو طاہر ہیں، جمہور علما اس طرف گئے ہیں لیکن یہ کہ ان کا خروج آپ کے بارے میں ناقض وضو نہ تھا یا موجب غسل نہ تھا غلط ہے،(۲) حدیث صحیح میں جس کو بخاریؒ ومسلمؒ نے روایت کیا ہے وارد ہے کہ!

**أن النبي صلى الله عليه و سلم خرج وقد أقيمت الصلوة وعدلت الصفوف حتى إذا قام في مصلاه انتظرنا أن يكبر انصرف وفي رواية أبي داؤدؒ: ودخل في صلوة الفجر فكبر، قال: على مكانكم فمكثنا على هيئتنا حتى خرج إلينا ينطف رأسه ماءً وقد اغتسل آه زاد الدارقطنيؒ فقال: إني كنت جنباً فنسيت أن اغتسل.** (فتح الباری:۲/۱۰۲)

اگر آپ نے نماز شروع کر دی تھی اور پھر غسل کے لئے قطع کی تو ظاہر ہے کہ جنابت آپ کے لئے موجب غسل تھی جب ہی تو نماز کو قطع کرنا جائز ہوا، ورنہ ایک امر مندوب کے لئے نماز قطع نہیں ہو سکتی اور اگر نماز شروع بھی نہ کی ہو تب بھی مقتدیوں کو اتنی دیر تک انتظار میں کھڑا رکھنا بدون کسی ضرورت شدیدہ کے نہیں ہو سکتا، معلوم ہوا کہ جنابت سے

(۱) والعته لاينقض كنوم الأنبياء عليهم الصلوة والسلام. (الدر المختار على هامش رد المحتار، نواقض الوضوء مطلب نوم الأنبياء غير ناقض:۱/۱۳۳، ظفیر)

(۲) اَوْجَاءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ اَوْلٰمَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا. (سورۃ المائدۃ:۶)

اس آیت میں اشارہ ہے کہ پیشاب و پاخانہ کے راستے سے جو کچھ نکلے اس سے وضو ٹوٹ جائے گا اور پانی نہ ہونے کی صورت میں تیمم کرنا ہے، اور اس میں کسی کی تخصیص نہیں ہے۔ انیس

آپ کے ذمہ بھی غسل واجب ہوتا تھا۔

اور حضرت علیؓ سے مروی ہے: **كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقرئنا القرآن على كل حال مالم يكن جنباً**. (صححه ابن حبانؒ والترمذیؒ كذافی بلوغ المرام: ص ۱۸ ج ۱)

اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی ان احکام کے پابند تھے، ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب فرمارہے تھے، ایک شخص نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً جواب نہیں دیا بلکہ استبراء کے بعد دیوار پر ہاتھ مار کر تیمّم کے بعد جواب دیا اور فرمایا: ''**كرهت أن أذكر اللّٰه إلاعلى طهارة**''. (رواه أبو داؤد، ص ۱، ج: ۱)

اس سے معلوم ہوا کہ پیشاب کر کے آپ کا وضو اور طہارت بھی زائل ہوجاتا تھا۔

اور علما نے احکام کے متعلق قاعدہ مقرر فرمایا ہے: **لا يثبت الخصوصية إلابدليل**.

اس لئے احکام نواقض وضو وموجبات غسل وغیرہ میں جملہ ائمہ اربعہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال سے استدلال کیا ہے اور کسی کو حق نہیں ہے کہ محض فضلات کے طاہر ہونے سے ان امور کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں غیر ناقض وضو یا غیر موجب غسل کہے، ہذا واللہ اعلم

۵ ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ۔ (امدادالاحکام جلد اول ص ۳۵۰ و ۳۵۱)

## اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔ (المستفتی: حضرت شیر، محطة الملاح خمیس مشط سعودی عرب۔ ۶/۷/۱۹۸۶ء)

الجواب

یہ ناقض وضو نہیں ہے۔ **إلاأن الوضوء أفضل خروجاً من اختلاف العلماء**. (۱) **وهو الموفق**

(فتاویٰ دیوبند پاکستان المعروف بہ فتاویٰ فریدیہ جلد دوم: ۴۳)

---

(۱) قال العلامة محمد فريد: ذهب أحمدبن حنبل إلى وجوب الوضوء من لحم الإبل مطبوخاً كان أونيا وله فيما سوى اللحم من الكبد و الطحال والكرش وغيره قولان، وقال: أى أحمد فى الوضوء من لحوم الإبل حديثان صحيحان عن النبى صلى اللّٰه عليه وسلم حديث البراء وحديث جابربن سمرة كذا فى المغنى، وقال الشاه ولى اللّٰه: السرفى إيجاب الوضوء منها أنهاكانت محرمة فى التوراة فلما أباحها اللّٰه لنا شرع الوضوء لنا شكراً لما أنعم علينا وعلاجاً لما عسىٰ أن يختلج فى بعض الصدور من إباحتها بعد ماحرمها الأنبياء وذهب الجمهور إلى عدم وجوب الوضوء من لحم الإبل لحديث: الوضوء مماخرج وليس ممادخل، رواه الطبرانى فى الكبير، ولأن لحم الإبل من الطيبات فلا يتوضأمنه ألا ترى أن أبياً و أباطلحة أنكرا على أنس بن مالك رضى اللّٰه عنهم حين أراد الوضوء من الخبز واللحم وقالا تتوضأ من الطيبات لم يتوضأ منه من هو خير منك، رواه أحمد، والجواب عن حديث ''توضؤوا منها'' أن جمهور الصحابة والتابعين أعرضوا عن الأخذ بظاهره فهى قرينة قوية على أن المراد منه الوضوء اللغوى أى غسل اليد والفم وثبت الوضوء اللغوى فى عرف الشرع ولسان الحديث كما فى حديث عكراش رواه الترمذى بسندضعيف...

==

## قہقہہ کی کتنی مقدار ناقض وضو ہے:

سوال: قہقہہ جو ناقض وضو ہے اس کا مفہوم کیا ہے؟ یعنی آواز اسکی کتنی بلند ہو کہ اس پر قہقہہ کا اطلاق کیا جائے گا؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

قہقہہ کا اطلاق اس آواز پر ہوگا جس کو وہ خود اور اس کے پڑوسی بھی سن لیں۔

''**وهی ما یکون مسموعاً له ولجیرانه سواء**''. (کمافی مجمع الأنهر:۱/۲۰)فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی (حبیب الفتاویٰ:۴/۴۴)

## قہقہہ سے وضوٹوٹ جاتا ہے:

سوال: رکوع سجدہ والی نماز میں بالغ مرد کے قہقہہ لگانے سے وضوٹوٹ جاتا ہے، حالانکہ نماز میں ہنسی کا واقعہ عملاً شاید ہی کبھی ظہور پذیر ہوتا ہے میرے علم میں تو ایسا واقعہ پیش نہیں آیا ہے پھر یہ کہ اس صورت میں کسی چیز کا جسم سے اخراج بھی نہیں ہوتا ہے کہ وضوٹوٹ جائے اس طرح یہ ایک غیر عقلی بات ہے اس لیے لامحالہ اس کے لیے کوئی نص ہونی چاہیے جب ہی یہ عمل لائق اتباع ہوسکتا ہے؟

الجواب ـــــــــــــــ حامداً و مصلیاً

اس مسئلہ سے متعلق متعدد صحابہؓ نے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث نقل کی ہیں، امام زیلعیؒ نے نصب الرایہ:۱/۴۷ سے صفحہ:۵۰، تک ان کو سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔(۱) مراسیل ان کے علاوہ ہیں جو صفحہ:۵۴ تک ہیں، جن صحابہ کرامؓ نے مرفوعاً احادیث نقل کی ہیں، ان کے اسما یہ ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت انس بن مالکؓ، حضرت جابر بن عبداللہؓ، حضرت عمران بن حصینؓ، حضرت ابوالملیحؒ۔

== وكما فی حديث أبی أمامة "إذا كان أحدكم على وضوء فأكل طعاما فلا يتوضأ إلا أن يكون لبن الإبل إذا شربتموه فتمضمضوا بالماء" رواه فی كنز العمال وكمافی حديث معاذ بن جبل قال: نسمی غسل الفم واليد وضوءً وليس بواجب وكما فی حديث عبدالله بن مسعود أنه غسل يديه من طعام ثم مسح وجهه وقال هذا وضوء من لم يحدث، أخرجها الزيلعی فی نصب الراية، والحكمة فيه أن له دسماً وزهومةً ولوسلم أن المراد منه المعنى الشرعی فيكون منسوخاً لعموم قوله عليه الصلوٰة والسلام كان آخر الأمرين ترك الوضوء مما غيرت النار إياها وكذا لشمول الطيبات إياها. (منهاج السنن شرح جامع السنن ص۱۹۸. ۱۹۹ جلد ۱، باب الوضوء من لحوم الإبل)

(۱) ومن جملة ماروا ه "روى أن أعمى تردى فی بئر...والنبی صلى الله عليه وسلم يصلی بأصحابه فضحك بعض من كان يصلی معه عليه الصلوٰة والسلام فأمر النبی صلى الله عليه وسلم من كان ضحك منهم أن يعيد الوضوء ويعيد الصلوٰة". (نصب الراية، فصل فی نواقض الوضوء: ۱/۹۵. ۹۲، مكتبه حقانيه، پشاور، وكذافی بدائع الصنائع: ۱/۲۵۵، فصل وأما بيان ماينقض الوضوء الخ، دار الكتاب العلميه، بيروت)

نیز اس مسئلہ پر مستقل رسالہ ہے جس کا نام: "السهسهة فی نقض الوضوء بالقهقهة". (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند ۵/۱۱/۹۵ھ (فتاویٰ محمودیہ: ۵/۳ ۷۳-۷۴)

## قہقہہ سے نماز جنازہ ٹوٹنے اور وضو نہ ٹوٹنے کی کیا وجہ ہے:

سوال: اگر باوضو شخص خارج نماز قہقہہ مار کر ہنسے تو وضو نہیں ٹوٹتا؛ اور اگر نماز میں قہقہہ مار کر ہنسے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، اور نماز جنازہ میں قہقہہ مار کر ہنسنے سے نماز ٹوٹتی ہے، وضو نہیں ٹوٹتا۔

اس کی کیا وجہ ہے اور اس میں کیا حکمت ہے؟

الجواب

قیاس عقلی یہ ہے کہ قہقہہ سے وضو بالکل نہ ٹوٹے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوگیا کہ آپ نے ایک شخص کو قہقہہ کرنے کی وجہ سے اعادۂ وضو ونماز کا حکم فرمایا ہے۔ (۲) اس لیے اس حکم کا ماننا مسلمان پر ضروری ہوگیا، اگرچہ اس کے ناقص فہم میں اس کی حکمت نہ آوے، لیکن چونکہ یہ حکم قیاس ظاہری کے خلاف ہے، اس لیے جس موقع پر وارد ہوا ہے اسی پر رکھا جائے گا، دوسرے مواقع پر نقض وضو کا حکم نہ کیا جائے گا اگرچہ ان میں قہقہہ کرنا بہ نسبت اس کے زیادہ قبیح ہو۔ مثلاً نماز جنازہ میں قہقہہ کرنا، یہی قاعدہ ہے اصول کا کہ جو حکم قیاسی نہیں ہوتا۔ (۳) اس کو اپنے موقع سے متجاوز نہیں کرتے۔ فقط (فتاویٰ دار العلوم: ۱/۱۴۸)

---

(۱) مجموعة رسائل للكنوى: ۳/ ۵، السهسهة فی نقض الوضوء بالقهقهة، إدارة القرآن، کراچی.

(۲) حدیث میں ہے: عن أبی العالية، و أنس بن مالک رضی اللہ عنہ: أن أعمی تردی فی بئر فضحک ناس خلف رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم فأمر رسول اللّٰه صلی الله عليه وسلم من ضحک أن يعيد الوضوء و الصلاة. (الدارقطنی، باب أحاديث القهقهة فی الصلاة وعللها، ج اول، ص ۱۷۰، نمبر ۵۹۳/ سنن البيهقی، باب ترک الوضوء من القهقهة فی الصلوة، ج اول، ص ۲۲۶، نمبر ۶۷۹) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ زور سے ہنسنے سے نماز تو ٹوٹے گی ہی لیکن وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔ انیس

(۳) المعانی الناقضة للوضوء الخ القهقهة فی صلوٰة ذات رکوع وسجود والقياس أنها لاتنقض الخ وبمثله يترک القياس والأثر ورد فی صلوٰة مطلقة فيقتصر عليها. (الهداية فصل فی نواقض الوضوء: ۱/ ۳۶) فلا يتعدى إلى صلوٰة الجنازة وسجدة التلاوة وصلوٰة الصبی (حاشية على الهداية: ۱/ ۳۶) ہدایہ بھی ہندوستان کے مختلف مطابع نے چھاپی ہیں خاکسار نے صفحات کا حوالہ مطبوعہ یوسفی سے لیا ہے۔ ظفیر)